لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | پیر 5 اکتوبر 2026ء 1448ھ 22 ربیع الثانی 21 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 251
www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ٥ (سورۃ البقرہ)



وزیراعظم کی نواز شریف سے ملاقات، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات پر بات چیت

ملاقات میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود تھیں، وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی سربراہ کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا

وزیراعظم میاں شہباز شریف نے وزیرداخلہ سے ہونے والی ملاقات اور پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو بھی کی، نواز شریف سے ملاقات ختم ہونے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف جاتی امرا سے واپس روانہ ہوئے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے جاتی امراء رائے ونڈ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے ملاقات کرکے ملکی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود تھیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے پارٹی سربراہ کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ملک میں امن و امان اور معیشت سمیت مجموعی صورتحال پر بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی سے ان کے ماموں کے انتقال پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کرتے ہوئے

وزیر پیٹرولیم

وزیراعظم نے اگلے ہفتے سعودی عرب جانے کی ذمہ داری سونپی ہے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، سیاست و جگت بازی کسی اور وقت بھی کر سکتے ہیں' علی پرویز ملک

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اگلے ہفتے سعودی عرب جانے کی ذمہ داری سونپی ہے، آج ملک اور خطے پر آزمائش کی گھڑی گزر رہی ہے، خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سے اپیل کرتا ہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا آغاز، 5 روڈ منصوبے نجی شعبے کے سپرد

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر منتقل ہونے والے روڈ پراجیکٹس کا ڈیجیٹل افتتاح کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے نئے باب کا آغاز ہوگیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت روڈز کے 5 پراجیکٹس کا آغاز کر دیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر منتقل ہونے والے روڈ پراجیکٹس کا ڈیجیٹل افتتاح کردیا- پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت پنجاب کی پانچ سڑکوں کا انتظام و انصرام نجی شعبے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، وفاقی وزیر داخلہ

مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار سہیل آفریدی

ایک اور 9 مئی نہیں ہونے دینگے

وزیر داخلہ

اپوزیشن کمیٹی کے ساتھ اچھا معاہدہ تیار ہوا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے سبوتاژ کر دیا 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیراعظم کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جا رہا ہے

صدر، روزیراعظم جو بھی فیصلہ کرینگے ملکی مفاد میں ہوگا، حکومت عملدرآمد کریگی، بتا دیا تھا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہوجائینگے، اقتدار بھی انجوائے کریں اور دھونس و دھمکی بھی دیں یہ ممکن نہیں، پریس کانفرنس

ہم نے کہا تھا دہشتگردی کے خلاف متحد ہوجائیں، دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کرتے ہیں، ہم نے لانگ مارچ ملتوی کرنیکی درخواست نہیں کی، پیپلز پارٹی کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ ملتوی ہو۔ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ خیبر پختونخواہ حکومت مذاکرات کو ویٹو کردے گی تو ہم مذاکرات ہی نہ کرتے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی نے خلوص نیت سے مذاکرات کیے، ایک بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا مگر وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کر دیئے، اپوزیشن مذاکراتی کمیٹی کے ارکان کا شکر گزار ہوں، بہت اچھا معاہدہ تیار ہوا تھا، صدر مملکت کو دکھانے کے لیے بھی گیا، وزیراعظم کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا، ایک دو چیزوں پر اختلاف تھا لیکن 99 فیصد چیزوں پر اتفاق ہو چکا تھا، جب میں صدر سے ملاقات کے بعد واپس آیا تو ڈرافٹ میں بہت ساری تبدیلیاں بتائی گئیں، 4 بار ڈرافٹ تیار ہوا اور 4 بار ڈرافٹ تبدیل ہوا، صدر اور وزیراعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اہم خبریں

تحریک انصاف کا لکی مروت سے صوابی تک لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا اعلان، اسلام آباد کا پلان نہیں دیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے لکی مروت سے صوابی تک لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا اعلان کر دیا، فی الحال اسلام آباد جانے کا کوئی پلان نہیں دیا گیا- خیبر پختونخوا کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

آئی ایم ایف مذاکرات میں پیشرفت، حکومت نے وفد کیساتھ ڈسکوز کی نجکاری کا پلان اور ٹائم لائن شیئر کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے، حکومت نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا پلان اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت روڈز پراجیکٹس کا ڈیجیٹل افتتاح کر رہی ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، سرغنہ سمیت 8 دہشتگرد ہلاک

صدر و وزیراعظم کا فورسز کو خراج تحسین

ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی، آپریشن کے دوران ہلاک ہونے والوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں، سکیورٹی ذرائع

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم ہے، وزیراعظم

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کی عزم استحکام وژن کے تحت مؤثر کارروائیاں جاری ہیں، ڈیرہ اسماعیل خان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کر سکیں گے، مصطفیٰ کمال

عوام تک بنیادی سہولیات کی رسائی گڈ گورننس ہے اور گڈ گورننس میں مضبوط بلدیاتی نظام کا اہم کردار ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ چھوٹے یونٹس سے لوگ اپنی مرضی سے انتظامی سربراہ منتخب کر سکیں گے۔ ایک بیان میں وفاقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

AMIC REPUBLIC OF PA

لاہور: وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کرتے ہوئے

وزیراعظم کا فتنۃ الخوارج کے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر فورسز کو خراج تحسین، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے' شہباز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی بر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

ریاست میں قانون کی بالادستی ضروری ہے اور جرائم میں ملوث افراد کو قانون کا سامنا کرنا ہوگا، احسن اقبال

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر چڑھائی کرنے والے کس کا ایجنڈا پورا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال تلونڈی بھنڈراں میں نادرا آفس کا افتتاح کرتے ہوئے

بلااشتعال بھارتی فائرنگ، شہید پاکستانی شہریوں کی نمازِ جنازہ ادا، لدھڑ میں سپرد خاک

سرحدی علاقوں کے شہریوں نے بھی بھارتی فورسز کے گھنانے اقدام کو شرمناک عمل قرار دیا

لدھڑ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک بھارت سرحد پر بلااشتعال بھارتی فائرنگ سے شہید دونوں پاکستانی شہریوں کی نمازِ جنازہ ادا کی گئی، بلااشتعال بھارتی فائرنگ سے شہید شہریوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کو گاڑیوں کی محض اسمبلنگ سے نکال کر عالمی آٹو موٹو مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانا ہوگا: ہارون اختر خان

الیکٹرک گاڑیوں کی منتقلی کو ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور برآمدات کے فروغ کا ذریعہ بنانا ہوگا: وزیراعظم کے مشیر

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے پاکستان کی آٹو موٹو صنعت میں بنیادی اور دوررس تبدیلی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اب محض گاڑیوں کی اسمبلنگ تک محدود نہیں رہ سکتا بلکہ عالمی منڈی میں مسابقت کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

کاروباری برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی اور اہم سٹیک ہولڈر ہے

عطا اللہ تارڑ

حکومت کاروباری برادری کو اپنا شراکت دار سمجھتی ہے، معاشی ترقی کے سفر میں ساتھ لے کر چلےگی' کاروباری برادری کو پرسکون، مستحکم اور سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، برآمدات اور روزگار کے فروغ کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مضبوط رابطہ ضروری ہے: وفاقی وزیر عطا تارڑ کی صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر کی رہائشگاہ آمد، صدر بننے پر مبارکباد، معاشی معاملات پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کر کے لاہور چیمبر کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

ماسکو فارمیٹ کے تحت افغانستان سے متعلق آٹھواں مشاورتی اجلاس 5 اکتوبر کو ماسکو میں ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ماسکو فارمیٹ کے تحت افغانستان سے متعلق آٹھواں مشاورتی اجلاس 5 اکتوبر کو ماسکو میں ہوگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کس کے دور میں آئی؟ خواجہ آصف کا سہیل آفریدی کو مناظرے کا چیلنج

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو ٹی وی پر مناظرے کا چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی خیبر پختونخوا میں عمران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

معیاری تعلیم کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، صدر، وزیراعظم

نظام تعلیم کو قابلیت شناس، معیاری اور عالمی تقاضوں کے مطابق بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع میں اضافے کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور معاون تدریسی ماحول میں مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھنا ہوگی، استاد اور طالب علم کے درمیان بنیادی تعلق کو برقرار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

لانگ مارچ کو اسلام آباد میں داخل نہیں ہونے دیا جائیگا

رانا ثناء اللہ

مذاکرات کا بنیادی محور خیبر پختونخوا میں امن و امان اور دہشت گردی کی صورت حال تھا، مشیر وزیر اعظم برائے سیاسی امور

حکومت کا مطالبہ تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف مؤثر کردار ادا کرے، تاہم اپوزیشن اس معاملے پر تعاون پر آمادہ نہیں ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کو اسلام آباد کی حدود میں داخل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

معیاری تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع میں اضافے کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے، صدر آصف زرداری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع میں اضافے کے لیے شعبہ تدریس کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ عصر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر صومالیہ میں جاں بحق اور زخمی پاکستانیوں کی وطن واپسی کے اقدامات

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر صومالیہ میں جاں بحق اور زخمی پاکستانیوں کو بحفاظت وطن واپسی کے لیے فوری اقدامات کیے گئے، چار زخمی پاکستانی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

گورنر راج یا ایمرجنسی سے پہلے سیاسی جماعتوں کو راستہ تلاش کرنا چاہیے

بلاول بھٹو

پورے ملک میں پانی کی قلت کا مسئلہ موجود ہے، تاہم سندھ بالخصوص کراچی اس قلت سے زیادہ متاثر ہے، سندھ اور کراچی کو ان کے حق کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جا رہا

صوبے کو جتنا پانی ملنا چاہیے، اتنا نہیں مل رہا، کراچی کو بھی واٹر ایکارڈ کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جاتا، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ گورنر راج یا ایمرجنسی سے پہلے سیاسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

پاکستان کو آگے بڑھانے کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے' رانا تنویر حسین

ملک کی ترقی کسی ایک صوبے حکومت یا سیاسی جماعت کی نہیں سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے' وفاقی وزیر

نارنگ منڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کو آگے بڑھانا ہے تو پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، پاکستان کی ترقی کسی ایک صوبے حکومت یا سیاسی جماعت کی نہیں بلکہ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ رانا تنویر حسین نے نارنگ منڈی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میاں امجد علی کے بڑے بھائی میاں اسلم مرحوم اور لیگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھنا چاہیے، جے یو آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

خیبر پختونخوا حکومت دہشتگردی کیخلاف تعاون کا یقین دلانے میں ناکام رہی، طلال چوہدری

کے پی حکومت دہشتگردی کیخلاف اقدامات کیلئے تیار نہیں، کے پی حکومت نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہیں کرنا چاہتی، وزیر مملکت

پی ٹی آئی کی ٹیم بھی کے پی کی قیادت سے مایوس ہوئی، آئین میں بہت آپشن موجود ہیں، جو ہوگا آئین کے مطابق ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ کے پی حکومت دہشتگردی کیخلاف اقدامات کیلئے تیار نہیں، حکومت نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہیں کرنا چاہتی- اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشتگردی کیخلاف تعاون، کے پی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

محمود اچکزئی اور سہیل آفریدی مذاکرات کی ناکامی کا سبب بنے، اندرونی کہانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی ناکامی کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی، لانگ مارچ ملتوی نہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیر ریلوے حنیف عباسی کا ریلوے اسٹیشن کا اچانک دورہ

پلیٹ فارم نمبر 2 اور 4 کی توسیع کے کام کا معائنہ کیا، غیر معیاری بینچز پر برہمی کا اظہار

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے لاہور ریلوے اسٹیشن کا اچانک دورہ کر کے پلیٹ فارم نمبر 2 اور 4 کی توسیع کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وزیر ریلوے نے پلیٹ فارم نمبر 4 پر غیر معیاری بینچز پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تمام غیر معیاری بینچز فوری ہٹا کر معیاری نئے بینچز نصب کرنے کے احکامات جاری کئے۔ حنیف عباسی نے مسافر سہولیات کی براہ راست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

سکھر حیدرآباد موٹروے کی تعمیر کا آغاز آئندہ ماہ ہو جائے گا، علیم خان

اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ ایم 6- جیسے تاریخی منصوبے کو عملی شکل دینے کا موقع مل رہا ہے

وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی کابینہ کے معزز اراکین کو بھی اس تقریب میں شرکت کی دعوت دی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ سکھر حیدرآباد موٹروے کی تعمیر کا آغاز آئندہ ماہ ہو جائے گا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں آئندہ ماہ سے سکھر حیدرآباد موٹروے ایم 6- کی تعمیر کے آغاز کی خوشخبری سنا دی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ 30 برسوں سے زیرالتوا موٹروے کی تعمیر شروع ہونے جا رہی ہے، اللہ تعالیٰ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

ایف آئی اے اسلام آباد زون کی سوشل میڈیا پر جعلی پیجز کے خلاف قانونی کارروائی کی تنبیہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) اسلام آباد زون نے خبردار کیا ہے کہ عوام کو گمراہ کرنے کے لیے ایجنسی کے نام، شناخت یا لوگو کا استعمال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ تحسین ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (عباس ملک سے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈی آئی خان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خارجی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہیں۔ اتوار کو قومی اسمبلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

لانگ مارچ کا جواب ایمرجنسی یا گورنر راج نہیں ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

فریقین ابھی اس نتیجے پر نہیں پہنچ سکے کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ کب ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی

صوبائی حقوق اور عوامی مینڈیٹ کے خلاف کسی اقدام کی گنجائش نہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ ان کی جماعت چاہتی تھی کہ حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوں، تاہم فریقین ابھی اس نتیجے پر نہیں پہنچ سکے کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ کب ہوگا۔ مذاکرات میں ڈیڈلاک کے بعد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

ملک میں جیٹ فیول کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ: جیٹ فیول 9 روپے 5 پیسے، مٹی کا تیل 7 روپے 68 پیسے فی لیٹر مہنگا

لاہور (اے ایف پی) ملک میں جیٹ فیول کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے۔ جیٹ فیول 9 روپے 5 پیسے، مٹی کا تیل 7 روپے 68 پیسے فی لیٹر مہنگا ہو گیا ہے۔ جیٹ فیول کی نئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی، ٹی ٹی اے پی ٹیم اپنے اصولی موقف پر ڈٹی رہی، سلمان اکرم راجہ

مذاکرات کی ناکامی کی بنیادی وجہ انسداد دہشتگردی اقدامات پر دونوں فریقین کے درمیان اختلاف تھا

دہشتگردی کے خلاف پالیسیوں اور اقدامات کو مقامی آبادی کی حمایت حاصل ہونی چاہیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجا نے حکومتی ٹیم اور پی ٹی آئی-ٹی ٹی اے پی ٹیم کے درمیان مذاکرات کی ناکامی کی بنیادی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی کی بنیادی وجہ انسداد دہشتگردی اقدامات پر دونوں فریقین کے درمیان اختلاف تھا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر سلمان اکرم راجا نے بتایا کہ دیگر تمام ایشوز اور شور کو ایک طرف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: حکومتی وفد سے پی ٹی آئی ارکان ملاقات کرتے ہوئے

کراچی: وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر



جمبر ٹھٹی پل پر بڑا خطرہ منڈلانے لگا حفاظتی ریلنگ غائب انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

جمبر ٹھٹی پل پر بڑا خطرہ منڈلانے لگا حفاظتی ریلنگ غائب انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) ایک طرف گہری بی ایس لنک نہر کا بہتا پانی دوسری طرف خستہ حال پل اور ٹوٹی ہوئی حفاظتی ریلنگ جمبر ٹھٹی پل پر یہ منظر کسی بڑے حادثے کا منتظر دکھائی دے رہا ہے تفصیلات کے مطابق جمبر ٹھٹی کے مقام پر بی ایس لنک نہر پر قائم پل کی حفاظتی ریلنگ جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے جبکہ کئی مقامات سے لوہے کا جنگلہ مکمل طور پر غائب یا ٹیڑھے ہو چکے ہیں پل سے گزرنے والے شہریوں اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے یہ صورتحال کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے تشویشناک حالت یہ ہے کہ ٹھٹی گاؤں کے بچے بھی روزانہ اسی پل کو عبور کر کے جمبر میں تعلیم حاصل کرنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

مانچسٹر (یو کے) انجمنِ آرائیں پاکستان رجسٹرڈ کی مرکزی قیادت کے اعزاز میں مانچسٹر یو کے میں پرتکلف استقبالیہ ڈنر کا اہتمام کیا گیا

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) مانچسٹر (یو کے) انجمنِ آرائیں پاکستان رجسٹرڈ کی مرکزی قیادت کے اعزاز میں مانچسٹر یو کے میں پرتکلف استقبالیہ ڈنر کا اہتمام کیا گیا تقریب میں مرکزی صدر انجمن آرائیں پاکستان رجسٹرڈ میاں محمد سعید ڈیرہ والے، مرکزی چیف آرگنائزر چوہدری محمد حبیب کنول اور وائس چیئرمین الراعی ٹرسٹ چوہدری افتخار بشیر نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں پھولوں کے خوبصورت گلدستے پیش کیے گئے۔ تقریب کا ماحول انتہائی خوشگوار اور محبت وخلوص سے بھرپور رہا، جبکہ شرکاء نے انجمن آرائیں پاکستان رجسٹرڈ کی مرکزی قیادت سے ملاقات کو اپنے لیے باعثِ اعزاز قرار دیا استقبالیہ ڈنر کا اہتمام انجمن آرائیں پاکستان رجسٹرڈ کے چیئرمین میاں طارق عزیز، جنرل سیکرٹری میاں راشد ضیاء، سینئر وائس چیئرمین میاں محمود الحسن، صدر گریٹر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

واپڈا یونین ہمیشہ اپنے ملازمین کے حقوق، سہولیات اور تحفظ کے لیے سرگرم عمل رہی ہے، عبدالصمد جوئیہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) واپڈا یونین ہمیشہ اپنے ملازمین کے حقوق، سہولیات اور تحفظ کے لیے سرگرم عمل رہی ہے۔ عبدالصمد جوئیہ۔ میپکو کا لائن اسٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی مانند ہے آپ اس محکمہ کی مزید ترقی اور خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ واپڈا میپکو صارفین کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ ورکرز واپڈا کی حفاظتی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کریں ان خیالات کا اظہار ڈویژنل چیئرمین واپڈا یونین عبدالصمد جوئیہ نے سیکرٹری کوآرڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عبدالصمد جوئیہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ واپڈا یونین ایک غیر سیاسی اور خدمت خلق کے جذبے سے سرشار تنظیم ہے جو ملک بھر میں اپنے لاکھوں ملازمین کے حقوق کی نگہبان ہے۔ یونین نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ ہر ملازم کو عزت، تحفظ اور سہولت میسر آئے، چاہے وہ فیلڈ میں کام کرنے والا لائن مین ہو یا دفتری امور سرانجام دینے والا کلرک، انہوں نے اس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

مزدور کسان کمیٹی کا اجلاس زیرصدارت ملک زاہد فاروق اعوان منعقد

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) مزدور کسان کمیٹی کا اجلاس زیرصدارت ملک زاہد فاروق اعوان منعقد ہوا اجلاس میں علاقائی مسائل اور متوقع بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلدیاتی انتخابات میں جو بھی امیدوار انتخابات میں عوامی خدمت کے جذبے کے تحت حصہ لے گا مزدور کسان کمیٹی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی اجلاس کے دوران واپڈا حکام کی مبینہ ناانصافیوں اور من مانیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا جنرل سیکرٹری مزدور کسان کمیٹی ملک نذیر اعوان کا کہنا تھا کہ پہلے ہی مہنگائی کے مارے غریب عوام بجلی کے بل ادا کرنے سے قاصر ہیں اوپر سے واپڈا حکام نے نئے میٹر کے حصول یا خراب میٹر کی تبدیلی کے نام پر صارفین سے 20 سے 25 ہزار روپے تک رشوت وصول کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ اگر میٹر جل جائے تو بسا اوقات صارف کی معمولی غفلت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل شورکوٹ کے زیراہتمام 14ویں سالانہ نفاذ اسلام کانفرنس کی دعوت وتشہیر کے سلسلے میں مختلف چکوک کا دورہ کیا گیا

شورکوٹ (نامہ نگار) اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل شورکوٹ کے زیراہتمام 14 اکتوبر کو چک پیپل والا میں منعقد ہونے والی 14ویں سالانہ نفاذ اسلام کانفرنس کی دعوت وتشہیر کے سلسلے میں مختلف چکوک کا دورہ کیا گیا وفد نے مرکزی جامع مسجد حمیدیہ اہل حدیث موضع بدھوانہ میں رابطہ کیا اور درس قرآن بھی دیا وفد میں خطیب اسلام مولانا قاری محمد عاقب دانش، صدر اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل شورکوٹ تنویر احمد ساجد اور مولانا محمد عامر کلیم شامل تھے اس موقع پر مقررین نے کہا کہ نفاذ اسلام کانفرنس شورکوٹ کی تاریخ ساز کانفرنس ہوگی اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جھنگ کے صدر حافظ شاہد ندیم نے کہا کہ کانفرنس میں تحفظ حرمین شریفین کے عزم کا اعادہ کیا جائے گا، حرمین شریفین کی عزت، حرمت اور سلامتی ہر مسلمان کے ایمان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں "ان کے تحفظات و مسائل ہر حال میں حل کئے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں "ان کے تحفظات و مسائل ہر حال میں حل کئے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران اوکاڑہ و رینالہ کے ایک وفد جن میں شیخ محمد ریاض۔ محمد عمران۔ چوہدری شوکت رسول۔ چوہدری ندیم اکرم۔ سرفراز انجم۔ آصف مون بھٹی۔ چوہدری محمد عابد۔ رانا محمد ظہیر و دیگر شامل تھے گزشتہ روز ڈی سی اوکاڑہ محمد اکرام ملک سے ایک خصوصی میٹنگ کی اور رینالہ خورد میں انتظامیہ اور پیرا فورس کی طرف کی گئی زیادتیوں اور اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر کے ہتک آمیز رویے کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا" اور انہیں بتایا کہ آپ کی بے حد کوششوں کے باوجود اب بھی وہاں ٹاؤٹوں کا راج ہے اور عام سائلین کی شنوائی نہیں ہو رہی "رشوت کا بازار گرم ہے اور آواز اٹھانے والوں کے خلاف انتقامی کارروائی کی جاتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات اتوار کے روز ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں میں مسیحی برادری کی جانب سے عبادت کے موقع پر پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ تھانہ سٹی لالہ موسیٰ سمیت مختلف علاقوں میں پولیس افسران اور جوان سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور رہے اور عبادت گاہوں کے اطراف میں نگرانی کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے کہا کہ مسیحی برادری کو پُرامن اور محفوظ ماحول میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

پیٹرسن میموریل چرچ

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیرصدارت ڈسکہ میں ستھرا پنجاب پروگرام اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیرصدارت ڈسکہ میں ستھرا پنجاب پروگرام اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز آصف اقبال، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو صفائی ستھرائی کے انتظامات، جاری اقدامات اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر ذیشان رفیق نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے تسلسل کو یقینی بنانے اور صفائی آپریشن کی مؤثر نگرانی کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا زیرِتعمیر تھانہ اگوکی کی عمارت کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا زیرِتعمیر تھانہ اگوکی کی عمارت کا دورہ۔ ڈی پی او نے تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو اہم ہدایات جاری کیں۔ دورے کا مقصد تعمیراتی امور کی نگرانی اور نئی عمارت کی تیاری کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لینا تھا۔ پولیس انفراسٹرکچر میں بہتری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

پالتو کتے نے گلی سے گزرنے والی 45 سالہ خاتون کو کاٹ لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پالتو کتے نے گلی سے گزرنے والی 45 سالہ خاتون کو کاٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سبز پیر کے علاقہ میں ہمسائے کے پالتو کتے نے گلی سے گزرنے والی 45 سالہ خاتون کو کاٹ لیا اطلاع ملنے پر ریسکیو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

عارف والہ تھانہ احمد یار کے علاقہ میں قتل کی واردات

عارف والہ (کرائم رپورٹر) عارف والہ تھانہ احمد یار کے علاقہ میں قتل کی واردات، پولیس ذرائع، تفصیل کے مطابق، عارف والہ کے نواحی گاؤں 34/کے بی تھانہ احمد یار میں ناجائز تعلقات کے شاخسانہ پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا، عبدالمجید کے بیٹے سعید لوہار کو ملزمان گھسیٹتے ہوئے اپنے گھر لے گئے اور اسے کلہاڑی کے وار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

مین جی ٹی روڈ اوکاڑہ کینٹ پی ایس او پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) مین جی ٹی روڈ اوکاڑہ کینٹ پی ایس او پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع، کالر کے مطابق موٹر سائیکل سوار کو کیری بولان وین نے ٹکر سے پیچھے آتے 22 ویلر ٹریلر کی زد میں آ گیا، حادثہ میں ایک سال کا بچہ موقع پر جاں بحق، جبکہ خاتون اور بچے سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا بروقت ریسپانس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

حاجی محمد اقبال کریانہ والے کی اہلیہ بقضائے الٰہی وفات پاگئیں

شورکوٹ (نامہ نگار) حاجی محمد اقبال کریانہ والے کی اہلیہ بقضائے الٰہی وفات پاگئیں مرحومہ کی نماز جنازہ قبرستان حاجی قاسم شورکوٹ سٹی میں ادا کی گئی، جس میں تاجروں، صحافیوں، وکلا، سول سوسائٹی، عزیز و اقارب اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی بعد ازاں مرحومہ کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان حاجی قاسم شورکوٹ سٹی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

فرینڈز فارایور گروپ کے دوستوں کے اعزاز میں النور کیچن، دیپالپور میں ایک پُروقار، محبت بھری اور پرتکلف عشائیہ تقریب کا انعقاد کی

دیپالپور (امام دین نامہ نگار+ تحصیل رپورٹر) فرینڈز فارایور گروپ کے دوستوں کے اعزاز میں النور کیچن، دیپالپور میں ایک پُروقار، محبت بھری اور پرتکلف عشائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گروپ کے اراکین نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے یادگار لمحات گزارے۔ تقریب خوشگوار ماحول، باہمی محبت، خلوص اور دوستانہ روابط کی خوبصورت عکاسی کرتی رہی۔ عشائیہ میں شریک دوستوں نے طرح طرح کے لذیذ، مزیدار اور اعلیٰ معیار کے کھانوں سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ آپس میں خوشگوار گفتگو، ہنسی مذاق اور یادوں کے تبادلے کے ذریعے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ تقریب کے دوران شرکاء نے اس بات کا اظہار کیا کہ فرینڈز فارایور گروپ نہ صرف دوستی اور محبت کا خوبصورت استعارہ ہے بلکہ باہمی احترام، اخوت اور مضبوط رشتوں کی ایک بہترین مثال بھی ہے۔ محفل میں شریک تمام دوستوں نے میزبانوں کے حسنِ انتظام، خلوص اور پرتپاک میزبانی کو سراہتے ہوئے ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ ایسی محبت بھری تقریبات آئندہ بھی منعقد ہوتی رہیں تاکہ دوستی کے یہ مضبوط رشتے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

سیالکوٹ میں موبائل پولیس سٹیشن کا آغاز پولیس وڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات شہریوں کی دہلیز پر فراہم ہوں گی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پنجاب پولیس کی ہدایات کے تحت ضلع میں موبائل پولیس سٹیشن کا عملی آغاز کر دیا گیا اس اقدام سے بالخصوص دور دراز اور دیہی علاقوں کے شہری مقامی سطح پر پولیس اسٹیشن خدمت مرکز اور ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات سے مستفید ہوسکیں گے موبائل پولیس سٹیشن میں درخواستوں کی وصولی مقررہ طریقہ کار کے مطابق ایف آئی آر کے اندراج اور ای ٹیگ کے اجراء کے ساتھ لرنر پرمٹ لائسنس کی تجدید ای سائن اور ڈرائیونگ روڈ ٹیسٹ کی سہولیات فراہم کی جائیں گی خواتین اور بچوں کی شکایات پر ترجیحی توجہ دی جائے گی جبکہ متعلقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

معروف بینکار میاں لیاقت علی وٹو کے صاحبزادے عمیس لیاقت وٹو کینیڈا سے انجینئرنگ کی ڈگری مکمل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) معروف بینکار میاں لیاقت علی وٹو کے صاحبزادے عمیس لیاقت وٹو کینیڈا سے انجینئرنگ کی ڈگری مکمل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ ان کی وطن واپسی اور تعلیمی کامیابی کی خوشی میں میاں لیاقت علی وٹو کی جانب سے ان کے اعزاز میں فریدکوٹ دیپالپور انکی رہائش گاہ پر پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا تقریب میں سابق نائب ناظم راؤ عبدالکریم ٹیپو، میاں ذیشان منظور وٹو، معروف بینکار میاں عمران وٹو، صدر اپیکا میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں، نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ علاقے کی سیاسی، سماجی، کاروباری اور دیگر معزز شخصیات سمیت دوست احباب بھی موجود تھے اس موقع پر مہمانانِ خصوصی اور دیگر شرکاء نے عمیس لیاقت وٹو کو انجینئرنگ کی ڈگری مکمل کرنے اور وطن واپس آنے پر مبارکباد پیش کی۔ شرکاء نے کہا کہ نوجوانوں کی جانب سے اعلیٰ تعلیم کا حصول اور اپنی صلاحیتوں کو عملی میدان میں بروئے کار لانا ملک وقوم کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ عمیس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو بہاولپور سرکل ملک یعقوب احمد کی ہدایت پر مختلف سب ڈویژنوں میں بجلی چوروں کے خلاف ڈے اینڈ نائٹ آپریشن جاری

ملتان (سی ایم لنکس) سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو بہاولپور سرکل ملک یعقوب احمد کی ہدایت پر مختلف سب ڈویژنوں میں بجلی چوروں کے خلاف ڈے اینڈ نائٹ آپریشن جاری ہے۔ بہاولپور سرکل کی سرویلنس ٹیم نے یزمان سیکنڈ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں کی چیکنگ کی۔ دوران چیکنگ ایک کریانہ سٹور پر نصب نیٹ میٹر کے ذریعے کمرشل استعمال اور ٹیرف کے غلط استعمال کا انکشاف ہوا اور محکمہ کو نقصان پہنچایا جا رہا تھا جبکہ ایک پٹرول پمپ پر نصب نیٹ میٹر کے معائنے کے دوران منظور شدہ لوڈ 9 کلوواٹ کے مقابلے میں 12 کلوواٹ سے زائد ایم ڈی آئی ریکارڈ کی گئی جبکہ لوڈ کی غیر قانونی توسیع اور ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمر سے سپلائی جاری تھی۔ ایک آئس کریم اور قلفی پوائنٹ پر پول پر نصب سٹیٹک میٹر کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایت	99202881
واپڈا شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440



چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان فوڈ سٹریٹ کا دورہ کرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد کے تبادلے پر سخی سرور میں اہلِ علاقہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

ڈیرہ غازی خان (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد کے تبادلے پر سخی سرور میں اہلِ علاقہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں شرکاء نے ڈپٹی کمشنر کو پھولوں کے ہار پہنائے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ روایتی بلوچی پگڑی اور اجرک پہنا کر ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے محمد عثمان خالد کی دو سالہ تعیناتی کے دوران عوامی خدمت، شہری و دیہی علاقوں کے مسائل کے حل اور ضلع کی ترقی کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔ اہلِ علاقہ کا کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر نے عوام سے براہِ راست رابطہ رکھا اور مسائل کے حل کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

مانگا منڈی میں گوشت مافیا کا مبینہ راج، سرکاری نرخ نظرانداز، مہنگے اور ناقص گوشت کی فروخت کی شکایات

لاہور (میاں ذیشان حیدر) مانگا منڈی میں گوشت کی قیمتوں اور معیار کے حوالے سے شہریوں کی شکایات میں مسلسل اضافہ ہونے لگا۔ شہریوں کے مطابق چھوٹا اور بڑا گوشت مبینہ طور پر سرکاری نرخ نامے سے زائد قیمت پر فروخت کیا جا رہا ہے، جبکہ بعض دکانوں پر بدبودار اور غیر معیاری گوشت فروخت کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آئی ہیں۔ شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ بعض مقامات پر بیمار جانوروں کا گوشت بھی فروخت کیا جا سکتا ہے، جس کی فوری طور پر متعلقہ اداروں کی جانب سے جانچ پڑتال ضروری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری نرخ نامہ جاری ہونے کے باوجود اس پر مؤثر عملدرآمد نظر نہیں آ رہا اور گوشت فروش مبینہ طور پر اپنی مرضی کے نرخ وصول کر رہے ہیں۔ مہنگائی کے موجودہ دور میں عوام پہلے ہی شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں گوشت کی سرکاری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

مریم نواز ہیلتھ کلینک ساہووالہ کا اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال نے دورہ کیا

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے عوام دوست وژن اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ نے مریم نواز ہیلتھ کلینک کا دورہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کلینک میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات صفائی ستھرائی ادویات کی دستیابی عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے مختلف شعبہ جاری کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامی وطبی امور کے حوالے سے متعلقہ عملے سے بریفنگ بھی لی اسسٹنٹ کمشنر نے ہدایت کی کہ عوام کو بروقت معیاری اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کلینک میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور مریضوں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

MEDICAL OFFICER
WARD
LHV

سیاسی جماعتیں ذاتی عناد اور اختلافات بالائے طاق رکھ کر پاکستان کے لیے متحد ہوں، جمہوریت کا استحکام ملکی ترقی کی ضمانت ہے، اشفاق احمد جوئیہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ راوی پریس کلب کے سرپرست اشفاق احمد جوئیہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک کو موجودہ سیاسی اور معاشی چیلنجز سے نکالنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ذاتی عناد، اختلافات اور سیاسی محاذ آرائی ختم کر کے پاکستان کے وسیع تر مفاد میں متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا استحکام، آئین و قانون کی بالادستی اور قومی یکجہتی ہی ملکی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہیں۔ اشفاق احمد جوئیہ کا کہنا تھا کہ پاکستان بے پناہ قدرتی وسائل، باصلاحیت نوجوانوں اور محنتی قوم کا مالک ہے۔ اگر سیاسی قیادت قومی مفادات کو ذاتی اور جماعتی مفادات پر ترجیح دے، پالیسیوں میں تسلسل برقرار رکھے اور جمہوری نظام کو مضبوط بنائے تو پاکستان آئندہ چند سالوں میں ایشین ٹائیگر بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ وہ باہمی اختلافات بھلا کر ملک کی ترقی، معاشی استحکام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

پیٹرولنگ پولیس ساہووالہ کی شراب فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاامتیاز جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ویژن کے عین مطابق معاشرہ منشیات سے پاک کے سلسلہ میں پیٹرولنگ پوسٹ ساہووالہ کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ریجنل آفیسر پنجاب ہائی وے پیٹرول گوجرانوالہ میاں معظم صاحب کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ طارق محمود صاحب کی زیرنگرانی شفٹ انچارج عاطف محمود اور ان ہمراہ انتہائی فرض شناس دبنگ اور نڈر پولیس آفیسر ساجد نواز نے ایک کس شخص کے قبضہ سے ایک لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

اوکاڑہ تعطیل کے روز بھی ستھرا پنجاب ایجنسی کا صفائی آپریشن جاری، مختلف علاقوں میں صفائی ٹیمیں متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایات پر تعطیل کے روز بھی شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کا عمل بھرپور انداز میں جاری رہا سارکو انتظامیہ کی زیرنگرانی صفائی ٹیموں نے شہر کی مختلف شاہراہوں، گلیوں، بازاروں، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات پر صفائی کے فرائض سرانجام دیے اس دوران دستی جھاڑو، نالیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ کی اٹھان، ویسٹ کنٹینرز کی صفائی اور دیگر صفائی سرگرمیاں جاری رہیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے صفائی آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے فیلڈ افسران نے صفائی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور عملے کو ہدایت کی کہ تمام علاقوں میں صفائی کے معیار کو برقرار رکھا جائے اور کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی کو یقینی بنایا جائے اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا، سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی نگرانی میں صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

تجاوزات کے خلاف آپریشن میں کسی کے ساتھ امتیازی سلوک کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، سید مدثر رضا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس ننکانہ صاحب سید مدثر رضا نے کہا ہے کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں کسی کے ساتھ امتیازی سلوک کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، قانون اور ضابطہ ہر ایک کے لئے برابر ہے اور اس پر ہر صورت عمل درآمد کروایا جائے گا، صدر پریس کلب ننکانہ صاحب چوہدری افضل حق خاں کی قیادت میں صحافیوں کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں نئی داخل ہونے والی طالبات کے لیے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں نئی داخل ہونے والی طالبات کے لیے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں فیکلٹی آف نیچرل سائنسز اور فیکلٹی آف بزنس اینڈ ایڈمنسٹریٹو سائنسز کی نئی داخل ہونے والی طالبات کے لیے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کے دوران متعلقہ شعبہ جات کے سربراہان نے طالبات کو اپنے اپنے شعبوں کے قواعد وضوابط، تعلیمی طریق کار، سہولیات، تعلیمی و ہم نصابی مواقع اور یونیورسٹی میں دستیاب دیگر سہولیات کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ، پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے انہیں یونیورسٹی کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت، نظم وضبط کی پابندی اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کامیاب مستقبل کی جانب قدم بڑھانے کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے گوجرانوالہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے گوجرانوالہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم آسام علی ترکیہ سے لاہور ایئرپورٹ پہنچا، اس کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھا۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے گوجرانوالہ زون محمد بن اشرف کا کہنا ہے کہ آسام علی کی گرفتاری سے انسانی اسمگلنگ کا پورا نیٹ ورک بےنقاب ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ 10 افراد پر مشتمل گروہ 7 ممالک میں منظم طریقے سے کام کر رہا تھا۔ استنبول میں آسام علی کی موبائل شاپ حوالہ ہنڈی کا مرکز تھی۔ گروہ پاکستان سے لوگوں کو ترکیہ اور پھر یورپ اسمگل کرتا تھا۔ تفتیش کے مطابق اصغر شاہ یونان، نادر چوہان اٹلی میں معاملات دیکھتا ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے نے بتایا کہ قاسم ترکیہ جبکہ علی حسن اور وسیم جرمنی اور یونان میں متحرک ہیں۔ ایف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں
ایڈمن بلاک

چشتیاں انٹرامتحان سال 26 بہاولپور بورڈ آرٹس گروپ میں تیسری پوزیشن ہزار سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلباء کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں ڈائریکٹر کالجز، پرنسپل پروفیسرز انعامات تقسیم کرتے ہوئے اور طلباء کے ساتھ گروپ فوٹو

گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں میں انٹرامتحان سال 26 کے طلبا میں انعامات تقسیم کیے گئے

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں میں انٹرامتحان سال 26 کے طلبا میں انعامات تقسیم کیے گئے بہاولپور بورڈ آرٹس گروپ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے نابینا طالب علم سمیت ہزار سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلباء شامل طلبا کے اعزاز میں شاندار تقریب منعقد کی گئی تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر کالجز بہاولپور ڈویژن پروفیسر ڈاکٹر شرافت علی تھے تفصیل کے مطابق گورنمنٹ گریجوایٹ کالج چشتیاں میں پرنسپل پروفیسر غضنفر محمود کی زیرصدارت ایک پر وقار تقریب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

اوکاڑہ کینٹ مین جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک سالہ معصوم بچہ موقع پر جان بحق۔ جبکہ خاتون۔ اور بچے سمیت 4 افراد زخمی

اوکاڑہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) اوکاڑہ کینٹ مین جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک سالہ معصوم بچہ موقع پر جان بحق۔ جبکہ خاتون۔ اور بچے سمیت 4 افراد زخمی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا بروقت ریسپانس زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا جان بحق ہونے والے بچے کو ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا جان بحق بچہ کی شناخت سمیع اللہ ولد محمد محسن جبکہ زخمیوں کی شناخت 29 سالہ غلام مصطفیٰ ولد محمد اکرم 25 سالہ شبیر علی ولد رفیع 4 سالہ اسد اللہ ولد محمد محسن کے ناموں سے ہوئی۔

توجہ برائے نمائندگان' نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا سامان لے اڑے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں میں چوری کی دو وارداتوں میں نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا سامان لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مانگٹانوالہ کے علاقہ منگوتارو میں شوکت علی کے گھر سے نامعلوم چور اس کی بیٹی کے جہیز کا سامان، بستر وغیرہ چوری کر کے لے گئے۔ دوسری واردات تھانہ صدر ننکانہ کے علاقہ ٹھٹھہ عیسیٰ میں پیش آئی، جہاں چک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

گیس صارفین کی جان ومال کی حفاظت کے لئے خصوصی ہدایات جاری کردی گئیں

ملتان (سی ایم لنکس) سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کی یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس نے جنرل منیجر کی ہدایت پر گیس چوری، غیر قانونی استعمال اور تکنیکی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ حالیہ کارروائیوں کے دوران ملتان کے مختلف علاقوں میں 65 مقامات کی چیکنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں 05 گیس میٹر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

ڈسکہ کی مرکزی شاہراہوں پر خصوصی صفائی آپریشن، 60 ٹن ویسٹ اٹھا لیا گیا، 17 ویسٹ پوائنٹس کلیئر

سیالکوٹ (نمائندہ سحر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت اور نگرانی میں ضلع بھر میں صفائی کے خصوصی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ میونسپل کمیٹی ڈسکہ کی جانب سے شہر کی مرکزی شاہراہوں اور مختلف اہم مقامات پر خصوصی صفائی آپریشن کیا گیا، جس کے دوران 60 ٹن ویسٹ اٹھا کر 17 مقامات کو صاف کر دیا گیا۔ صفائی آپریشن کے دوران سٹیڈیم روڈ، کالج روڈ، بینک روڈ اور سرکلر روڈ سمیت مختلف اہم شاہراہوں اور مقامات سے کچرا اٹھایا گیا۔ آپریشن میں میونسپل کمیٹی کے صفائی عملہ کے علاوہ چھ ٹریکٹر ٹرالیوں نے حصہ لیا اور مختلف مقامات سے جمع شدہ ویسٹ کو بروقت منتقل کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے موقع پر پہنچ کر صفائی آپریشن کا جائزہ لیا اور صفائی عملہ کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور شہری آبادیوں میں صفائی کے عمل کو مؤثر بنایا جائے اور صفائی کے بعد ان مقامات کی مسلسل نگرانی بھی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کہا کہ عوامی شکایات پر فوری کارروائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد عارف کے ہمراہ فرنیچر مارکیٹ فوڈ سٹریٹ کا تفصیلی دورہ کیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد عارف کے ہمراہ فرنیچر مارکیٹ فوڈ سٹریٹ کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں، صفائی ستھرائی اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام کو بہتر، صاف ستھرا، خوبصورت اور معیاری شہری ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فوڈ سٹریٹ میں تمام ہٹس کو ایک ہی طرز اور یکساں پیٹرن کے مطابق تعمیر کیا جائے تاکہ جگہ کی خوبصورتی اور یکسانیت برقرار رہے۔ انہوں نے غیر ضروری تعمیرات فوری طور پر ختم کر کے فوڈ سٹریٹ کی جگہ کو مزید کشادہ کرنے، صفائی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے اور شہریوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو جاری کاموں کے معیار کو یقینی بنانے اور فوڈ سٹریٹ کو خوبصورت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

جھنگ روڈ پر واقع رجوعہ چوک کے قریب ایک بند دکان میں اچانک ناگہانی طور پر آگ بھڑک اٹھی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) جھنگ روڈ پر واقع رجوعہ چوک کے قریب ایک بند دکان میں اچانک ناگہانی طور پر آگ بھڑک اٹھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے قریبی حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی فائر اینڈ ریسکیو ٹیمیں بلاتاخیر اور تمام تر ضروری سامان کے ساتھ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو امدادی ٹیموں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اور بروقت کارروائی انجام دیتے ہوئے آگ پر مکمل قابو پا لیا اور اسے آس پاس کی دیگر دکانوں اور عمارتوں تک پھیلنے سے روک دیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 چنیوٹ کے مطابق حادثے کے وقت دکان بند تھی، جس کے باعث خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان یا کوئی شخص زخمی نہیں ہوا۔ ریسکیو اہلکاروں کی فوری پیش قدمی سے ایک بڑا حادثہ ٹل گیا اور علاقے کو مزید مالی نقصان سے محفوظ رکھ لیا گیا۔

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

ملتان ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی مالی سال 26-27 کہ پہلی سہ ماہی میں پراپرٹی ٹیکس کے رعایتی پیکج کے دوران مثالی اور مقرر کئے گئے

ملتان (سی ایم لنکس) ملتان ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی مالی سال2726 کہ پہلی سہ ماہی میں پراپرٹی ٹیکس کے رعایتی پیکج کے دوران مثالی اور مقرر کئے گئے ہدف 50% سے زائد ریکوری کرنے والے ملتان زون 2 کے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر مشتاق احمد شاہد 62% کے ساتھ پہلے نمبر پر ملتان زون 1 کے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر کنور تنویر احمد 54% کے ساتھ دوسرے نمبر اور ایکسائز اینڈ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

RESCUE
RESCUE 1122
POLICE

اوکارہ: جی ٹی روڈ پر حادثے کے بعد ریسکیو اہلکار امدادی کارروائی کرتے ہوئے

باثر افراد نے مبینہ طور پر بیوہ کی اراضی ٹھیکے پر لے کر قبضہ کرلیا، بیوہ کا اہل خانہ کے ہمراہ شدید احتجاج

پاکپتن (نامہ نگار) باثر افراد نے مبینہ طور پر بیوہ کی اراضی ٹھیکے پر لے کر قبضہ کرلیا، بیوہ کا اہل خانہ کے ہمراہ شدید احتجاج وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کے علاقہ میر خان مہونکا کی رہائشی بیوہ خاتون شاہین اختر بیوہ میاں محمد جہانگیر مہونکا وٹو نے اپنے یتیم بچوں، اہل خانہ اور اہل علاقہ کے ہمراہ احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اس کا خاوند 2022 میں علالت کے باعث خالق سے جا ملا، جن کے بطن سے ایک بیٹا اور بیٹی ہے، میں نے اپنی زمین کی تقسیم اراضی کروائی دسمبر 2025 میں ڈی ار سی نے میرے حصہ کی آراضی کا مجھے قبضہ دے دیا، بعد ازاں دستگیر بودلہ نے چک بوہڑ کی ساڑھے چار ایکڑ راضی، اور باثر شفیع وٹو نے میر خان مہونکا گیارہ ایکڑ اراضی ٹھیکے پر لے لی، اسی دوران باثر ملزمان دستگیر بودلہ اور شفیع وٹو نے میرے دیور اقبال وٹو، لیاقت وٹو سے ساز باز ہوکر مجھے ٹھیکہ نہ دیا اور میری اراضی پر قبضہ کرلیا، متاثرہ خاتون نے بتایا کہ اقبال وٹو، لیاقت وٹو وغیرہ نے مجھے میرے ابائی گھر سے بچوں سمیت نکال دیا، اب باثر دستگیر بودلہ شفیع وٹو نہ مجھے ٹھیکہ دے رہے ہیں نہ اراضی واپس کررہے ہیں، تھانہ صدر پولیس کا ایس ایچ او ملزمان کے ساتھ ساز باز ہے، ہمیں حق دینے کی بجائے ہمیں دھمکیاں دی جا رہی ہیں، متاثرہ بیوہ شاہین اختر نے چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس اف لاہور ہائیکورٹ، وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ، پیمانوں میں کمی معمول بن گئی، ناقص تیل کی وجہ سے شہریوں کی گاڑیاں کھٹارہ ہونے لگیں

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ اور گردونواح میں پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ، پیمانوں میں کمی معمول بن گئی، ناقص تیل کی وجہ سے شہریوں کی گاڑیاں کھٹارہ ہونے لگیں، انتظامیہ، سول ڈیفنس کا عملہ خاموش تماشائی بن گیا، تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ، ڈسکہ، پسرور، سمبڑیال اور گردونواح میں پمپ مالکان نے پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ اور پیمانوں میں کمی کو معمول بنالیا ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سی ای او ایجوکیشن اوکاڑہ شازیہ بانو کی زیر نگرانی اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوکاڑہ خالدہ وحید کی مانیٹرنگ میں تحصیل اوکاڑہ کے مختلف سرکاری سکولوں میں طلبہ کو بہتر، محفوظ اور پر کشش تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

دوران ڈیلیوری آپریشن کے دوران خاتون کی حالت بگڑ گئی دوسرے ہسپتال جا کر دم توڑ گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دوران ڈیلیوری آپریشن کے دوران خاتون کی حالت بگڑ گئی دوسرے ہسپتال جا کر دم توڑ گئی۔ اطلاع کے مطابق سدرانہ سیداں کی رہائشی خاتون کو ڈیلیوری کے لئے میٹرنٹی ہوم لے جایا گیا جہاں دوران آپریشن خاتون کی حالت بگڑ گئی جسے پرائیوٹ ہسپتال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

پنجاب حکومت اور فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے اشتراک سے 22، ارب روپے کی لاگت سے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ جون 2027ء میں مکمل ہوگا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت اور فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے اشتراک سے 22، ارب روپے کی لاگت سے سرفیس واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ جون 2027ء میں مکمل جس کی بدولت 30 ملین گیلن پانی روزانہ واسا فیصل آباد کے سسٹم میں شامل ہوگا اور 6 لاکھ سے زائد دیہی علاقوں کے عوام کو صاف پینے کا پانی فراہم ہوگا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے آوا گت کے مقام پر سائٹ کا دورہ کیا اور پائپ لائن بچھانے کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا ثاقب رضا اور فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی کے نمائندوں نے منصوبہ کی تازہ ترین پیشرفت سے آگاہ کیا۔ ایم ڈی نے بتایا کہ فیصل آباد کی تاریخ میں اتنی بڑی سرمایہ کاری اس سے پہلے کبھی نہیں ہوئی اور یہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے جنرل سیکرٹری اور انجمن تاجران منڈی روڈ پاکپتن کے صدر معروف کاروباری شخصیت شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک احتجاج کا متحمل نہیں ہے، حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کریں اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف مارکیٹوں کے تاجر نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے نہ صرف پالیسیوں میں تسلسل پیدا ہوگا بلکہ سستی پیداوار برآمدات اور سرمایہ کاری میں بھی خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے، سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے جہاں سرمایہ کار پریشان ہوتے ہیں وہاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

سیالکوٹ کے علاقے مظفر پور چوک، روڈز روڈ پر گزشتہ تقریباً دس روز سے پانی کی پائپ لائن لیک ہونے کے باعث مسلسل پانی سڑک پر بہہ رہا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مظفر پور چوک روڈس روڈ پر دس روز سے پانی کی پائپ لائن لیک، سیالکوٹ کے علاقے مظفر پور چوک، روڈز روڈ پر گزشتہ تقریباً دس روز سے پانی کی پائپ لائن لیک ہونے کے باعث مسلسل پانی سڑک پر بہہ رہا ہے۔ پانی کے باعث سڑک کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے جبکہ راہگیروں اور موٹر سائیکل سواروں کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک پر بہتے پانی کے چھینٹوں سے کپڑے خراب ہو رہے ہیں اور آمد ورفت میں بھی دشواری پیش آ رہی ہے۔ اہل علاقہ نے متعلقہ محکمہ کے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ پائپ لائن کی لیکیج (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر حیدر علی خان مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ 32 سال سے زائد شاندار سرکاری، انتظامی اور تحقیقی خدمات کے اعتراف میں ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر روبینہ انجم کی قیادت میں ٹیم لائیوسٹاک فیصل آباد نے کیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسٹینشن ڈاکٹر سید ندیم بدر، محمد اکبر ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن)، ڈاکٹر محمد عثمان طاہر ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل)، ڈاکٹر سجاد حسین (ستارہ امتیاز) ڈائریکٹر جنرل ریسرچ، ڈاکٹر کنور محمد نعیم ڈائریکٹر جنرل پروڈکشن اور ڈاکٹر خالق شفیع ڈائریکٹر کمیونیکیشن سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے ڈاکٹر حیدر علی خان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، دیانت داری، ٹیم ورک اور محکمانہ خدمات کو شاندار خراجِ تحسین پیش کیا۔ سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ کی جانب سے محمد اکبر ایڈیشنل سیکریٹری نے انہیں یادگاری شیلڈ پیش کی۔ مائیکرو بیالوجی میں پی ایچ ڈی ڈاکٹر حیدر علی خان کے 17 سے زائد بین الاقوامی تحقیقی مقالہ جات شائع ہو چکے ہیں جبکہ فیصل آباد میں جدید ویٹرنری و تشخیصی سہولیات کے فروغ میں بھی ان کی نمایاں خدمات ہیں۔ ڈاکٹر روبینہ انجم نے ڈاکٹر حیدر علی خان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے معزز مہمانوں اور پوری ٹیم لائیوسٹاک فیصل آباد کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لئے صحت، عزت اور خوشیوں سے بھرپور ریٹائرڈ زندگی کی دعا کی۔

شہریوں کو فراہمی و نکاسی آب کی معیاری، بروقت اور بلاتعطل سہولیات کی فراہمی کے لیے واسا ملتان بھرپور انداز میں سرگرم عمل

ملتان (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کو فراہمی و نکاسی آب کی معیاری، بروقت اور بلاتعطل سہولیات کی فراہمی کے لیے واسا ملتان بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہے مینجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل شوکت کی خصوصی ہدایات پر شہر بھر میں سیوریج لائنوں کی صفائی مہم، ویچنگ مشینری کے ذریعے شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی مکمل صفائی اور نکاسی آب کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے آپریشن تیزی سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری خالد محمود نے جڑانوالہ موٹروے کے قریب قائم تین کوئیک رسپانس سنٹرز کا دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری خالد محمود نے جڑانوالہ موٹروے کے قریب قائم تین کوئیک رسپانس سنٹرز کا دورہ کیا اور سموگ کنٹرول کے لئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ تینوں مراکز فعال پائے گئے جبکہ ہنگامی صورتحال میں آگ بجھانے کے لئے واٹر باؤزرز بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر زراعت نے فیلڈ سٹاف اور سموگ کنٹرول کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کی اور فصلوں کی باقیات جلانے کے تدارک اور سموگ کی روک تھام کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کاشتکاروں کو ہدایت کی کہ فصلوں کی باقیات ہرگز نہ جلائیں کیونکہ یہ قانونی جرم ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں 15 ہزار روپے فی ایکڑ جرمانہ، مقدمہ درج اور قید کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کاشتکار فصلوں کی باقیات کے بہتر انتظام کے لئے بیلر مشینوں کا استعمال کریں اور باقیات کو زمین میں شامل کریں۔ ڈائریکٹر زراعت نے کہا کہ فصلوں کی باقیات جلانے سے زمین کا نامیاتی مادہ اور زرخیزی متاثر ہوتی ہے جس سے پیداوار میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ گندم کی کاشت کے لئے سپر سیڈر کا استعمال کریں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور ہوشربا مہنگائی نے عام آدمی کی چیخیں نکال دیں

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور ہوشربا مہنگائی نے عام آدمی کی چیخیں نکال دیں۔ حکومت کی ناقص پالیسیوں کے باعث عوام مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئے روز روزمرہ استعمال کی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ سے عام آدمی دو وقت کی روٹی کو ترس گئے ہیں نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں سے بیروزگاری غربت میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ جبکہ کمر توڑ مہنگائی نے مزدور اور دیہاڑی دار طبقہ کو شدید متاثر کر رکھا ہے عوام کی سہولت کے لئے بنائے گئے مختلف بازار اور سٹوروں پر بھی مہنگائی کا جن بوتل سے باہر نکل آیا ہے۔ سٹوروں پر آٹا، گھی، چینی، دالیں غائب ہیں تمام تر حکومتی ریلیف کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔ رہی سہی کسر ذخیرہ اندوزوں اور بلیک مافیا نے نکال دی ہے۔ جو انتظامیہ کے کنٹرول سے باہر ہیں۔

میپکو کے افسران پروفیشنل پروفائل کو مزید بہتر بنائیں، محمد زاہد

ملتان ا(سی ایم لنکس) چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر گل محمد زاہد نے کہا ہے کہ توانائی کے شعبے میں تیزی سے رونما ہونے والی تبدیلیوں اور مستقبل میں متوقع ادارہ جاتی اصلاحات کے تناظر میں میپکو کے افسران، بالخصوص ینگ اور سینئر انجینئرز، اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، تعلیمی قابلیت اور پروفیشنل پروفائل کو مزید بہتر بنائیں۔ موجودہ دور میں مسلسل سیکھنے، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

شہری کو اغوا کر کے تشدد اور سر کے بال مونڈنے کا واقعہ، چاروں نامزد ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) شہری کو اغوا کر کے تشدد اور سر کے بال مونڈنے کا واقعہ، چاروں نامزد ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل تھانہ سبز پیر کی حدود میں ملزمان نے ذیشان علی کو ورغلا کر مالی پور لے جا کر تشدد کیا، ملزمان نے سر کے بال مونڈ کر ویڈیو بنائی، دو روز حبس بے جا میں رکھا واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کا فوری نوٹس پر عمل کرتے ہوئے ایس ایچ او سبز پیر وقاص علی کی ٹیم کے ہمراہ کارروائی، اسماعیل، طاہر، فرید اور تنویر کو گرفتار کر لیا اور مقدمہ درج گرفتار ملزمان کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

خیر الناس من ینفع الناس
افسر مہتمم تھانہ
WAQAS
SHO
POLICE

سیالکوٹ: شہری کو اغوا کر کے تشدد اور سر کے بال مونڈنے کا واقعہ، چاروں نامزد ملزمان گرفتار

عالمی یوم اساتذہ پر ویمن یونیورسٹی ملتان میں ''سلام ٹیچرز میڈیکل کیمپ'' کا انعقاد کیا گیا

ملتان (سی ایم لنکس) ویمن یونیورسٹی ملتان میں اساتذہ کے عالمی دن (International DayTeachers) کے موقع پر آج 5 اکتوبر 2026ء کو ڈائریکٹوریٹ آف ایلومناء کے زیر اہتمام ایک خصوصی "*سلام ٹیچرز میڈیکل کیمپ*" کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق وائس چانسلر اور پیٹرن ان چیف پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول کی سرپرستی میں منعقد ہونے والا یہ کیمپ یونیورسٹی کے جناح ہال میں لگایا جائے گا۔ کیمپ میں ماہر اور سپشلسٹ ڈاکٹرز اور ماہرین اساتذہ

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے میونسپل لائبریری کا دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے میونسپل لائبریری کا دورہ کیا اور لائبریری کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کتب بینی کے شوقین کے لئے دستیاب سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے لائبریری کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کتاب دوستوں کے لئے بیٹھنے کے بہتر اور آرام دہ انتظامات، انٹرنیٹ سہولت، معیاری واش رومز، ڈسٹ بنز اور صاف ستھرا مطالعاتی ماحول یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مقابلے کے امتحانات کی تیاری سے متعلق مزید مفید اور معیاری کتب لائبریری میں شامل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کمپیوٹر لیب کو جلد مکمل و فعال کرنے، لائبریری کو جدید سہولیات سے اپ گریڈ کرنے اور فرنٹ ایلیویشن کو مزید بہتر بنانے کے لئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ میونسپل لائبریری میں طلبہ کو تعلیم، مطالعہ، تحقیق اور مقابلے کے امتحانات کی تیاری کے لئے جدید، پُرسکون اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

سینئر صحافی چوہدری عابد رسول کھوکھر کی پھوپھو کے انتقال پر صحافی برادری کا اظہار تعزیت، قرآن خوانی کا خصوصی اہتمام کیا گیا

شیر گڑھ (نمائندہ سحر) سینئر صحافی چوہدری عابد رسول کھوکھر کی پھوپھو، چوہدری غلام رسول پٹواری اور چوہدری حاجی شوکت علی کی ہمشیرہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ وصدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ عمران زاہد کھوکھر نے کی۔ اجلاس میں صحافی برادری اور معززین علاقہ نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی کا خصوصی اہتمام کیا گیا اور اجتماعی دعا بھی کی گئی۔ شرکاء نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر وحوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ تعزیتی اجلاس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

سیالکوٹ: ڈی پی او دوست محمد تھانہ اگوکی کا دورہ کرتے ہوئے

تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی پالیسیاں اور عزائم ہمیشہ ملک دشمن اور شرپسند عناصر کے سہولت کار کا کردار ادا کرتی رہی ہیں، شیخ قیصر محمود چنیوٹی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور مسلم لیگ (ن) اوورسیز کے جنرل سیکرٹری شیخ قیصر محمود چنیوٹی (المعروف جاپان والے) نے ایک اہم سیاسی وقومی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی پالیسیاں اور عزائم ہمیشہ ملک دشمن اور شرپسند عناصر کے سہولت کار کا کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ شیخ قیصر محمود نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ قومی سلامتی، افواج پاکستان اور ملکی امن وامان پر حملوں کے مترادف ہے، اور یہی وجہ ہے کہ جب بھی حکومتِ وقت ملک سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرتی ہے، پی ٹی آئی اپوزیشن کا مثبت کردار ادا کرنے کے بجائے ریاست مخالف طاقتوں کی بولی بولنا شروع کر دیتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انسدادِ دہشت گردی کے قومی آپریشنز اور حکومتی اقدامات میں تعاون نہ کرنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پی ٹی آئی کا ایجنڈا ملک میں امن واستحکام لانا نہیں بلکہ عدم استحکام پیدا کر کے انتہا پسندوں کو تقویت پہنچانا ہے۔ انہوں نے مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

نئے عہدیداران اور 26 اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے آئندہ دو سال 2026-28 کے لیے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا

ڈیرہ غازی خان (سی ایم لنکس) ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے عہدیداران اور 26 اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے آئندہ دو سال 2026-28 کے لیے اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ صدر محمد رفیق خان پتافی سمیت نئی باڈی بلا مقابلہ منتخب ہوئی۔ حلف برداری کی تقریب میں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد، اراکین پنجاب اسمبلی محمد حنیف پتافی اور اسامہ عبدالکریم، ڈی جی خان چیمبر آف کامرس کے پیٹرن ان چیف خواجہ محمد یونس، خواجہ محمد الیاس، صدر ملتان چیمبر آف کامرس وسابق صدر ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی، سابق صدر چیمبر آف کامرس ذوالفقار علی خان نصوحہ، انس عبدالکریم اور دیگر نے تقریب میں شرکت کی، تقریب کے دوران ایم پی اے محمد حنیف پتافی نے صدر ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس محمد رفیق خان پتافی سمیت ٹاپ آفس بیئرز سے حلف لیا، ڈپٹی کمشنر محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

حکومت کا اپوزیشن کے ساتھ مذاکراتی عمل ریاست کے سیاسی، اقتصادی، دفاعی اور معاشی نظام کے استحکام کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا، مولانا غلام نبی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) حکومت کا اپوزیشن کے ساتھ مذاکراتی عمل ریاست کے سیاسی، اقتصادی، دفاعی اور معاشی نظام کے استحکام کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا ملک میں امن وامان اور قومی سلامتی کے لیے اپوزیشن کی طرف سے مذاکراتی عمل ان کی مثبت اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار سوچ کا عکاس ہے، ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے پاکستان ساہیوال ڈویژن کے صدر مولانا غلام نبی معصومی نے جامع مسجد حضرت امام زین العابدین رضا ٹاؤن میں خادمین جمعیت علمائے پاکستان سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ سیاسی قیدیوں کو فی الفور رہا کر دیا جائے اور ان پر من گھڑت مقدمات ختم کر کے پاکستان میں جمہوری پارلیمانی نظام کو مستحکم کیا جائے، پاکستان میں موجودہ سیاسی جماعتوں کی قیادت کو ہراساں نہ کیا جائے بلکہ انہیں آزادی اظہار کا آئینی اور قانونی حق دیا جائے تاکہ ریاست سیاسی بحران سے محفوظ رہے، آخر میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو دہشت گردی، بدامنی سے محفوظ رکھنے میں ہماری سیکیورٹی فورسز، انٹیلی جنس اداروں اور حکومت کے اقدامات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکے گا۔

ڈسٹرکٹ پریس کلب کے زیراہتمام سینئر صحافی طارق خاں بلوچ مرحوم کا تعزیتی ریفرنس

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈسٹرکٹ پریس کلب کے زیر اہتمام سینئر صحافی طارق خاں بلوچ مرحوم کا تعزیتی ریفرنس، رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید سلمان شاہ سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد میں شرکت مقررین کا صحافتی خدمات پر طارق خاں بلوچ کو زبردست خراج عقیدت، صحافتی خدمات پر ایوارڈ دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ کے زیر اہتمام سینئر صحافی طارق خاں بلوچ مرحوم کا تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا۔ تقریب سے رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید سلمان شاہ، سابق چیئرمین یونین کونسل عمار اجمل چوہدری، سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل، رہنما رائے آمداد علی تبسم کھرل، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ محسن محمود چوہدری، سابق صدر احتشام جمیل شامی، سینئر صحافی محمد اسلم پراچہ، رائے علی اکبر کھرل، حافظ حبیب اللہ مغل، عتیق الرحمٰن چوہدری، شیخ اظہر، طارق نوید، طارق خاں کے صاحب زادے وحید طارق بلوچ، بھائی محمد فاروق بلوچ ودیگر نے اظہار خیال کیا۔ مقررین نے ان کی صحافتی خدمات پر ان کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ ان کی صحافت کے لیے خدمات پر ڈسٹرکٹ پریس کلب کی طرف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین سے خصوصی ملاقات

ملتان (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین کے خصوصی خط کا فوری ریسپانڈ کرتے ہوئے زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں تعاون بارے کمیٹی تشکیل دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی سربراہی میں تشکیل کردہ اعلیٰ سطحی کمیٹی گلگت بلتستان کے دورے پر ہے۔ کمیٹی میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، سیکرٹری لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ اور سیکرٹری ایکوا کلچر وفشریز رانا سلیم افضل و دیگر افسران شامل ہیں۔ پنجاب کے وفد نے زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں بہتری اور جدت لانے کے لیے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین سے تفصیلی ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ہماری درخواست پر اپنے متعلقہ صوبائی وزیر اور ماہرین پر مشتمل ٹیم گلگت بلتستان بھیجنے پر بے حد مشکور ہیں۔ گلگت بلتستان میں زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں ترقی سے نہ صرف مقامی کسانوں بلکہ گلگت بلتستان کی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کی موجودہ حکومت کے دور میں زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ اس موقع پر سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر زرعی ترقی کے ماڈلز کو گلگت بلتستان میں متعارف کرانے کے لیے مکمل سپورٹ اور رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب اور گلگت بلتستان کے مابین زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں کی ترقی کے لیے دونوں وزرائے اعلیٰ کی موجودگی میں مفاہمتی یادداشت پر جلد دستخط کرنے کی تقریب منعقد ہوگی۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ دونوں صوبوں کے مابین زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ کے لیے ٹیکنیکل ورکنگ گروپس تشکیل دیے جا رہے ہیں۔ گلگت بلتستان میں لائیوسٹاک کو بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی دلانے کے لیے سرٹیفکیشن کے نظام میں معاونت فراہم کی جائے گی۔ حکومت پنجاب گلگت بلتستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

ویمن یونیورسٹی ملتان میں عالمی یوم معمر افراد کی تقریب، نئی نسل کو بزرگوں کے تجربات، علم اور دانائی سے استفادہ کرنے پر زور

ملتان (سی ایم لنکس) ویمن یونیورسٹی ملتان میں عالمی یوم معمر افراد 2026ء کے موقع پر خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا ترجمان کے مطابق تقریب شعبہ سوشیالوجی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، جس کا مقصد طلبہ میں عمر رسیدگی، بزرگ افراد کی دیکھ بھال، ان کے وقار اور معاشرے میں ان کے احترام کی اہمیت اجاگر کرنا تھا یہ تقریب شعبہ سوشیالوجی کے کورس ''سوشل جیرونٹولوجی'' کا پریکٹیکل تھا، جس میں شعبہ سوشیالوجی سمیت یونیورسٹی کے دیگر شعبوں کے طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران ماہرین نے عمر رسیدگی سے متعلق سماجی، نفسیاتی اور ثقافتی پہلوؤ؟ں پر روشنی ڈالی اور بزرگ شہریوں کو درپیش مسائل اور ان کی مناسب دیکھ بھال کے حوالے سے طلبہ کو ا؟ گاہ کیا۔ ویمن یونیورسٹی ملتان کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول نے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ بزرگ افراد ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کی زندگی بھر کی محنت، تجربہ اور دانائی نئی نسل کے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے، اس لیے ان کے علم اور تجربات کی قدر کرنا اور انہیں محفوظ رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو بزرگوں کے ساتھ محبت، احترام اور ہمدردی کا رویہ اختیار کرنا چاہیے مضبوط خاندانی اقدار معاشرے کی بنیاد ہیں اور بزرگ افراد ان اقدار کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں عمر رسیدہ افراد کو عزت اور وقار کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے اور خاندان اور معاشرے کو ان کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے کلینیکل سائیکالوجسٹ ڈاکٹر سید مظفر حسین نے بزرگ افراد کی ذہنی اور نفسیاتی صحت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمر بڑھنے کے ساتھ انسان کو بعض نفسیاتی اور جذباتی مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ایسے میں خاندان کی توجہ، محبت اور تعاون بزرگ افراد کی زندگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے اولڈ ایج ہوم کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر سمیعہ منیر نے کہا کہ معمر افراد کو محفوظ ماحول، مناسب دیکھ بھال اور عزت واحترام فراہم کرنا معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اولڈ ایج ہوم میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور بزرگ افراد کی ضروریات کے حوالے سے بھی شرکاء کو ا؟ گاہ کیا شعبہ سوشیالوجی کی سابق چیئرپرسن ڈاکٹر فرحت ظفر عالم نے کہا کہ بزرگ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

پی ٹی آئی نے عدم استحکام، دھرنوں اور منفی بیانیے کے ذریعے ریاست کے ستونوں اور جمہوری اقدار کو کمزور کیا ہے، سید کلیم علی امیر

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چنیوٹ کے سینئر رہنما سید کلیم علی امیر نے ایک اہم پریس بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) دونوں جماعتیں اقتدار کی رسہ کشی، ذاتی انا اور انتقامی سیاست میں اس حد تک آگے نکل چکی ہیں کہ ان کی اس چپقلش نے ملک کی معیشت، جمہوریت اور عوامی مفادات کو شدید ترین نقصان پہنچایا ہے۔ سید کلیم علی امیر کا کہنا تھا کہ ایک طرف مسلم لیگ (ن) اقتدار میں آ کر عوام کو مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی کساد بازاری کے دلدل میں دھکیل چکی ہے جبکہ دوسری طرف پی ٹی آئی نے عدم استحکام، دھرنوں اور منفی بیانیے کے ذریعے ریاست کے ستونوں اور جمہوری اقدار کو کمزور کیا ہے۔ ان دونوں جماعتوں کے پاس عوامی مسائل کا کوئی حل نہیں ہے اور ان کی تمام تر توجہ ایک دوسرے کو زیر کرنے پر مرکوز ہے، جس کی بھاری قیمت عام پاکستانی شہری روزمرہ کے بنیادی حقوق اور معاشی سہولیات کی محرومی کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید زور دیتے ہوئے کہا کہ ن لیگ اور پی ٹی آئی کی اس باہمی سیاست نے ملک کو غیر یقینی صورتحال سے دوچار کر دیا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف سرمایہ کاری ٹھپ ہو چکی ہے بلکہ نوجوانوں کا مستقبل بھی داؤ پر لگ گیا ہے۔ سید کلیم علی امیر نے چنیوٹ کے عوام سمیت پورے پاکستان کو متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ اس نازک موڑ پر صرف پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ واحد جمہوری اور عوام دوست طاقت ہے جو ملک کو اس سیاسی قطب docاور معاشی بحران سے نکال سکتی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کا فلسفہ ہمیشہ عوامی خوشحالی، وفاق کی مضبوطی اور آئین کی بالادستی پر مبنی رہا ہے اور آج بھی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی ملک کو تمام بحرانوں سے نکال کر ترقی اور مفاہمت کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ن لیگ اور پی ٹی آئی کی یہ سیاست اب اپنے منطقی انجام کو پہنچ چکی ہے اور عوام دیکھ چکے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

ڈی سی او ملتان کی سرپرائز ٹکٹ چیکنگ، 36 ٹکٹ لیس مسافروں سے 114,825 روپے وصول

ملتان (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے وژن اور ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز ملتان محمد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں ملتان ڈویژن میں ٹکٹ لیس سفر کی حوصلہ شکنی اور ریلوے آمدنی کے تحفظ کے لیے خصوصی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈی سی او ملتان راشد علی مہیسر کی سربراہی میں ڈی سی او گروپ ملتان نے 03 اکتوبر 2026 کو 8 ڈاؤن ملتان-خانیوال اور 13 اپ خانیوال-ملتان ٹرینوں میں سرپرائز ٹکٹ چیکنگ کی۔ چیکنگ کے دوران مجموعی طور پر 36 ٹکٹ لیس مسافروں کے کیسز سامنے آئے، جن سے 102,350 روپے کرایہ اور 12,475 روپے جرمانہ وصول کیا گیا، جبکہ مجموعی وصولی 114,825 روپے رہی۔ مزید برآں، ڈی سی او گروپ کی جانب سے ملتان اور بہاولپور ریلوے اسٹیشنز کے مختلف اسٹالز کی بھی چیکنگ کی گئی۔ چیکنگ کے دوران غیر معیاری کھانے پینے کی اشیاء کی موجودگی سامنے آنے پر متعلقہ اسٹال ہولڈرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 12,000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈی سی او ملتان راشد علی مہیسر نے کہا کہ مسافروں کو معیاری سفری سہولیات کی فراہمی، ریلوے آمدنی کا تحفظ اور اسٹیشنز پر معیاری اشیائے خورونوش کی دستیابی کو یقینی بنانا پاکستان ریلویز کی اہم ترجیحات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹکٹ لیس سفر اور غیر معیاری اشیائے خورونوش کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔ ڈی سی او گروپ ملتان کی ٹکٹ چیکنگ، ریونیو کے تحفظ اور مسافروں کے مفادات کے حوالے سے ماضی میں بھی نمایاں کارکردگی رہی ہے، جبکہ موجودہ کارروائیاں اسی مؤثر اور مسلسل چیکنگ مہم کا حصہ ہیں۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کے بورڈ آف گورنرز کا 177 واں اجلاس چیئرمین تعلیمی بورڈ کے زیر صدارت منعقد

ڈیرہ غازی خان (سی ایم لنکس) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کے بورڈ آف گورنرز کا 177 واں اجلاس چیئرمین تعلیمی بورڈ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف کی زیر صدارت گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں بورڈ آف گورنرز کے اراکین کے علاوہ محکمہ ہائر ایجوکیشن اور محکمہ خزانہ کے نمائندگان نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز پر سیکرٹری تعلیمی بورڈ عبدالرحمٰن چوہدری نے شرکاء کو ایجنڈا، انتظامی امور اور مختلف مالی معاملات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے تعینات ملازمین کی تین سالہ توسیع، فیملی پنشن سے متعلق امور، پوزیشن ہولڈرز کے کیش ایوارڈز میں اضافہ اور ادارہ میں نظم وضبط برقرار رکھنے، سزا و جزا کے معاملات کو مؤثر انداز میں دیکھنے کے لیے خصوصی کمیٹی کے قیام کی منظوری دی گئی۔ منظوری کے مطابق پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن کے کیش ایوارڈز بالترتیب 10 ہزار، 15 ہزار اور 20 ہزار روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ، ایک لاکھ 25 ہزار اور ایک لاکھ 50 ہزار روپے کر دیے گئے ہیں۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف نے کہا کہ تعلیمی بورڈ کے انتظامی امور میں بہتری، ملازمین کے جائز مسائل کے حل اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کی محنت اور تعلیمی کارکردگی کو سراہنا اور انہیں مزید آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا بورڈ کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بوسیدہ لائنوں کی تبدیلی سے شہریوں کو درپیش نکاسی آب کے مسائل کا مستقل خاتمہ ممکن ہوگا، ڈپٹی کمشنر ملتان ڈاکٹر فیصل سلیم

ملتان (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر ملتان ڈاکٹر فیصل سلیم نے سیوریج سسٹم کی اپ گریڈیشن اور شہریوں کو نکاسی آب کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے معاملے پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا اعلان کرتے ہوئے واسا حکام کو تمام جاری سکیمیں مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور ترقیاتی کاموں کے بعد سڑکوں و دیگر انفراسٹرکچر کی فوری بحالی کا الٹی میٹم دے دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز واسا واسا حکام کے ہمراہ ڈسپوزل سٹیشنوں کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے کہا کہ واسا ڈسپوزل اسٹیشنز کی اپ گریڈیشن، نئی سیوریج پائپ لائنوں کی تنصیب اور بوسیدہ لائنوں کی تبدیلی سے شہریوں کو درپیش نکاسی آب کے مسائل کا مستقل خاتمہ ممکن ہوگا۔ انہوں نے واسا افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے باعث شہریوں کو درپیش عارضی مشکلات کو کم سے کم رکھا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ مکمل ہونے والے منصوبوں کے بعد سڑکوں، گلیوں اور دیگر متاثرہ انفراسٹرکچر کی بحالی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے تمام متعلقہ محکموں کی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کر رہی ہے۔

اوکاڑہ اور زینت لیبارٹری کے درمیان معاہدہ صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے 40 فیصد خصوصی رعایت کا اعلان

ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) اوکاڑہ اور زینت لیبارٹری کے درمیان معاہدہ صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے 40 فیصد خصوصی رعایت کا اعلان اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) صحافیوں اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود اور طبی سہولیات میں آسانی کے لیے ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) اوکاڑہ اور زینت لیبارٹری اوکاڑہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کر دیے گئے۔ معاہدے کے تحت ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) اوکاڑہ کے تمام ممبران، ان کے والدین، بیوی اور بچوں کو زینت لیبارٹری اوکاڑہ میں تمام بڑے اور چھوٹے لیبارٹری ٹیسٹوں پر 40 فیصد خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب اور زینت لیبارٹری انتظامیہ نے کہا کہ اس مفاہمتی معاہدے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

بہادری اور فرض شناسی کی اعلیٰ مثال، ڈی ایس ملتان نے گیٹ کیپر کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نواز دیا

ملتان (سی ایم لنکس) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز ملتان ڈویژن محمد خالد خان نے دورانِ ڈیوٹی غیر معمولی حاضر دماغی اور شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک بزرگ شہری کی جان بچانے والے ٹی ایل اے گیٹ کیپر محمد شہزاد گجر، گیٹ نمبر 40 جھنگ صدر کو خصوصی تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے نوازا۔ واقعے کی تفصیل کے مطابق جھنگ صدر کے قریب گیٹ نمبر 40 پر محمد شہزاد گجر دورانِ ڈیوٹی موجود تھے کہ اس دوران 140 ڈاؤن ٹرین گزر رہی تھی۔ اسی اثناء میں ایک بزرگ شہری بے دھیانی کے باعث ٹرین کی زد میں آنے لگے۔ گیٹ کیپر نے صورتحال کی سنگینی کو فوری طور پر بھانپتے ہوئے غیر معمولی حاضر دماغی اور جرات کا مظاہرہ کیا اور اپنی جان کی پروا کیے بغیر بروقت کارروائی کرتے ہوئے بزرگ شہری کو ٹرین کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

ڈویژنل سپورٹس ڈیپارٹمنٹ گوجرانوالہ کے زیراہتمام پنجاب فٹبال اکیڈمی لاہور اور ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے درمیان نمائشی فٹبال میچ کھیلا گیا

گوجرانوالہ (سی ایم لنکس) ڈویژنل سپورٹس ڈیپارٹمنٹ گوجرانوالہ کے زیر اہتمام پنجاب فٹبال اکیڈمی لاہور اور ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے درمیان نمائشی فٹبال میچ کھیلا گیا۔ میچ کے مہمان خصوصی کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن و گجرات ڈویژن محمد علی تھے۔ اس موقع پر ڈویژنل سپورٹس آفیسر رانا اصغر، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر رانا سجاد، سٹی تحصیل سپورٹس آفیسر رانا فرمان کوثر، رانا ماجد، رضا شاہ اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات سمیت شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ نمائشی میچ میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کے خلاف بھرپور مقابلہ کیا۔ ایک گھنٹے پر مشتمل میچ کے مقررہ وقت کے اختتام پر دونوں ٹیموں نے دو، دو گول کیے، جس کے باعث مقابلہ 2-2 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

میپکو کے آپریشن سرکلوں میں مجموعی طور پر 44 ہزار 154 سنگل فیز اے ایم آئی، سمارٹ اور سٹیٹک میٹرز جاری کر دیئے گئے

ملتان ا(سی ایم لنکس) ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے صارفین کے خراب بجلی میٹروں کی بروقت تبدیلی اور میٹرنگ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے میپکو کے آپریشن سرکلوں میں مجموعی طور پر 44 ہزار 154 سنگل فیز اے ایم آئی، سمارٹ اور سٹیٹک میٹرز جاری کر دیئے ہیں۔ ڈائریکٹر میٹریل مینجمنٹ میپکو ملک جاوید اقبال کی جانب سے جاری کردہ الاٹمنٹ آرڈر کے مطابق 38 ہزار 227 اے ایم آئی/اسمارٹ میٹرز جبکہ 5 ہزار 927 سٹیٹک میٹرز مختلف آپریشن سرکلوں کو فراہم کئے گئے ہیں۔ ملتان سرکل کو 8 ہزار 405، ڈیرہ غازی خان کو 3 ہزار 500، وہاڑی کو 4 ہزار 141، بہاولپور کو 3 ہزار 769، ساہیوال کو 9 ہزار 330، رحیم یار خان کو 6 ہزار 11، بہاولنگر کو 4 ہزار 547 اور خانیوال سرکل کو 4 ہزار 451 میٹرز مختص کئے گئے ہیں۔ یہ میٹرز سی پی 90 کے جولائی 2026ء کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

سیالکوٹ: مظفر پور چوک روڈس روڈ پر دس روز سے پائپ لیکج کے باعث پانی کھڑا ہے

اعلان تقرری

روزنامہ ''سحر'' لاہور کی جانب سے مہر محمد ریاض نول کو ڈسٹرکٹ رپورٹر جھنگ مقرر کیا گیا ہے، تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے مطلع رہیں۔ نیز خبروں، اشتہارات و مراسلات کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

(ادارہ)

سیالکوٹ: ڈی پی او دوست محمد تھانہ اگوکی کی زیر تعمیر عمارت کا جائزہ لیتے ہوئے

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
لاہور
روزنامہ
سحر
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہُ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔........(جامع ترمذی)

حکومت نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست نہیں کی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہم نے پی ٹی آئی سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست نہیں کی۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہمارا مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ دہشت گردی تھا، ہم چاہتے تھے کہ خیبر پختونخوا کی حکومت دہشت گردی کے معاملے پر ہمارے ساتھ کھڑی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے وزیراعظم اور صدر پاکستان کو رات کی صورتحال سے آگاہ کیا، میں علامہ ناصر عباس اسد قیصر، بیرسٹر گوہر، عامر ڈوگر کا شکریہ ادا کروں گا، انھوں نے نیک نیت کے ساتھ مذاکرات کیے، بدقسمتی سے ان کی پارٹی نے خاص پر مذاکرات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ون ون صورتحال میں معاملات آگئے تھے، میں صدر پاکستان کو فائنل ڈرافٹ دکھا کر آیا تو پتہ چلا وزیراعلی کے پی کے نے تبدیلی کی، ایک ایک کرکے ایشو کو ریزالو کیا گیا تھا، واپس آیا تو پتہ چلا کہ ڈرافٹ میں کافی تبدیلیوں کا کہا گیا ہے، چار مرتبہ ڈرافٹ کو تبدیل کیا گیا، راجہ ناصر عباس اور دیگر کو خراب کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اگر فیصلے سہیل آفریدی نے کرنے تھے تو خود مذاکرات میں آجاتے، پرسوں میں نے بیرسٹر گوہر سے کہا تھا سہیل آفریدی اپنا کوئی نمائندہ بھیج دے، میں نے کہا کہ کے پی کے میں دہشت گردی کے حوالے مشکلات آرہی ہیں، میں نے کہا کہ اس حوالے سے ان سے بات کر کے آجائے، وہ لوگ گئے وزیراعلیٰ کے پی کے سے مذاکرات کرکے واپس آئے، ہماری طرف سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کا نہیں کہا گیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ان سے کہا کہ لانگ مارچ ملتوی کردے، حکومتی اراکین نے نیک نیتی کے ساتھ کوشش کی مسئلہ حل ہو، حکومتی ٹیم کو بھی کریڈٹ جاتا ہے، اگر ہمیں اندازہ ہوتا کہ اپوزیشن کمیٹی میں کوئی ایسا بندہ موجود نہیں ہے جس کے پاس کے پی کے گورنمنٹ کا بندہ موجود نہیں ہے تو مذاکرات نہ کرتے، ہم کہہ رہے تھے کہ کے پی کے میں دہشت گردی میں ایک ساتھ اکھٹے کھڑے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ حکومت کے وزراء فوج کے خلاف بیانات دے رہے ہیں شہداء کے جنازوں میں نہیں آرہے، اگر یہ کہے گے کہ آپریشن فوج کا ہوگا تو اس میں گن کون سی استعمال ہونی ہے گولی کون سی استعمال ہونی ہے، وزیراعلی کے پی کے نو بج کر پندرہ منٹ میں ایکٹیو ہوجاتے ہیں ایک دفعہ تبدیلی کہتے ہیں دوسری مرتبہ تبدیلی کہتے ہیں، وہ یہ کیوں کہہ رہے تھے ان کا مقصد کیا تھا۔ منتخب کریں ان کا کہنا تھا کہ وہاں پر ان کے ساتھ جو لوگ بیٹھے تھے انھوں نے کہا کہ ہم اس پر بالکل بات نہیں کریں گے۔ قبل ازیں محسن نقوی نے وزیراعظم سے لاہور میں ملاقات کی، ذرائع کے مطابق وزیراعظم نواز شریف سے ملاقات کے بعد محسن نقوی کے گھر پہنچے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران یہ دوسری ملاقات ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم سے ملاقات کے بعد وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کریں گے۔

جیسا گمان، ویسا جہاں

حنا حفیظ، فیصل آباد

hina.hafeez606@gmail.com

انسان کی زندگی میں شاید سب سے بڑی الجھن یہ ہے کہ وہ اکثر یہ فیصلہ نہیں کر پاتا کہ کیا اس کے اختیار میں ہے اور کیا اللہ کے اختیار میں۔

سورج کا طلوع ہونا، چاند کا اپنے وقت پر نکلنا، ستاروں کا اپنے مدار میں چلنا، موسموں کا بدلنا، درخت کا پھل دینا— یہ سب وہ معاملات ہیں جنہیں اللہ نے اپنے نظام کے تحت رکھا ہے۔

انسان چاہے بھی تو ان معاملات کو اپنی مرضی سے نہیں چلا سکتا۔ کچھ اسی طرح زندگی میں بھی بہت سے معاملات ایسے ہوتے ہیں جو ہماری کوشش سے نہیں بلکہ اللہ کے حکم، مشیت اور وقت کے مطابق ہوتے ہیں۔

لیکن عجیب بات یہ ہے کہ انسان اکثر انہی معاملات کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ لوگوں کے رویوں کو بدلنا چاہتا ہے، ہر شخص کی نیت کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے، دوسروں کی غلطیاں گنتا ہے، ان کی خامیاں تلاش کرتا ہے، یہ سوچتا ہے کہ فلاں نے ایسا کیوں کیا، فلاں نے ویسا کیوں نہیں کیا۔ وہ ان چیزوں پر اپنی ذہنی توانائی خرچ کرتا رہتا ہے جو دراصل اس کے اختیار میں ہی نہیں۔

اور پھر دوسری طرف، جو کام واقعی اس کے اپنے اختیار میں ہوتے ہیں، وہاں وہ ایک جملہ کہہ کر خود کو بری الذمہ کر لیتا ہے:

"یہ اللہ کی مرضی تھی۔"

"یہ میرے نصیب میں ہی نہیں تھا۔"

"اللہ نے ایسا ہی لکھا تھا۔"

بے شک تقدیر پر ایمان ضروری ہے، لیکن تقدیر کو اپنی کوتاہیوں کا پردہ بنا لینا درست نہیں۔

اگر محنت کرنا ہمارے اختیار میں ہے تو محنت ہمیں خود کرنی ہوگی۔ اگر فیصلہ کرنا ہمارے اختیار میں ہے تو فیصلہ ہمیں خود کرنا ہوگا۔ اگر اپنی عادت بدلنا ہمارے اختیار میں ہے تو اس کے لیے قدم بھی ہمیں خود اٹھانا ہوگا۔ اگر علم حاصل کرنا، وقت کی قدر کرنا، کسی ہنر کو سیکھنا، رشتے کو نبھانا یا اپنی غلطی کو درست کرنا ہمارے اختیار میں ہے تو یہ کام ہم اللہ کے سپرد کرکے خود ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھ سکتے۔

اللہ پر توکل کا مطلب کوشش چھوڑ دینا نہیں، بلکہ اپنی پوری کوشش کے بعد نتیجہ اللہ پر چھوڑ دینا ہے۔

زندگی کا ایک سادہ اصول ہے:

برتن میں جو ڈالا جائے گا، وہی نکلے گا۔

اگر انسان اپنی زندگی میں محنت، صبر، علم، خلوص اور مستقل مزاجی ڈالتا ہے تو انہی چیزوں کے نتائج ایک نہ ایک دن سامنے آتے ہیں۔ اور اگر وہ اپنی توانائی شکایت، حسد، بدگمانی، دوسروں کی خامیاں تلاش کرنے اور اپنی ذمہ داریوں سے فرار میں صرف کرتا رہے تو پھر اسے اپنی زندگی کے نتائج پر حیران نہیں ہونا چاہیے۔

انسان جس چیز کے لیے مسلسل تگ و دو کرتا ہے، اپنی توجہ، وقت اور توانائی صرف کرتا ہے، وہ چیز اس کی زندگی میں کسی نہ کسی شکل میں جگہ بنا لیتی ہے۔

مسئلہ یہ نہیں کہ انسان غلطیاں کرتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ وہ اکثر اپنی غلطی کو تسلیم کرنے کے بجائے اس کا نام نصیب رکھ دیتا ہے۔

ہم نے تیاری نہیں کی، نتیجہ خراب آیا— ہم نے کہا نصیب تھا۔

ہم نے فیصلہ سوچ سمجھ کر نہیں کیا— ہم نے کہا اللہ کی مرضی تھی۔

ہم نے کسی رشتے کو وقت نہیں دیا— رشتہ کمزور ہوا تو کہا قسمت میں یہی تھا۔

ہم نے اپنی صلاحیت بڑھانے کی کوشش نہیں کی— موقع کسی اور کو ملا تو کہا شاید اللہ نے میرے لیے نہیں لکھا تھا۔

حالانکہ اللہ نے انسان کو اختیار، عقل، وقت اور کوشش کی صلاحیت بھی دی ہے۔

ضرورت صرف اتنی ہے کہ ہم یہ فرق سمجھیں کہ کہاں کوشش کرنی ہے اور کہاں چھوڑ دینا ہے؛ کہاں ذمہ داری اٹھانی ہے اور کہاں اللہ پر بھروسہ کرنا ہے۔

لوگ کیا سوچتے ہیں، ان کی نیت کیا ہے، وہ ہمارے ساتھ کیسا سلوک کریں گے— یہ مکمل طور پر ہمارے اختیار میں نہیں۔ لیکن ہم ان کے رویے کے جواب میں کیا رویہ اختیار کریں گے، یہ ہمارے اختیار میں ضرور ہے۔

اسی طرح نتیجہ ہمارے اختیار میں نہیں، لیکن کوشش ہمارے اختیار میں ہے۔ دوسروں کی زبان ہمارے اختیار میں نہیں، لیکن اپنی زبان ہمارے اختیار میں ہے۔ دوسروں کی غلطیاں ہمارے اختیار میں نہیں، لیکن اپنی اصلاح ہمارے اختیار میں ہے۔

شاید سکون بھی اسی سمجھ میں چھپا ہے۔

جو اللہ کے اختیار میں ہے، اسے اللہ کے سپرد کریں؛

اور جو ہمارے اختیار میں ہے، اس کی ذمہ داری خود اٹھائیں۔

کیونکہ ہر بات کو تقدیر کہہ دینا توکل نہیں، اور ہر چیز کو اپنے قابو میں سمجھ لینا بھی عقل نہیں۔

زندگی شاید اسی توازن کا نام ہے:

جہاں کوشش ضروری ہے وہاں کوشش،
جہاں اصلاح ضروری ہے وہاں اصلاح،
اور جہاں اختیار ختم ہو جائے وہاں اللہ پر بھروسہ۔

آخر کار انسان کو وہی دنیا زیادہ دکھائی دیتی ہے جس کے لیے وہ اپنی توجہ، سوچ اور توانائی صرف کرتا ہے۔

خلیفہ کوآپریٹو جیٹی کا پالیسی فریم ورک حکومت بلوچستان کے حوالے

خلیفہ کوآپریٹو جیٹی کا پالیسی فریم ورک حکومت بلوچستان کے حوالے: BFCU نے پائیدار ماہی گیری اور ماہی گیروں کی فلاح کے لیے جامع سفارشات پیش کردیں

گوادر: بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین (BFCU) لمیٹڈ، پسنی نے "بلوچستان پائیدار ماہی گیری و آبی زراعت پالیسی 2025 تا 2035" کے تحت خلیفہ کوآپریٹو جیٹی، کوآپریٹو سوسائٹیز کی بحالی اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود پر مشتمل جامع پالیسی فریم ورک حکومت بلوچستان کے حوالے کردیا ہے۔

گوادر میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کے دوران BFCU کے ڈائریکٹر عزیز اسماعیل بلوچ نے یونین کے ایڈمنسٹریٹر سردار صابر قاسمی کی جانب سے یہ پالیسی دستاویز قائمہ کمیٹی برائے فشریز کے چیئرمین مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور صوبائی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ظہور احمد بلوچ کے سپرد کی۔

پالیسی فریم ورک کے بنیادی نکات:

خلیفہ کوآپریٹو جیٹی (ضلع حب): حب کنڈ، گڈانی میں واقع جیٹی کو محض لنگر گاہ کے بجائے ایک جامع کوآپریٹو ساحلی مرکز (Coastal Cooperative Hub) کے طور پر تیار کرنے کی تجویز، جس میں محفوظ فش لینڈنگ، کولڈ اسٹوریج، جدید مواصلات، ریسکیو اور ماہی گیروں کے لیے بنیادی فلاحی سہولیات شامل ہوں۔

کوآپریٹو سوسائٹیز کی بحالی: بلوچستان کی تمام رجسٹرڈ فشرمین کوآپریٹو سوسائٹیز کی تنظیمِ نو، آڈٹ اور جمہوری گورننس کی بحالی کے لیے خصوصی پروگرام کا قیام۔

ماہی گیر ویلفیئر فریم ورک: ماہی گیروں کی معاشی حفاظت، انشورنس، صحت، ہنگامی امدادی نظام اور موسمیاتی آفت سے بچاؤ کے لیے بروقت الرٹ میکانزم کی فراہمی۔

پبلک پرائیویٹ کوآپریٹو پارٹنرشپ (PPCP): حکومت، کوآپریٹوز، نجی شعبے اور مقامی ماہی گیر برادری کے درمیان باہم قانونی و شفاف شراکت داری کا ماڈل۔

90 روزہ جائزہ میکانزم: حکومت بلوچستان سے سفارشات کا تکنیکی، قانونی اور ماحولیاتی جائزہ لینے کے لیے 90 روزہ ایکشن اینڈ ریویو میکانزم تشکیل دینے کی درخواست۔

یونین نے واضح کیا کہ یہ دستاویز حکومت کی پالیسی کا متبادل نہیں بلکہ ایک اسٹیک ہولڈر مشاورتی فریم ورک ہے، جس کا بنیادی مقصد یہ ہے:

" قانون اول، ادارہ اول، ماہی گیر اول، سائنس اول، ماحول ہمیشہ "

کور کمانڈرز کانفرنس کا 9 مئی جیسے تشدد کے خلاف سخت ردعمل



میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی صدارت میں منعقدہ 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس نے ملکی اندرونی امن و استحکام کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کا انتشار پیدا کرنے یا 9 مئی جیسی صورتحال دوبارہ بنانے کی کوشش سے قانون کی بے لاگ حکمرانی اور حتمی قوت کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ اس اجلاس کے دوران مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء اور عام شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور اپنی جانیں قربان کرنے والوں کے لیے دعا کی گئی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ مسلح افواج قوم کی مکمل حمایت کے ساتھ پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور قومی سلامتی کا دفاع کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں، جبکہ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیاں جاری رکھنے اور جدید ٹیکنالوجی، تربیت، سامان اور جنگ کے مختلف شعبوں میں باہمی ہم آہنگی کے ذریعے دفاعی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ کانفرنس میں افغانستان کی سرزمین سے پھیلنے والی دہشت گردی کے خلاف ہدف پر مبنی کارروائیوں کے پاکستان کے حق پر بھی زور دیا گیا، دہشت گردی کے اسباب اور نظریے سے نمٹنے کے لیے مضبوط ہم آہنگی اور عوامی شمولیت کی ہدایت کی گئی اور مالی اعانت، اسلحے کی اسمگلنگ اور نقل و حرکت کے لیے استعمال ہونے والے دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو توڑنے پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ پولیس کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا کیونکہ موثر اندرونی سلامتی کے لیے باصلاحیت اور تمام ضروری سامان سے لیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ہونا لازمی ہے اور ملکی اندرونی استحکام کو پاکستان کی معاشی، سماجی اور سیاسی ترقی سے جوڑا گیا۔ کانفرنس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کا خیرمقدم کیا اور اسے مضبوط سٹریٹجک اور اجتماعی دفاعی تعاون کے فریم ورک کے طور پر سراہا، جبکہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس کے لیے اٹل عزم کا اظہار کیا۔ یہ معاہدہ اجتماعی دفاع کا حصار فراہم کرتا ہے جس کے تحت تینوں ممالک انٹیلی جنس شیئرنگ، ملٹری کوآرڈینیشن اور صلاحیتوں کے باہمی انضمام کو بڑھانے کے لیے کام کریں گے۔ کشمیر کے معاملے پر اجلاس نے پاکستان کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ اس تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، جبکہ ان کے حقِ خودارادیت کی مسلسل حمایت جاری رکھنے کی توثیق کی گئی۔ مجموعی طور پر کانفرنس نے قومی سلامتی کو اندرونی استحکام، دہشت گردی کے خاتمے، پولیسنگ اور گورننس کی مضبوطی، عوامی تعاون، جدید دفاعی صلاحیتوں، علاقائی دفاعی شراکت داریوں اور کشمیر پر پاکستان کے دیرینہ موقف کے ساتھ مربوط کیا۔

پوری قوم نے کور کمانڈرز کانفرنس کے فیصلوں، مشاہدات اور آراء کا خیرمقدم کیا ہے اور انہیں سراہا ہے۔ یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے۔ کانفرنس نے عوام کے بنیادی خدشات کو دور کیا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج ملک کے امن و استحکام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ یہ وہ تمام باتیں ہیں جن کی پاکستان کے عوام کو شدید پرواہ ہے۔ وہ امن سے رہنا چاہتے ہیں۔ وہ سیکیورٹی میں رہنا چاہتے ہیں۔ وہ ایک ایسے ملک میں رہنا چاہتے ہیں جس کی دنیا میں عزت ہو۔ فوج اس کو ممکن بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ فوج پاکستان کو ایک پرامن اور خوشحال ملک بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ پاکستان کے عوام اس کی قدر کرتے ہیں۔ وہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ وہ فوج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوام اور فوج کے درمیان یہ اتحاد پاکستان کی طاقت کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کے مستقبل کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کی کامیابی کی بنیاد ہے۔

9 مئی جیسے تشدد کے خلاف تنبیہ خاص طور پر اہم ہے۔ 9 مئی قوم کے لیے ایک تکلیف دہ دن تھا۔ یہ وہ دن تھا جب سیاسی تشدد کا بدنما چہرہ سامنے آیا تھا۔ یہ وہ دن تھا جب پاکستان کے دشمنوں نے سوچا کہ وہ ملک کو تباہ کر سکتے ہیں۔ وہ غلط تھے۔ قوم اٹھی۔ قوم نے تشدد کو مسترد کر دیا۔ قوم نے انارکی کو مسترد کر دیا۔ قوم ریاست کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم اداروں کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم فوج کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ یہ اتحاد ایک طاقتور پیغام تھا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو توڑا نہیں جا سکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ کور کمانڈرز کانفرنس نے اسی اتحاد کو آگے بڑھایا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ افراتفری پیدا کرنے کی کسی بھی آئندہ کوشش کا قانون کی تمام تر طاقت سے مقابلہ کیا جائے گا۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سننے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو احترام دینے کی ضرورت ہے۔ قوم کو امن کی ضرورت ہے۔ قوم کو خوشحالی کی ضرورت ہے۔ قوم انارکی اور تقسیم کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ قوم تشدد اور افراتفری کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ قوم کو آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے امید کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ قوم کی حمایت سے مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور قومی سیکیورٹی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ یہ ایک اطمینان بخش بیان ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ وہ محفوظ ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی حفاظت کی جا رہی ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی فوج تیار ہے۔ مسلح افواج پاکستان کی محافظ ہیں۔ وہ دن رات پہرہ دیتی ہیں۔ وہ سرحدوں پر پہرہ دیتی ہیں۔ وہ شہروں میں پہرہ دیتی ہیں۔ وہ ہر جگہ پہرہ دیتی ہیں۔ وہ کسی بھی خطرے کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ وہ ملک کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وہ کوئی بھی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ یہ ان کا فرض ہے۔ یہ ان کی عزت ہے۔ یہ ان کی زندگی ہے۔ قوم ان کی خدمات کی شکر گزار ہے۔ قوم ان کے عزم پر فخر کرتی ہے۔ قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ قوم ان کی حمایت کرتی ہے۔ قوم ہمیشہ ان کے پیچھے رہے گی۔

پوری قوم نے کور کمانڈرز کانفرنس کے فیصلوں کا خیرمقدم کیا ہے اور انہیں سراہا ہے۔ پوری قوم ملک کو پرامن اور خوشحال بنانے کے لیے پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے پہنچانے کی ضرورت ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے سننے کی ضرورت ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان بہادر اور باہمت لوگوں کی قوم ہے۔ اس نے بہت سے چیلنجز کا سامنا کیا ہے۔ اس نے کئی رکاوٹوں پر قابو پایا ہے۔ اس نے کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا ہے۔ وہ اس کا بھی مقابلہ کرلے گا۔ وہ اس چیلنج پر بھی قابو پالے گا۔ وہ مزید مضبوط اور متحد ہو کر ابھرے گا۔ فوج اس کوشش میں سب سے آگے ہوگی۔ فوج راستے کی قیادت کرے گی۔ فوج قوم کی حفاظت کرے گی۔ فوج قوم کی خدمت کرے گی۔ فوج قوم کا سر فخر سے بلند کرے گی۔ یہ کور کمانڈرز کانفرنس کا وعدہ ہے۔ یہ پاک فوج کا وعدہ ہے۔ یہ پاکستان کا وعدہ ہے۔ اور یہ ایک ایسا وعدہ ہے جسے پورا کیا جائے گا۔

میں سیاچن گیا-ایک صحافی کی آنکھ سے برفانی محاذ کی داستان

تحریر: عباس ملک

بعض سفر راستوں پر نہیں، تقدیر کے اوراق پر لکھے جاتے ہیں؛ مسافر قدموں سے نہیں،
اپنی روح کی کسی پوشیدہ سرحد سے گزر کر واپس آتا ہے۔ کچھ مقامات دیکھے نہیں جاتے،
وہ انسان کو دیکھتے ہیں،
اس کے اندر اترتے ہیں، اس کے سوالوں کو جگاتے ہیں
اور پھر اسے پہلے جیسا نہیں رہنے دیتے۔---
وہ ایک سرد رات تھی
۔ میں اپنے گاؤں کے گھر میں کھڑکی کے پاس کھڑا تھا۔
باہر سردی بڑھ رہی تھی۔
نہ جانے سخت ٹھنڈ کے باوجود کیوں میں نے کھڑکی کھول دی۔ ایک تیز یخ بستہ جھونکا میرے
جسم سے ٹکرایا اور جیسے ہڈیوں تک اتر گیا۔
سامنے دریائے سندھ خاموشی سے بہہ رہا تھا۔
اوپر نیلا آسمان جیسے دریا ہے سندھ کے سینے پر جھکا ہوا تھا۔
پرندے دریا اور آسمان کے درمیان پھیلی ہوئی



وسعت میں اڑ رہے تھے۔
چاند کبھی بادلوں کی اوٹ سے جھلک دکھاتا اور کبھی مکمل طور پر چھپ جاتا---
میں نے کھڑکی بند کردی اور واپس آکر ٹیلی ویژن کے سامنے بیٹھ گیا--------
سکرین پر سیاچن گلیشیئر کے حوالے سے ایک فلم یا دستاویزی پروگرام چل رہا تھا۔ سفید پہاڑ،
برفانی ہوائیں، خاموش چوٹیاں
اور ان سب کے درمیان پاکستان کے جوان----
میں نہ جانے کتنی دیر ٹی وی کی سکرین پر سیاچن کے برف پوش پہاڑوں اور وہاں تعینات جوانوں کے مناظر دیکھتا رہا۔
پھر میرے اندر سے ایک خیال اٹھا------
میں سیاچن جاؤں گا۔
یہ فیصلہ شاید عقل کا نہیں،
دل کا تھا۔
میں برف دیکھنے نہیں جانا چاہتا تھا۔
میں ان عظیم انسانوں کو دیکھنا چاہتا تھا
جو اس برف کے درمیان کھڑے ہیں۔ میں جاننا چاہتا تھا کہ جب سردی جسم کو شل کرنے لگتی ہے، جب رات ختم ہونے کا نام نہیں لیتی،
جب گھر ہزاروں میل دور رہ جاتا ہے
اور سامنے صرف برف، پہاڑ اور خاموشی ہوتی ہے
تو ایک سپاہی کے دل میں کیا گزرتی ہے----
میں خود سے باتیں کرنے لگا کہ
'یہ آسان نہیں۔
وہاں پہنچنا
عام سفر جیسا نہیں،
بہت سے مراحل سے گزرنا پڑتا ہے---
موسم سخت ہے
اور راستہ بھی کوئی معمول کا راستہ نہیں۔
مگر میرا دل اور ذہن کہاں رکنے والا تھا----
میں اپنے جوانوں سے محبت کرتا ہوں۔
میں ان کے بارے میں بہت زیادہ لکھتا رہا ہوں۔
میں ہمیشہ یہ سمجھتا آیا ہوں کہ وردی کے اندر صرف ایک سپاہی نہیں ہوتا؛ وہاں کسی ماں کا بیٹا، کسی بہن کا بھائی، کسی عورت کا شوہر اور کسی بچے کا بابا بھی موجود ہوتا ہے----
میں نے ٹی وی بند کر دیا
مگر سیاچن میرے ذہن سے نہ نکل سکا رات گہری ہوتی گئی اور اخر کار میں سوتے سوچتے سو گیا
اگلی صبح جب انکھ کھلی تو رات کا وہ خیال اب محض خیال نہیں رہا میں نے سیاچن جانے کے لیے ضروری رابطوں اور معلومات حاصل کرنا شروع کردی
کاغذات مکمل کیے اور سفر کی تیاری میں لگ گیا
اور پھر وہ دن بھی آ گیا جب میرے سفر کا آغاز ہونا تھا---
صبح ابھی پوری طرح روشن نہیں ہوئی تھی جب میں راولپنڈی سے روانہ ہوا۔
شہر کی سڑکیں آہستہ آہستہ پیچھے رہ گئیں۔ گاڑی شمال کی طرف بڑھتی گئی۔
میں کھڑکی سے باہر دیکھتا جاتا
اور خاموشی سے سوچتا کہ آخر وہ دنیا کیسی ہوگی جسے میں آج تک صرف تصویروں اور ٹیلی ویژن کی سکرین پر دیکھتا آیا ہوں-------سفر جاری تھا گاڑی ہر چیز پیچھے چھوڑتی جا رہی تھی---
کافی طویل سفر کرنے کے بعد
پہاڑ قریب آنے لگے---
موسم بدلنے لگا۔
ہوا میں خنکی بڑھتی گئی۔
راستے میں ایک جگہ چائے کے لیے گاڑی رکی
۔ میں نے کپ ہاتھ میں لیا تو محسوس ہوا کہ یہاں کی چائے بھی شاید سردی سے مقابلہ کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔
ڈرائیور نے مسکرا کر کہا،
''صاحب! آگے جا کر یہی چائے یاد آئے گی۔''
میں بھی مسکرا دیا۔
مگر دل میں ایک ہی سوال تھا:
آگے میرے ملک کے بہادر جوان کس حال میں ہوں گے؟
سفر جاری رہا۔
آبادیاں کم ہوتی گئیں،
پہاڑ بڑھتے گئے۔
کہیں بادل پہاڑوں کو چھو رہے تھے،
کہیں سڑک چٹان کے ساتھ لپٹی ہوئی تھی اور کہیں نیچے گہری وادی خاموشی سے پھیلی ہوئی تھی۔
شام تک ہم ایک پہاڑی مقام پر پہنچے جہاں رات کا قیام تھا۔
وہاں ایک چھوٹا سا ہوٹل تھا
جس کا نام دیکھ کر میں بے اختیار مسکرا دیا:
''ہوٹل برف پگھلاؤ''
ہوٹل کے مالک نے بتایا کہ یہ نام انہوں نے اس لیے رکھا ہے کہ یہاں آنے والا ہر شخص پہلے دن کہتا ہے کہ بہت سردی ہے
اور دوسرے دن کہتا ہے کہ بس اب برف پگھلنی چاہیے۔
میں نے کہا،
'اگر واقعی برف پگھل گئی تو پھر آپ کا ہوٹل کیسے چلے گا؟''
وہ ہنس پڑا-------
سردی کے اس سفر میں یہ ایک مختصر سی ہنسی تھی،
مگر شاید ایسی ہی چھوٹی چھوٹی باتیں انسان کو بڑے سفر کی تھکن سے بچاتی ہیں۔------
۔ہم رک گئے کیونکہ رات ہوگئی---
رات کمرے میں پہنچا تو ہیٹر چل رہا تھا، مگر سردی پھر بھی موجود تھی۔
میں نے کمبل اوڑھا، مگر نیند آنکھوں سے دور تھی۔
میں سوچ رہا تھا:
جس سردی نے مجھے ایک رات بستر پر بے چین کر دیا ہے،
میرے جوان اسے کیسے برداشت کرتے ہوں گے؟
اگلی صبح سفر پھر شروع ہوا۔
اب راستے پہلے سے زیادہ دشوار تھے۔
برف کے آثار دکھائی دینے لگے تھے
۔زمین کا رنگ بدل رہا تھا۔ سبزہ کم ہوتا جا رہا تھا
اور سفید رنگ آہستہ آہستہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا------
ایک مقام پر گاڑی رکی میں گاڑی سے باہر نکلا تو ہوا نے چہرے پر ایسی ضرب لگائی جیسے کسی نے برف کا مٹھی بھر پانی پھینک دیا ہو۔
میں نے اپنا مفلر مزید کس لیا۔
ڈرائیور نے مسکرا کر کہا:
''ابھی تو آغاز ہے۔''
میں نے اس کی طرف دیکھا اور سوچا:
اگر یہ آغاز ہے تو میرے جوان روزانہ کس امتحان سے گزرتے ہوں گے؟
کچھ دیر بعد سفر دوبارہ شروع ہوا۔
جوں جوں ہم بلندی کی طرف بڑھتے گئے، دنیا پیچھے چھوٹتی گئی۔
پھر وہ لمحہ آیا جب چاروں طرف سفیدی تھی۔
برف۔ پہاڑ برفانی ہوا۔
اور ایک ایسی خاموشی جس میں آدمی اپنے دل کی دھڑکن تک سن سکتا تھا۔
میں نے پہلی مرتبہ سیاچن کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔
میں چند لمحوں کے لیے بالکل خاموش ہو گیا۔
ہر سفید چیز
حسین نہیں ہوتی۔
یہ سفیدی خوب صورت ضرور تھی، مگر اس کے اندر نہ جانے کتنی راتیں دفن تھیں،
کتنے انتظار،
کتنی دعائیں،
کتنی ادھوری خواہشیں،
کتنے بچوں کے سوال اور کتنی ماؤں کی بے قراری۔
یہاں برف صرف برف نہیں تھی۔
یہ کسی کی جدائی بھی تھی۔
کسی کا انتظار بھی۔
کسی کے گھر سے دوری بھی۔
اور کسی کی قربانی بھی۔
وہاں ایک سادہ سی قیام گاہ میں قیام کیا۔
کمرہ مختصر تھا، سہولتیں محدود تھیں اور باہر ایسی ہوا چل رہی تھی کہ دروازہ کھولتے ہی محسوس ہوتا تھا
جیسے سردی پورے جسم کو اپنی گرفت میں لے لے گی۔
میں نے رات کو بستر پر لیٹنے کی کوشش کی، مگر نیند نہیں آئی۔
باہر پہاڑوں پر ہوا چل رہی تھی۔
میں نے آنکھیں بند کیں تو مجھے اپنے شہر کے گھر یاد آنے لگے۔
پھر اچانک خیال آیا:
یہاں کھڑے ان جوانوں کو اپنے گھر کتنے یاد آتے ہوں گے؟
میں نے اگلی صبح ایک جوان سے بات کی۔
بات بہت عام سی تھی،
مگر پھر آہستہ آہستہ گفتگو گھر تک جا پہنچی۔
وہ اپنے بچوں کا ذکر کرنے لگا۔
اس کی آنکھوں میں ایک لمحے کے لیے برفانی سردی نہیں، گھر کی گرمی اتر آئی۔
اس نے بتایا کہ اس کا بچہ اب بڑا ہو رہا ہے۔
میں نے پوچھا،--
--یاد آتی ہوگی-----
وہ چند لمحے خاموش رہا اور بولا:
'' بچے ماں سے پوچھتے ہوں گے ،

بابا کب آئیں گے؟''
میں خاموش ہو گیا۔
یہ سوال شاید دنیا کا سب سے مختصر سوال ہے،
مگر ایک دور بیٹھے باپ کے لیے شاید سب سے مشکل۔
بابا کب آئیں گے؟
ہم شہروں میں بچوں کے بچپن کو اپنی آنکھوں کے سامنے گزرتا دیکھتے ہیں۔
ان کا پہلا قدم،
پہلی مسکراہٹ،
پہلی شرارت،
پہلا اسکول،
پہلی عید،
پہلی کامیابی۔
مگر ایک سپاہی؟
وہ شاید ان میں سے بہت کچھ تصویر میں دیکھتا ہے۔
اسے تصویر ملتی ہے۔
وہ اسے دیکھتا ہے۔
مسکراتا ہے۔
شاید آنکھ بھیگ جاتی ہے۔
پھر تصویر جیب میں رکھتا ہے اور دوبارہ برف کی طرف دیکھنے لگتا ہے۔
میں نے دوبارہ پوچھا اتنا عرصہ ہوگیا بچوں سے بات کی ہے
تو اس نے کہا
چھوڑیں---
سب سے پہلے پاکستان
بچے اللہ کے حوالے کر کے ایا ہوں--
وہاں مجھے ایک اور جوان ملا شاید افسر تھا
اس کے کندھوں پر ذمہ داری تھی،
لہجے میں ٹھہراؤ تھا،
بات میں حکم کی طاقت تھی،
مگر جب گھر کا ذکر آیا
تو اچانک وہ بھی ایک عام انسان دکھائی دینے لگا
۔ لیکن اچانک اس کا لہجہ بدل گیا
کہنے لگا سب سے پہلے پاکستان-------
میں نے دل میں سوچا:
جس افسر کے ماتحت سینکڑوں جوان ہوں، اس کی اپنی تنہائی کا افسر کون ہوگا؟
یہ سوال میرے اندر بہت دیر تک گونجتا رہا۔
ہم اکثر سپاہی کو صرف وردی میں دیکھتے ہیں۔
مگر وردی کے اندر ایک انسان ہوتا ہے۔
وہ بھی تھکتا ہے۔
وہ بھی ہنستا ہے۔
وہ بھی اپنے بچوں کو گلے لگانا چاہتا ہے۔
وہ بھی اپنی ماں کے ہاتھ کی روٹی کھانا چاہتا ہے۔
وہ بھی چاہتا ہے کہ عید کی صبح گھر میں ہو۔
مگر سرحدیں عید نہیں دیکھتیں۔
سرحدیں موسم نہیں دیکھتیں۔
سرحدیں یہ نہیں دیکھتیں کہ آج گھر میں خوشی ہے یا کسی کے بچے کی سالگرہ۔
فرض اپنی جگہ کھڑا رہتا ہے۔
میں نے وہاں سوچا کہ ہمارے گھروں میں عید کے دن بچے نئے کپڑے پہنتے ہوں گے، عیدی کا انتظار کرتے ہیں،
مائیں دعائیں مانگتی ہیں
، بیویاں شوہر کی آواز سننے کو بے تاب ہوتی ہوں گی۔
اور یہاں؟
یہاں عید شاید ایک خط ہوتی ہے۔
ایک تصویر۔
ایک فون کال۔
یا بچے کی آواز:
بابا، جلدی گھر آنا۔
تب مجھے سمجھ آیا:
سپاہی صرف سردی برداشت نہیں کرتا،
وہ انتظار برداشت کرتا ہے۔
سردی جسم کو تکلیف دیتی ہے۔
انتظار دل کو۔
اور دل کی سردی کے لیے کوئی گرم لباس نہیں ہوتا۔
میں برف پر چلتا ہوا آگے بڑھا تو میرے قدموں کے نیچے برف چرچراتی تھی
۔دور ایک پرچم لہرا رہا تھا
۔ہوا اسے بار بار اپنی طرف کھینچتی،
مگر وہ پھر سیدھا ہو جاتا۔
میں کافی دیر اسے دیکھتا رہا۔
پھر میری نظر ایک جوان پر پڑی۔
اس کے پیچھے
برفانی پہاڑ تھے۔
سامنے سرحد۔
اور شاید دل میں کہیں اس کا گھر۔
میں نے سوچا:
یہاں صرف ایک جوان نہیں کھڑا۔
اس کے ساتھ اس کی ماں کی دعا کھڑی ہے۔
اس کی بیوی کا انتظار کھڑا ہے۔
اس کے بچوں کا مستقبل کھڑا ہے۔
اور ہمارے گھروں کا سکون بھی۔
اسی لمحے میرے دل میں عوام الناس کے لیے ایک بات آئی۔



ہم کسی بھی سپاہی کے بارے میں کچھ کہنے سے پہلے ایک لمحہ ٹھہر کر سوچیں۔
تنقید ہو،
اختلاف ہو یا کوئی سوال،
اپنی جگہ؛
مگر یہ ضرور دیکھیں کہ جس انسان کے بارے میں ہم بات کر رہے ہیں وہ بھی کسی کا بیٹا ہے،
کسی کا بھائی ہے، کسی کا شوہر ہے، کسی کا سہاگ ہے،
کسی بچے کا بابا ہے۔
وہ اپنا آج ہمارے کل پر قربان کر رہا ہے۔
وہ اپنے بچوں کا بچپن چھوڑ کر ہمارے بچوں کے مستقبل کی حفاظت کر رہا ہے۔
وہ اپنے گھر کی خوشی چھوڑ کر ہمارے گھروں کے سکون کی نگرانی کر رہا ہے
میں صرف یہ کہتا ہوں کہ کہنے سے پہلے ایک بار ان پہاڑوں کی سردی کو محسوس کر لیا جائے،
جہاں انسان اپنی ذات سے پہلے فرض کو کھڑا کرتا ہے۔
شاید اس کے بعد ہمارے الفاظ میں کچھ نرمی پیدا ہو جائے۔
شاید ہم اختلاف بھی کریں تو احترام کے ساتھ کریں۔
شاید ہمیں یاد رہے کہ وردی کے اندر بھی ایک دل دھڑکتا ہے۔
اور یہ دل بھی کبھی کبھی اپنے گھر کو یاد کرتا ہے۔
میں ان برف پوش بلندی تک اس لیے جانا چاہتا تھا کہ اپنی انکھوں سے دیکھ سکوں کہ ہمارے جوان سردی میں وطن کی حفاظت پر ڈٹے رہتے ہیں
میری عوام سے بس اتنی سی گزارش ہے کہ اپنی عظیم افواج پر تنقید کا جملہ کہنے سے پہلے ایک لمحے کے لیے ان برفانی چوٹیوں کو ضرور یاد کر لیا کریں
کہ اپ اپنے گھروں میں سکون کی نیند سو رہے ہوتے ہیں تو یہی جوان اسی یخ بستہ برف میں جاگ کر اپ کے سکون
اپ کے گھروں اور اپ کے وطن کی حفاظت کر رہے ہوتے ہیں
دشمن کے پراپیگنڈے یا کسی کی چال میں انے سے پہلے اس حقیقت کو ضرور
ذہن میں رکھیے کہ سرحد پر کھڑا جوان صرف سرحد نہیں اپ کے سکون کی بھی نگہبانی کر رہا ہوتا ہے
بحرحال میں آگے چلتا گیا،
اتنا ہی محسوس کرتا گیا کہ یہ محض برفانی محاذ نہیں۔
یہ انسان کے اندر کا محاذ بھی ہے۔
ایک طرف وطن۔
دوسری طرف گھر۔
ایک طرف فرض۔
دوسری طرف محبت۔
ایک طرف سرحد۔
دوسری طرف بچے کا ہاتھ۔
اور سپاہی؟
وہ اپنے دل کو سمجھاتا ہے:
ابھی نہیں۔
--ابھی وطن پہلے ہے--------
وہاں رات آئی تو آسمان پر ستارے بہت قریب محسوس ہو رہے تھے۔
برف پر چاندنی پڑ رہی تھی۔
دور کہیں سے ہلکی سی روشنی دکھائی دے رہی تھی۔
میں دیر تک جاگتا رہا۔
مجھے اپنے گھر کی کھڑکی یاد آئی۔
دریائے سندھ یاد آیا۔
وہ پرندے یاد آئے
جو دریا اور آسمان کے درمیان اڑ رہے تھے۔
اور مجھے لگا جیسے میں اپنے گھر سے بہت دور نہیں
، بلکہ اپنے ہی سوال کے جواب تک پہنچ گیا ہوں۔
میں یہاں برف دیکھنے آیا تھا۔
مگر میں نے انتظار دیکھا۔
میں پہاڑ دیکھنے آیا تھا۔
مگر میں نے انسان دیکھا۔
میں محاذ دیکھنے آیا تھا۔
مگر میں نے گھر دیکھے۔
وہ گھر جو یہاں سے بہت دور تھے،
مگر ہر جوان کے دل میں آباد تھے۔
سفید پہاڑ خاموش تھے۔
ہوا تیز تھی۔
پرچم لہرا رہا تھا۔
اور جوان اپنے فرض پر قائم تھے۔
میں نے دل میں کہا:
تم اکیلے نہیں ہو--- تمہارے پیچھے پورا پاکستان ہے تمہارے پیچھے ہر ماں کی دعائیں ہیں۔
پھر میں واپس چل پڑا۔
راستے وہی تھے،
مگر میری نظر بدل چکی تھی۔
پہاڑ وہی تھے،
مگر مجھے ان میں چہرے دکھائی دینے لگے تھے۔
ہر برفانی چوٹی کے پیچھے کوئی گھر تھا۔
ہر خاموش مورچے کے پیچھے کسی ماں کی دعا تھی۔
ہر جوان کے پیچھے کسی بچے کی آواز تھی۔
میں سوچ رہا تھا:
میں سیاچن گیا تھا۔
میں برف دیکھنے گیا تھا۔
میں پہاڑ دیکھنے گیا تھا۔
مگر واپس آتے ہوئے مجھے معلوم ہوا کہ میں نے وہاں پاکستان دیکھا ہے----
سفر طویل تھا۔
رات گہری ہوتی جا رہی تھی۔
آنکھوں کے سامنے کبھی برف آتی،
کبھی وہ جوان،
کبھی اس کا بچہ
اور کبھی وہی سوال:
بابا کب آئیں گے؟
میں شاید جواب دینا چاہتا تھا۔
مگر میرے پاس جواب نہیں تھا۔
اچانک---
آسمان پہ بادل گرجے
ایک زوردار گڑگڑاہٹ ہوئی۔ اور--------
میری آنکھ کھل گئی۔
میں نے گھبرا کر چاروں طرف دیکھا۔
میں سیاچن میں
نہیں تھا۔
میں اپنے بستر پر پڑا تھا
میرا جسم پسینے سے شرابور تھا۔
سانس تیز چل رہی تھی۔
چند لمحوں تک مجھے سمجھ ہی نہیں آیا کہ میں کہاں ہوں۔
پھر میری نظر سامنے ٹیلی ویژن کی سکرین پر گئی۔
شاید آہستہ آواز میں ٹی وی وہی چلتا رہ گیا تھا---
۔اور میں نیند کی وادیوں میں جا چکا تھا۔--
وہی کمرہ تھا۔



وہی بستر تھا۔
وہی کھڑکی تھی۔
مگر سکرین پر اب سیاچن کے پہاڑ نہیں تھے۔
خبر چل رہی تھی۔
ملک کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی تھی
۔کہیں پانی گھروں میں داخل ہو رہا تھا، کہیں سڑکیں زیر آب تھیں،
کہیں لوگ محفوظ مقامات کی طرف منتقل ہو رہے تھے۔
میں چند لمحے
ٹی وی کو دیکھتا رہا۔
پھر میرے ذہن میں اچانک وہی جوان آ گئے۔
وہ جوان جو برف میں کھڑے تھے۔
وہ جوان جن کے بچے اپنے باپ کا انتظار کر رہے تھے۔
وہ جوان جن کی مائیں دعائیں کر رہی تھیں۔
وہ جوان جن کی بیویاں ان کی آواز سننے کو ترس رہی تھیں۔
رہے ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ صفائی کے عمل میں انتظامیہ کا ساتھ دیں کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر رکھے ویسٹ کنٹینرز میں ڈالیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں سار کو انتظامیہ کا عزم ہے کہ تعطیلات سمیت ہر روز صفائی کا عمل جاری رکھتے ہوئے تحصیل بھر کو صاف، سرسبز اور خوبصورت بنایا جائے

بقیہ سحر 19

مقدمہ کا اندراج تھانہ اگوکی کرا کر ملزم کو بند سلاسل کیا گیا پیٹرولنگ پولیس ساہووالہ نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسے جرائم پیشہ عناصر جو معاشرے میں نوجوان نسلوں کو برباد کر رہیں ہیں ان جیسے عناصروں کو کسی قسم کا ریلیف نہیں دیا جائے گا اور نہ ہی ایسے لوگ کسی قسم ریلیف کے حقدار ہیں

بقیہ سحر 20

کا انعقاد کیا گیا جس میں انٹر کے سالانہ امتحان 2026 میں بہاولپور بورڈ میں آرٹس گروپ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں کے نابینا طالب علم رانا سمیع الرحمان او 1000 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے دیگر طلبا میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر میاں عبدالمجید جتالہ، بار ایسوسی ایشن چشتیاں کے صدر حافظ مختار، چشتیاں کے وکلاء، گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں کے سابق طلبا، ڈاکٹرز، پروفیسر شہزادہ بختیار، پروفیسر ریاض مہاروی، پروفیسر طارق مسعود عالم اور پروفیسر ڈاکٹر محمد صادق ریٹائرڈ پرنسپلز ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ضلع بہاولنگر پروفیسر صبغت اللہ اور معزز شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر کالجز بہاولپور ڈویژن پروفیسر ڈاکٹر شرافت علی تھے۔

بقیہ سحر 21

وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سید مدثر رضا نے کہا کہ پیرا کا بنیادی مقصد تجاوزات اور زمینوں پر ناجائز قبضوں کا خاتمہ اور اشیاء خوردونوش کی مقررہ قیمتوں پر فروخت یقینی بنانا ہے، جس کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن بلا امتیاز جاری ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں بھرپور آگاہی مہم کے بعد اب تجاوزات کے خلاف کارروائی کے اگلے مرحلے میں حکومتی ہدایات پر سختی کے ساتھ عمل درآمد کروایا جائے گا، ضلع بھر میں ریڑھیوں کو مقررہ جگہوں کے علاوہ کہیں بھی کھڑا ہونے کی اجازت نہیں ہوگی، خلاف ورزی کی صورت میں ریڑھی بان کو جرمانے اور قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اشیاء خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے پیرا فورس کے گشت کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے اور پیرا کے جوان خریداروں سے اشیاء کی قیمتوں کے بارے پوچھیں گے اور زائد قیمت پر اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کریں گے تاکہ لوگوں کو عملی طور پر ریلیف دیا جا سکے، سید مدثر رضا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ڈپٹی کمشنر رعنا حمید کی طرف سے انہیں واضح ہدایات ہیں کہ لوگوں کو عملی طور پر زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ سحر 22

ویرکشن بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 23

اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے مسائل کی نشاندہی پر متعلقہ ٹیموں کو فوری متحرک کیا جا رہا ہے اور ضلع بھر میں خصوصی صفائی آپریشن جاری رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ صفائی برقرار رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، کچرا مقررہ مقامات پر تلف کریں اور صفائی سے متعلق مسائل کی بروقت نشاندہی کریں تاکہ شہریوں کی آواز اور انتظامیہ کی کارروائی مل کر صاف ستھرا سیالکوٹ یقینی بنا سکے۔

بقیہ سحر 24

عبادت کے لیے تحفظ فراہم کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے پولیس افسران و اہلکاروں کو سیکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے اور عبادت گاہوں کے اطراف میں بھرپور نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 25

ہے۔ جبکہ اسسٹنٹ کمشنر رینالہ کے اداروں کے وزٹ محض ایک فوٹو سیشن یا ٹک ٹاک ویڈیو کی حد تک محدود ہیں عملی طور پر ان کی کارکردگی سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے۔ جس پر ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے کہا کہ ایک اچھی ایڈمنسٹریشن کے لئے ضروری ہے کہ وہ سب کو ساتھ لیکر چلے تاکہ شہر میں امن کی فضا خراب نہ ہو اس لئے وہ رینالہ خورد کے تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے اور اعلی حکام تک بھی ان کی شکایات پہنچائیں گے۔

بقیہ سحر 26

نمبر 58/6 کے رہائشی الطاف حسین کے زرعی رقبہ سے نامعلوم چور مبینہ طور پر 8 لاکھ روپے مالیت کا ٹرانسفارمر چوری کر کے لے گئے۔

بقیہ سحر 27

منقطع کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایک میٹر جو کنزیومر نے اتار کر رکھا تھا ریکور کر لیا گیا، ایک میٹر جو شفٹ ہوا تھا کاٹ لیا گیا، تین میٹر کمپریسر استعمال کرنے کے باعث قواعد کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے، جس پر متعلقہ میٹرز منقطع کر دیے گئے۔ یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس کی ان کارروائیوں کا مقصد نہ صرف گیس چوری کا خاتمہ ہے بلکہ گیس پریشر میں بہتری، صارفین کو بلاتعطل فراہمی، اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ بھی شامل ہے۔ اس موقع پر جنرل منیجر سوئی گیس ملتان نے کہا کہ صارفین کی جان و مال کی حفاظت ادارے کے لیے خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے صارفین کو ہدایت کی کہ گیس استعمال کرنے سے قبل یہ ضرور تسلی کر لیں کہ کہیں گیس کی بو تو محسوس نہیں ہو رہی۔ اگر کسی بھی قسم کی گیس کی بو محسوس ہو تو فوری طور پر تمام کھڑکیاں اور دروازے کھول دیں اور گیس یا بجلی سے چلنے والے کسی بھی آلے کو ہرگز آن نہ کریں۔ جنرل منیجر نے واضح کیا کہ گیس چوری اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی تاکہ تمام صارفین کو محفوظ، معیاری اور مسلسل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ سحر 28

وعقیدے کا اہم حصہ ہے انہوں نے حوثیوں کی جانب سے حرمین شریفین پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ کے معاملے میں پاکستانی عوام کے جذبات واضح اور دوٹوک ہیں کانفرنس کی کامیابی کے لیے رابطہ مہم تیز کر دی گئی ہے جبکہ مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں کانفرنس میں مرکزی وصوبائی قائدین کے علاوہ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے صدر حافظ سلمان اعظم خصوصی شرکت کریں گے۔

بقیہ سحر 29

ہوسکتی ہے لیکن میٹر کی تکنیکی خرابی یا پرانا ہونے کی صورت میں قانونا نیا میٹر مفت لگایا جانا چاہیے مگر یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے مزدور کسان کمیٹی کے عہدیداران نے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ واپڈا کی اس لوٹ مار کا فوری نوٹس لیا جائے اور مہنگائی کے ستائے غریب عوام کو اس عذاب سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ سحر 30

ٹیکسیشن آفیسر لودھراں سید محمد رضا شاہ 50% کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے اسطرح ملتان ڈویژن کے انسپکٹروں میں ملتان زون 2 کی انسپکٹر مسز مریم بتول 77% کے ساتھ پہلے نمبر پر ملتان زون 2 کے مزمل شہزاد 76% کے ساتھ دوسرے اور ملتان زون 1 کی مس شنیعہ طلحہ محمود 74% کے ساتھ تیسرے نمبر پہ رہی مسٹر نعمان شہزاد 72% کے ساتھ چوتھے اور امیر احمد اجمیری 70 کے ساتھ 5 ویں نمبر پہ رہے ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملتان ڈویژن افتخار احمد ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن خالد حسین قصوری اور دیگر تمام سٹاف ممبران نے ان آفیسرز کو شاندار کارکردگی پر مبارکباد پیش کی ہے

بقیہ سحر 31

پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب، آئی جی پنجاب، آر پی او ساہیوال، ڈپٹی کمشنر پاکپتن اصف رضا، ڈسٹرکٹ پولیس افسر جاوید اقبال چدھڑ و دیگر اعلیٰ ومتعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بااثر دستگیر بودلہ اور شفیع وٹو سے اس کی اراضی واہگزار کروائی جائے مجھے انصاف اور تحفظ دیا جائے۔

بقیہ سحر 32

ملاوٹ شدہ ناقص پٹرول اور ڈیزل کے استعمال سے ٹریکٹرز، بسوں اور ویگنوں، کاروں اور موٹر سائیکلوں کے انجن ناکارہ ہونے لگے اور گاڑیاں کھٹارہ ہو رہی ہیں۔ گاڑیاں سے نکلنے والے دھوئیں سے فضائی آلودگی بڑھ رہی ہے۔ مالکان کو لاکھ روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے انتظامیہ اور سول ڈیفنس سے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 33

پاکپتن اور ان جیسے چھوٹے شہر بھی کاروباری سرگرمیوں کیلئے پریشان ہوتے ہیں، مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے جنرل سیکرٹری اور انجمن تاجران منڈی روڈ پاکپتن کے صدر معروف کاروباری شخصیت شیخ محمد نعیم ایڈووکیٹ نے اس بات پر زور دیا کہ جب تک سیاسی قوتیں قومی معاملات پر اتفاق رائے نہیں کرتی معیشت کی بہتری ایک خواب ہی رہے گی۔

بقیہ سحر 34

کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر مرمت کروائی جائے اور سڑک کو مزید نقصان سے بچایا جائے۔

بقیہ سحر 35

منتقل کیا گیا جہاں خاتون دم توڑ گئی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ سحر 36

جاری ہے ایم ڈی واسا کی ہدایت پر تمام سیوریج سب ڈویژنوں کی ٹیمیں دن اور رات کی شفٹوں میں فیلڈ میں متحرک ہیں اور جدید مشینری کے ذریعے سیوریج لائنوں اور سپیشل ٹیموں کے ذریعے سب ڈویژنوں کی سطح پر ڈی سلٹنگ کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ نکاسی آب کی شکایات کے دوران شہریوں کو بھرپور ریلیف ملے جمعہ کی شب اور ہفتہ کے روز شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج ٹیموں نے بھاری مشینری کے ساتھ آپریشن کرتے ہوئے سیوریج لائنوں کی مؤثر صفائی کی گئی اور موصول ہونے والی شکایات کا بروقت ازالہ کیا اور تمام سیوریج سب ڈویژنوں نے اپنی اپنی حدود میں جاری صفائی مہم اور شکایات کے ازالے سے متعلق تفصیلی کارکردگی رپورٹ مینجنگ ڈائریکٹر واسا کو پیش کی، رپورٹ کے مطابق نشتر روڈ، طارق آباد، گلگشت بستی خداداد، قاسم بیلا، چاہ ڈھال والا ممتاز آباد، ولایت آباد اور لوہا مارکیٹ میں درجنوں مین ہولز کی صفائی کی گئی جس کا جائزہ لیتے ہوئے ایم ڈی واسا فیصل شوکت نے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹرز کو ہدایت کی کہ صفائی مہم کو مزید مؤثر اور تیز بنایا جائے ڈیسلٹنگ پر مامور ٹیموں کیلئے تمام ضروری حفاظتی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام مشینری اور عملہ ہمہ وقت تیار رکھا جائے انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی واسا ملتان کی اولین ترجیح ہے اور نکاسی آب کے نظام کو مکمل فعال رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ سیوریج سے متعلق موصول ہونے والی ہر شکایت کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی دریں اثناء شہر بھر کی سیوریج سب ڈویژنوں میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار مین ہولز کی مرمت، ڈھکنوں کی تنصیب اور نکاسی آب کے نظام کی بحالی کا سلسلہ بھی تیزی سے جاری ہے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور بہتر شہری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ سحر 37

شریف کا ویژن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پراجیکٹ کی تکمیل سے پانی کی فراہمی 30 فیصد تک بڑھ جائے گی۔ پراجیکٹ پر تعمیراتی کام چینی انجینئرز اور ماہرین کی

پاکپتن۔ تھانہ صدر کے علاقہ میر خاں مہونکا کی رہائشی بیوہ شاہین اختر زمین ٹھیکہ پر لے قبضہ کرنیوالے مبینہ بااثر دستگیر بودلہ، شفیع وٹو کیخلاف اور پولیس کے ساز باز ہونے پر احتجاج کر رہی ہے

زیرنگرانی کیا جا رہا ہے اور تعمیراتی کام تسلی بخش ہے۔ کمشنر نے جاری کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ واسا کے زیر انتظام واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ ایک میگا پراجیکٹ ہے جو عوامی فلاح بہبود کا انقلابی منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے دیہی آبادیوں کو صاف پینے کا پانی فراہم ہوگا۔ کمشنر نے مکوآنہ میں پراجیکٹ کی سائٹ کا دورہ بھی کیا۔ قبل ازیں انہوں نے جھال خانوانہ میں جائیکا کے تعاون سے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا دورہ کیا۔ ایم ڈی نے بتایا کہ 5 ملین گیلن روزانہ سے 2 لاکھ سے زائد آبادی پینے کے پانی سے مستفید ہو رہی ہے۔ پراجیکٹ مکمل اور واسا فیصل آباد کے ہینڈاوور ہے۔

بقیہ سحر 38

فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کریں اور ماحول کو سموگ و آلودگی سے محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ سحر 39

فیصل آباد نے گھنٹہ گھر کے اطراف زیر تعمیر پارکنگ پلازوں کا دورہ کیا۔ پارکنگ پلازے امام بارگاہ سائٹ 1، امام بارگاہ سائٹ 2، کارخانہ بازار، امین پور بازار اور کچہری بازار زائل گھر بنائے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے پارکنگ پلازوں کے تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا، سست رفتار منصوبوں پر تعمیراتی کام مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے انہوں نے ڈبل شفٹ میں تعمیراتی کام جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پارکنگ پلازوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو پارکنگ کی بہتر سہولت میسر آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے امین پور اور جھنگ بازار کا دورہ کر کے بیوٹیفکیشن منصوبوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ امین پور بازار بیوٹیفکیشن منصوبے پر 60 فیصد کام مکمل کر لیا گیا جبکہ جھنگ بازار بیوٹیفکیشن منصوبے پر تعمیراتی کام بھی تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دونوں بیوٹیفکیشن منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔

بقیہ سحر 40

میں راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، حاجی غلام یسین کھوکھر، حاجی عامر سجاد، سردار مہتاب احمد، عارف علی شاہین، ڈاکٹر طارق فقیر کھوکھر، حاجی ظفر اقبال، ملک محمد افتخار کھوکھر، امتیاز خان، سید عابد حسین کرمانی، رانا مشتاق احمد، سید عمران شبیر نقوی، چوہدری علی رضا جتالہ، ملک احمد حسن، سہیل بابر، ڈاکٹر مبشر علی ہجویری، حاجی انصر جاوید، ڈاکٹر حسین رشید، ملک علی نواز نوناری، سید محسن مہدی کرمانی، سید ساجد حسین کرمانی، محمد رفیق ساجد اور ملک بلال نذیر سمیت دیگر صحافیوں و معززین نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 41

جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کے لئے ترقی اور آگے بڑھنے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ملتان سرکل کے افسران کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم شیلڈز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاور سیکٹر میں جاری منصوبوں ان کے لئے ترقی کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے ملتان کے افسران، انجینئرز، فیلڈ سٹاف اور ملازمین کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ میپکو کی مجموعی کارکردگی میں ملتان ریجن کا نمایاں حصہ ہے۔ ملتان کے افسران اور ملازمین نے منظم، مربوط اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض سرانجام دے کر کمپنی کی کارکردگی اور مجموعی نتائج میں بہتری لانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ میپکو کی موجودہ کامیابیاں پوری ٹیم کی اجتماعی کاوشوں، مؤثر ٹیم ورک اور مسلسل محنت کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میپکو کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ہوئی اور افسران و ملازمین نے مقررہ اہداف کے حصول کے لئے بھرپور محنت کی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ میپکو کی ٹیم مستقبل میں بھی کمپنی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، صارفین کو معیاری بجلی کی فراہمی اور ادارے کے اہداف کے حصول کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل ساجد حسین گوندل نے کہا کہ ملتان سرکل نے گزشتہ مالی سال کے دوران شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقررہ بجٹ اہداف کامیابی سے حاصل کئے۔ لائن لاسز کو کم کر کے سنگل ڈیجٹ میں لایا گیا جبکہ ریکوری کے شعبے میں بھی نمایاں پیش رفت حاصل ہوئی۔ ملتان سرکل کے کمرشل، ٹیکنیکل، ریونیو، آپریشنل افسران فیلڈ سٹاف اور دیگر ملازمین نے باہمی تعاون، مؤثر مانیٹرنگ اور ٹیم ورک کے ذریعے کمپنی کی کارکردگی بہتر بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ پوری ٹیم کمپنی کی جانب سے مقرر کردہ موجودہ مالی سال کے اہداف کے حصول کے لئے مکمل طور پر پرعزم ہے اور ان شاء اللہ مسلسل محنت، مؤثر حکمت عملی اور اجتماعی کاوشوں کے ذریعے تمام مقررہ اہداف کامیابی سے حاصل کئے جائیں گے اور ملتان سرکل کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر گل محمد زاہد، چیف ایچ آر اینڈ سی پی آفیسر میاں محمد سہیل افضل، چیف فنانشل آفیسر میاں انصار محمود، جنرل منیجرز ملک محمد اشفاق اعوان، محمد اکرم سیال، چیف انجینئرز سید جواد منصور احمد اور محمد شہزاد راعی نے ملتان سرکل مانیٹر سید جواد منصور احمد، ڈائریکٹر کمرشل اسد حماد، سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل ساجد حسین گوندل، سابق ایس ای ملتان سرکل/ڈائریکٹر پلاننگ امجد نواز بھٹی، ڈپٹی کمرشل منیجر سرور انصاری، ایڈیشنل ایکسین تاج محمود قمر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر/ایڈمن زاہد اقبال ملھی، سپرینٹنڈنٹ توقیر خالق، نوید اقبال، ایڈیشنل ایس ڈی او/ٹی اے رانا مظہر لطیف، ایکسین کینٹ ڈویژن بابر علی گجر، ایکسین سٹی ڈویژن غلام محی الدین میتلا، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ملک عارف ونیس، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن رانا محمد تنویر، معصب علی سلیمی، محمد علی یاسر، ریونیو آفیسرز کسوہ طارق، صائمہ مظفر، جمال الدین، رانا اشتیاق احمد، شیخ محمد داؤد، ایس ڈی اوز محمد عمیر لودھی، ملائکہ عروج، تنویر اختر، ثاقب انعام، محمد بلال شیخ، محمد عارف سیال، جمشید خورشید، محمد علی طاہر، راشد محمود، محمد اکرام سیال، حافظ رضوان محمود، نعمان علی، محمد سلمان سعید، رضا اللہ، محمد عاطف اور غلام مصطفیٰ مجاہد کو مالی سال 2025-26ء کے بجٹ کے مقرر کردہ اہداف حاصل کرنے پر شیلڈز دی گئیں اور ان کی کارکردگی کو سراہا گیا۔

بقیہ سحر 42

خلاف دہشت گردی کی دفعات شامل کی گئی اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سبز پیر سیٹ وقاس کا کہنا ہے شہریوں کی عزت اور جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، کسی بھی اشخاص کو قانون ہاتھ میں لینے یا غیر انسانی سلوک کی اجازت نہیں۔

بقیہ سحر 43

(ن) اور افواج پاکستان کی مشترکہ کوششوں سے ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے کا عمل جاری ہے، لیکن پی ٹی آئی اور ان کے رہنماؤں نے سیاسی مفادات اور اپنے ذاتی اور سیاسی وجود کو بچانے کے لیے ملکی سلامتی کے خلاف غیر معلن اتحاد قائم کر رکھا ہے۔ شیخ قیصر محمود نے کہا کہ جس طرح پی ٹی آئی نے قومی اسمبلی اور سڑکوں پر ریاست دشمن اقدامات کیے اور سلامتی کے اداروں کے فیصلوں کو متنازع بنانے کی کوشش کی، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کا دل سیکیورٹی فورسز کے شہداء کے ساتھ نہیں بلکہ شرپسندوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ انہوں نے چنیوٹ اور ملک بھر کی باشعور عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف اور وزیر اعظم کی قیادت میں حکومت وطن عزیز کو دہشت گردی سے مکمل طور پر پاک کرنے کے لیے پرعزم ہے اور پی ٹی آئی کی تمام تر رکاوٹوں کے باوجود ملک کی سلامتی اور امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 44

عثمان خالد نے کارپوریٹ کلاس جبکہ ایم پی اے اسامہ عبدالکریم نے ایسوسی ایٹ کلاس کے تیرہ، تیرہ رکنی منتخب عہدیداران جس میں کارپوریٹ کلاس خواجہ محمد الیاس، سردار شہباز علی خان نصوحہ، محمد رفیق خان پتافی، ذکاء اللہ خان، غلام عباس خان، سردار مقصود احمد خان علیانی، لطیف احمد خان قیصرانی، حافظ محمد سیف اللہ خان پتافی، سردار غلام مرتضی خان گورمانی، ملک عمار امجد کھنڈوا، سردار محمد علی خان دستی، سردار عمران حیدر خان لغاری، مسز گل فاطمہ اور ایسوسی ایٹ کلاس سے محمد طارق اسماعیل قریشی، ملک غلام قاسم، میاں محمد ایوب، مرزا حافظ ناصر اقبال، چوہدری رشید حسین، محمد سادات حمید خان، محمد عثمان شیخ، سرمد سلیم خان خوجہ، محمد عمر فاروق قریشی، ملک مشتاق حسین، شیخ سنیع سجاد، محمد جمیل زبیر نظامی اور مسز شیبا درانی سے حلف لیا۔ مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نئی منتخب باڈی کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان میں تعیناتی کے دوران انہیں مثالی محبت اور تعاون حاصل ہوا۔ تبادلے ملازمت کا حصہ ہیں تاہم جہاں بھی تعیناتی ہوگی ذاتی حیثیت میں بھی ڈیرہ غازی خان کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان میں چیمبر آف کامرس کے تعاون سے سپیشل اکنامک زون کے قیام کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس کو خطے بالخصوص شہر کی ترقی، خوبصورتی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ ملک کی معیشت کا پہیہ مسلسل چلتا رہنا چاہیے جس کے لیے تاجر برادری اور اس کی نمائندہ تنظیموں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ مہمان خصوصی ایم پی اے محمد حنیف پتافی نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان میں کامرس اور انڈسٹریز کی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ تاجر برادری اور صنعتکاروں کو درپیش مسائل کے حل اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ مہمان خصوصی ایم پی اے اسامہ عبدالکریم نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی ملک کی تعمیر و ترقی اور کامیابی کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے نئی منتخب باڈی کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیمبر آف کامرس کے پیٹرن ان چیف خواجہ محمد یونس نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان کی ترقی کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھی جائے گی۔ خطے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صنعتیں قائم کی جائیں تاکہ مقامی افراد کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ صدر ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس محمد رفیق خان پتافی نے کہا کہ تاجر برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس اہم ذمہ داری کو خلوص نیت سے ادا کیا جائے گا۔ مجھے یہ عہدہ نہیں ایک ذمہ داری سونپی گئی ہے صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے جبکہ شہر کی تعمیر و ترقی میں بھی چیمبر اپنا کردار ادا کرے گا۔

بقیہ سحر 45

افراد اپنے تجربات اور روایات کے ذریعے معاشرے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں نئی نسل کو چاہیے کہ وہ بزرگوں کے تجربات سے سیکھے اور معاشرتی اقدار کے فروغ میں ان کے کردار کو تسلیم کرے۔ شعبہ انگریزی کی ریٹائرڈ پروفیسر اور ویمن یونیورسٹی ملتان کی سابق طالبہ مسز یاسمین نے کہا کہ بزرگ افراد کو توجہ، محبت اور احترام کی ضرورت ہوتی ہے اور خاندان کی جانب سے انہیں وقت دینا ان کی زندگی میں مثبت تبدیلی لا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 46

کے ٹیکنیکل ہیومن ریسورس کی استعداد کار بڑھانے کیلئے تربیت فراہم کرے گی۔ سید عاشق حسین کرمانی نے وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ، لائیو سٹاک کارڈ، گرین ٹریکٹرز پروگرام، ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن، ماڈل ایگری مالز، زرعی گریجویٹ انٹرن شپ پروگرام، جھینگا فارمنگ اور ایف ایم ڈی فری زون بارے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ سحر 47

گول سے برابر ہو گیا۔ میچ کا فیصلہ پینلٹی اسٹروکس کے ذریعے کیا گیا، جس میں پنجاب فٹبال اکیڈمی لاہور نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے نمائشی میچ اپنے نام کر لیا۔ میچ کے اختتام پر مہمان خصوصی کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن و گجرات ڈویژن محمد علی نے کھلاڑیوں میں ٹرافی اور نقد انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے کھیلوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔ نوجوانوں کو کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے سے ان کی صلاحیتوں کو نکھارا جا سکتا ہے اور انہیں صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ایسے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ آخر میں منتظمین اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مہمان خصوصی سمیت تمام شرکاء اور کھلاڑیوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ سحر 48

کا مقصد صحافی برادری اور ان کے اہل خانہ کو طبی تشخیص کے حوالے سے سہولت فراہم کرنا اور صحت کی بنیادی ضروریات میں ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے۔

بقیہ سحر 49

ہیں کہ یہ دونوں جماعتیں صرف اپنے ذاتی مفادات کی جنگ لڑ رہی ہیں، جبکہ ملک و قوم کا حقیقی درد صرف پیپلز پارٹی کے سچے اور مخلص جیالوں کے دلوں میں موجزن ہے۔

بقیہ سحر 50

دوران خراب ہونے والے میٹروں کے متبادل کے طور پر استعمال کئے جائیں گے۔ انہوں نے سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز اور دیگر افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ الاٹ کئے گئے اے ایم آئی میٹروں کو مقررہ طریقہ کار کے تحت صارفین کے خراب میٹروں کی جگہ نصب کیا جائے اور ان کی ایم ڈی ایم سسٹم پر ایکٹیویشن یقینی بنائی جائے اور رپورٹ ہیڈ کوارٹر بھجوائی جائے۔

بقیہ سحر 51

زد میں آنے سے بچا لیا۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ملتان محمد خالد خان نے محمد شہزاد گجر کی بہادری، حاضر دماغی اور فرض شناسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلویز کو اپنے ایسے باہمت اور مخلص ملازمین پر فخر ہے جو دوران ڈیوٹی ریلوے سیفٹی کے ساتھ ساتھ انسانی جانوں کے تحفظ کو بھی مقدم رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمد شہزاد گجر کا یہ اقدام فرض شناسی، احساس ذمہ داری اور انسانی ہمدردی کی قابل تقلید مثال ہے۔ ڈی ایس ملتان نے کہا کہ پاکستان ریلویز میں دوران ڈیوٹی غیر معمولی کارکردگی اور بہادری کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے تاکہ دیگر ملازمین بھی اپنے فرائض مزید ذمہ داری، لگن اور جذب؟ خدمت کے ساتھ انجام دیں۔

بقیہ سحر 52

سے ایک ایوارڈ بھی ان کے بھائی اور بیٹوں کو دیا گیا۔ اور ان کی مغفرت کے لیے دعا کی گئی۔

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج وفات ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ علی رضا ولد ذکاء اللہ سکنہ نئی آبادی محلہ گڑھی احمد آباد تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری بیٹی مناہل فاطمہ دختر علی رضا تاریخ وفات 15-02-2021 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 4 گڑھی شاہدولہ ضلع گجرات میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafa

بعدالت جناب امتیاز احمد نور صاحب سینئر سول جج جہلم

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ عنوان مقدمہ حماد علی قریشی وغیرہ بنام حفصہ ممتاز وغیرہ اخبار اشتہار بنام حفصہ ممتاز دختر ممتاز احمد ساکن چک اکا ڈاکخانہ خاص تحصیل دینہ ضلع جہلم، معیز علی قریشی پسر، انابیہ حماد دختر حماد علی قریشی (مسئول علیہ نمبر 2,3 برفاقت والدہ حقیقی مسئول علیہا نمبر 1)۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب سول جج صاحب فیملی کورٹ شرقپور شریف

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: رمشاء بی بی بنام بلال صفدر

اشتہار بنام: بلال صفدر ولد محمد صفدر ساکن گاؤں چکرالی ڈاکخانہ خاص تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 07-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب میاں محمد حسن سندھو صاحب سول جج گجرات،

مقدمہ: جانشینی، عنوان: سید قمر عباس ولد شبیر حسین شاہ سکنہ عادووال گجرات، بنام: عوام الناس، اشتہار بنام: عوام الناس، ہرگاہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا عوام کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 08/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafa

بعدالت جناب امتیاز احمد نور صاحب سینئر سول جج جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ فازیہ یاسمین بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب فازیہ یاسمین بیوہ محمد سجاد احمد بھٹی ساکن ڈاکخانہ خاص سنگھوئی خاص تحصیل و ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

لیٹ اندراج ڈیتھ سرٹیفکیٹ

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امیر حمزہ سکنہ مکان نمبر 1 گلی نمبر C/9 محمود شہید روڈ شاہدرہ لاہور نے ایک درخواست لیٹ اندراج ڈیتھ سرٹیفکیٹ یونین کونسل نمبر 6 عزیز کالونی شاہدرہ لاہور میں اندراج کے لیے متوفیہ نسرین اختر ولد محمد لطیف تاریخ وفات 2020/08/26 دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل نمبر 6 عزیز کالونی شاہدرہ لاہور جمع کروائی ہے مندرجہ بالا اندراج پر کسی شخص ادارے کو کوئی اعتراض ہے تو تحریری اطلاع بمعہ ثبوت اندر دین 10 دفتر میں جمع کروائیں۔ المشتہر:

امیر حمزہ

شناختی کارڈ 35202.5702236.1۔

Cr..FW

بعدالت جناب قیصر مختار احمد صاحب سول جج گجرات،

مقدمہ: دعویٰ حکم امتناعی دوامی، عنوان: سرفراز احمد وغیرہ، بنام: محمد اشرف وغیرہ، اشتہار بنام: محمد اشرف، بشیر احمد پسران صلابت اقوام جٹ ساکنائے کنگ سہاری تحصیل و ضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 07/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب شہوار امین واہگہ صاحب سول جج تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم

دعوی صدور حکم امتناعی دوامی و تاکیدی عنوان مقدمہ حفیظ الرحمن بنام عبدالرحمن وغیرہ اخبار اشتہار بنام: 11a-ناصر حیات 11b- خضر حیات پسران محمد حیات، ساکنائے ٹوبھہ، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم (مدعاعلیہم)۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا مدعی نے عدالت حضور میں دائر کر رکھا ہے جس میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

لیٹ اندراج ڈیتھ سرٹیفکیٹ

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امیر حمزہ سکنہ مکان نمبر 1 گلی نمبر C/9 محمود شہید روڈ شاہدرہ لاہور نے ایک درخواست لیٹ اندراج ڈیتھ سرٹیفکیٹ یونین کونسل نمبر 6 عزیز کالونی شاہدرہ لاہور میں اندراج کے لیے متوفی خورشید عالم ولد غلام مصطفیٰ تاریخ وفات 2025/01/08 دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل نمبر 6 عزیز کالونی شاہدرہ لاہور جمع کروائی ہے مندرجہ بالا اندراج پر کسی شخص ادارے کو کوئی اعتراض ہے تو تحریری اطلاع بمعہ ثبوت اندر دین 10 دفتر میں جمع کروائیں۔ المشتہر:

امیر حمزہ

شناختی کارڈ 35202.5702236.1۔

Cr..FW

بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب سول جج تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی عنوان مقدمہ راجہ ظفر اقبال بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب راجہ ظفر اقبال ولد راجہ محمد رمضان، قوم جنجوعہ، ساکن جنجوعہ ماڈرن کالونی کھیوڑہ تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا سائل نے عدالت حضور میں دائر کر رکھی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 08-10-2026 بوقت 08 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب حافظ محمد طفیل صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: احمد رضا وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

احمد رضا ولد یونس ساکنان مکان نمبر 47 گلی نمبر 3 وسیم بلاک حسن ٹاؤن ملتان روڈ لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 17-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب تابندہ بتول کاظمی صاحبہ سول جج جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ رخسانہ کوثر بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب رخسانہ کوثر دختر غلام فرید ساکن ڈاکخانہ بوکن آوانہ تحصیل و ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: سونیا شہزادی بنام محمد راشد

اشتہار بنام: محمد راشد ولد محمد یوسف ساکن مبارک پورہ ڈاکخانہ سری رام پورہ تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 17-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رابعہ سلیم صاحبہ سول جج کامونکی ضلع گوجرانوالہ

اشتہار برائے عوام الناس

دعویٰ۔ استقرار حق بابت تقرری وارثان معہ حکم امتناعی دوامی و تاکیدی

محمد اسلم ولد محمد رمضان قوم آرائیں ساکن گلی نمبر 7 محلہ غلہ منڈی کامونکے ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ عوام الناس

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی بھی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ مورخہ 2026/10/08 کو عدالت حضور میں پیش ہو ورنہ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

بعدالت جناب حافظ محمد طفیل صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: شبیر احمد بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: سیکرٹری یونین کونسل نمبر 4 لدھیکے تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 05-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب محترمہ نبزا یاسین فیملی وسول جج کامونکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

مدعیہ۔ جویریہ لیاقت دختر لیاقت علی ساکن کوٹ عبدالمالک محلہ رضا آباد لاہور حال مقیم تولیکی روڈ محلہ عزیز پورہ تحصیل کامونکے ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ ظہیر ولد سرور قوم راجپوت بھٹی سکنہ ہاؤس نمبر 1400 محلہ ابوبکر صدیق کالونی بند روڈ لاہور

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 17/10/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

بعدالت جناب اشفاق احمد جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین، بعنوان: علی حیدر بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: ملائکہ دختر غلام محمد ساکن مکان نمبر 14 گلی نمبر 29 محلہ سلطان پورہ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 12-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب میڈیم رابعہ سلیم صاحبہ سول جج کامونکے ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ۔ تقسیم جائیداد معہ فہید حساب کرایہ دوکانات معہ حکم امتناعی دوامی

مدعیہ۔ صفیہ پروین دختر محمد یوسف قوم رحمانی ساکن گلی مسجد قیوم والی صفدر آباد حال مقیم مکان نمبر D436 پرانی آبادی محلہ فیض مدینہ کامونکے ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ جاوید اقبال پسر محمد یوسف قوم رحمانی، ظفر اقبال پسر محمد یوسف قوم رحمانی ساکنان مکان نمبر D436 پرانی آبادی محلہ فیض مدینہ تحصیل کامونکے ضلع گوجرانوالہ حال مقیم

-HANDEWiTT24983H12
KETELSENWEG 12
GERMANY

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 12/10/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: شیخ محمد شہباز سلیم بنام واپڈا وغیرہ

اشتہار بنام: واپڈا/لیسکو بذریعہ چیئرمین واپڈا ہاؤس لاہور، XEN واپڈا/لیسکو ڈویژن مریدکے ضلع شیخوپورہ، SDO واپڈا/لیسکو سب ڈویژن تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ، RO واپڈا لیسکو ڈویژن مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 06-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بقیہ سحر 1

گفتگو کی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی سربراہ نواز شریف کو اپنے حالیہ غیر ملکی دورے سے بھی آگاہ کیا۔ دوسری جانب وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی جاتی امراء میں صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف سے ملاقات ہوئی جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شہباز شریف نے میاں نواز شریف کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے وزیرداخلہ سے ہونے والی ملاقات اور پی ٹی آئی لانگ مارچ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو بھی کی۔ نواز شریف سے ملاقات ختم ہونے کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف جاتی امرا سے واپس روانہ ہوئے ذرائع کے مطابق ملاقات دو سے تین گھنٹے جاری رہی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ناکام ہوگئے تھے، مذاکرات تقریبا 13 گھنٹے جاری رہے۔ محمود خان اچکزئی اور وزیراعلی سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ڈٹ گئے تھے اور مقف اختیار کیا تھا کہ مارچ ختم کرنے کا اعلان بانی خود کریں گے۔

بقیہ سحر 2

کے سپرد کردیا گیا۔ پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت منصوبوں کی منتقلی سے حکومت پنجاب کو 22 ارب روپے کا ریونیو ملے گا۔ مرید کے نارووال 80 کلومیٹر روڈ، شکر گڑھ نارووال 33 کلومیٹر روڈ اور فیصل آباد رنگ روڈ 97 کلومیٹر طویل پراجیکٹ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ میں شامل ہیں۔ فیصل آباد ساہیانوالہ 52 کلومیٹر اور فیصل آباد سمندری رجانہ 56 کلومیٹر روڈز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے منصوبوں میں شامل ہیں۔ پی پی پی موڈ پر منتقل ہونے والے روڈز پر جدید ترین الیکٹرانک ٹول پلازے قائم کیے جائیں گے۔ پرائیویٹ کنٹریکٹر سات سال کے لیے روڈز پر این ایچ اے سے منسلک ٹول کلیکشن کرے گا۔

بقیہ سحر 3

قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، سیاست و جگت بازی کسی اور وقت بھی کر سکتے ہیں، حکومت کی طرف سے یقین دلاتا ہوں مشکل ترین حالات میں جیب و حیثیت سے بڑھ کر عام آدمی کے تحفظ کے لئے جو بھی قدم اٹھانا پڑا اٹھائیں گے۔ مغلپورہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قوم کی قیادت جو کسی بھی صوبے سے تعلق رکھتی ہو آج اپنی عوام قوم کی سرحدوں کے تحفظ کیلئے سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا،

بقیہ سحر 4

ٹائم لائن بھی آئی ایم ایف سے تیار کردی ہے۔ جی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری مارچ 2027 تک مکمل کرنیکا منصوبہ ہے، فیسکو کی نجکاری جنوری، گیپکو کی فروری اور آئیسکو کی مارچ 2027 میں متوقع ہے، حیدرآباد اور سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنیوں کی نجکاری اپریل سے جون 2027 جبکہ پشاور، ہزارہ، لاہور اور ملتان ڈسکوز کی نجکاری دسمبر 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا،

بقیہ سحر 5

وزیر اعلی سہیل آفریدی نے ٹویٹ میں لانگ مارچ کا پہلا مرحلہ اتوار 4 اکتوبر سہ پہر ایک بجے لکی مروت کے گنڈی چوک سے شروع ہونے کا بتایا گیا جہاں مختلف اضلاع سے آنے والے قافلے شریک ہونے کا بتایا گیا

بقیہ سحر 6

کو مسلسل مذاکراتی صورتحال سے آگاہ کیا جارہا ہے، صدر اور وزیراعظم جو بھی فیصلہ کریں گے، ملکی مفاد میں ہوگا اور حکومت اس پر عملدرآمد کرے گی، ہم نے بتا دیا تھا جب آپ کا لانگ مارچ شروع ہوگا تو مذاکرات ختم ہو جائیں گے، اقتدار بھی انجوائے کریں اور دھونس و دھمکی بھی دیں یہ ممکن نہیں، اقتدار کے ساتھ دھونس اور دھمکی کی سیاست نہیں چل سکتی۔

بقیہ سحر 7

صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ ملاقات میں ملکی معاشی صورتحال، معاشی بحالی، صنعت و تجارت کے فروغ، برآمدات میں اضافے، سرمایہ کاری، روزگار کے نئے مواقع اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر عطا تارڑ نے کہا کہ حکومت اور کاروباری برادری ملکی معیشت کی مضبوطی اور معاشی بحالی کے لیے مل کر آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی اور اہم اسٹیک ہولڈر ہے، حکومت اسے اپنا شراکت دار سمجھتی ہے اور معاشی ترقی کے سفر میں اسے ساتھ لے کر چلے گی

بقیہ سحر 8

رکھتے ہوئے اساتذہ کو نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے، نظام تعلیم کو قابلیت شناس، معیاری اور عالمی تقاضوں کے مطابق بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے پیغام میں آصف علی زرداری نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے تعلیم، انسانی ترقی اور قومی تعمیر میں ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ سحر 9

۔سفارتی ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے دیگر فریقین کے وفود شرکت کریں گے اور افغانستان کی صورتحال اور خطے میں ہونے والی تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ افغانستان کے لیے پاکستان کے خصوصی نمائندے محمد صادق خان پاکستانی وفد کی سربراہی کریں گے، پاکستانی وفد میں وزارت خارجہ کے افغانستان ڈیسک کے ڈائریکٹر جنرل نعیم اقبال چیمہ بھی شامل ہوں گے۔ سفارتی ذرائع نے مزید بتایا کہ افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمٰن نظامانی اور روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی بھی پاکستانی وفد کا حصہ ہوں گے۔ دوسری جانب ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ اجلاس میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی، افغانستان کی صورتِ حال اور اس کے علاقائی اثرات سمیت باہمی و علاقائی امور پر اہم مشاورت کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ سحر 10

خان کے دور میں آئی، وہ صوبے میں دہشت گردوں کو بسانے کے سب سے بڑے حامی تھے، اسمبلی تقاریر اور میڈیا ریکارڈ اس کے گواہ ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر خواجہ آصف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی قیادت شہری شہداء کے گھروں میں فاتحہ خوانی کے لیے جانے سے بھی انکاری ہے، وفاق سے اقتدار جانے کے بعد صوبے کے ہر وزیراعلیٰ نے وفاق پر حملہ کیا، 9 مئی کا واقعہ اس کے علاوہ ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا کی قیادت سرکاری مال لوٹنے کے ساتھ دہشت گردوں کو بھتے کی صورت میں حصہ دیتی ہے، آپ دہشت گردوں کے پارٹنر ہیں، خیبر پختونخوا میں بہنے والے خون میں آپ کے ہاتھ بھی رنگے ہیں، قوم اور خدا آپ سے حساب لے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اسلام آباد وطن کی وحدت اور وفاق کی علامت ہے، 25 کروڑ پاکستانیوں کی شناخت ہے، ہمارے شہداء اپنے مقدس خون سے اس کی آبیاری کرتے ہیں۔ پاکستانی عوام اور بہادر افواج اندرونی و بیرونی دشمنوں سے ٹکرانے کا حوصلہ رکھتے ہیں، ان شاء اللہ پاکستان ہمیشہ زندہ باد رہے گا۔

بقیہ سحر 11

کی نماز جنازہ میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بھارتی اشتعال انگیزی میں شہید عظمت رسول اور محسن جٹ کو آبائی گاؤں جتاں والی حویلی، لدھڑ میں سپرد خاک کردیا گیا۔ بھارتی اشتعال انگیزی میں شہید قصور کے شہریوں کے اہلخانہ نے کہا کہ اگر بزدل بھارتی فورسز میں اتنی ہمت ہے تو پاکستانی قوم سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کریں۔ سرحدی علاقوں کے شہریوں نے بھی بھارتی فورسز کے گھنانے اقدام کو شرمناک عمل قرار دیا

بقیہ سحر 12

انجینئرنگ، ٹیکنالوجی اور جدت پر مبنی صنعتی صلاحیتیں پیدا کرنا ہوں گی۔ لاہور میں چانگان اور اس کے پاکستانی شراکت داروں کی جانب سے نئی گاڑی کی لانچنگ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آٹو موٹو صنعت کا ہدف صرف مقامی طلب پوری کرنا نہیں بلکہ عالمی آٹو موٹو ویلیو چین کا فعال حصہ بننا ہونا چاہیے۔

بقیہ سحر 13

الخوارج کے 8 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی، آپریشن کیدوران ہلاک ہونے والوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہیکہ سیکورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار قیامِ امن کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہا۔ وزیراعظم کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم ہے، ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 14

وزیر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ چھوٹے صوبے بننے چاہئیں تاکہ اگر غلطی ہوجائے تو انتظامی سربراہ کو تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک بنیادی سہولیات کی رسائی گڈ گورننس ہے اور گڈ گورننس میں مضبوط بلدیاتی نظام کا اہم کردار ہے، مضبوط ادارے ہی ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں۔

بقیہ سحر 15

وقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے فتنۃ الخوارج کے 8 دہشتگردوں کو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں ہلاک کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی بہادری اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک میں امن واستحکام کے لیے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 16

کرنا چاہتے ہیں؟ اپنے آبائی حلقے نارووال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کا خاتمہ ہمارا قومی فریضہ ہے، پاکستان اس وقت مشکل صورتحال کا سامنا کر رہا ہے، تاہم ملک کو امن، ترقی اور معاشی بحالی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2027 پاکستان کے لیے نئی بلندیوں کا سال ہے اور ملک کو آگے بڑھنے کے لیے استحکام اور امن درکار ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اسلام آباد پر چڑھائی کرنے والوں سے سوال کیا کہ وہ کس کا ایجنڈا پورا کرنا چاہتے ہیں؟ احسن اقبال نے کہا کہ ریاست میں قانون کی بالادستی ضروری ہے اور جرائم میں ملوث افراد کو قانون کا سامنا کرنا ہوگا، اگر آپ نے جرم کیا تو کوئی لانگ مارچ آپ کو رہائی نہیں دلا سکتا۔

بقیہ سحر 17

نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں مذاکرات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کے سیاسی امور پر مشیر رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ مذاکرات کا بنیادی محور خیبر پختونخوا میں امن وامان اور دہشت گردی کی صورت حال تھا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت کا مطالبہ تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف موثر کردار ادا کرے، تاہم اپوزیشن اس معاملے پر تعاون پر آمادہ نہیں ہوئی، انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں کے معاملے پر حکومت نے لچک دکھائی، لیکن دیگر اہم امور پر اتفاق نہ ہو سکا۔ رانا ثنا اللہ نے واضح کیا کہ پی ٹی آئی کی مجوزہ لانگ مارچ اسلام آباد کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ جن نکات پر اتفاق نہیں ہوسکا وہ سب کے سامنے ہیں، تاہم دہشت گردی کے خلاف تعاون کی صورت میں مستقبل میں مذاکرات کا دروازہ کھلا رہ سکتا ہے۔

بقیہ سحر 18

حاضر کے تقاضوں کے مطابق اساتذہ کی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور معاون تدریسی ماحول میں مسلسل سرمایہ کاری جاری رکھنا ہوگی، استاد اور طالب علم کے درمیان بنیادی تعلق کو برقرار رکھتے ہوئے اساتذہ کو نئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کے لیے معاونت فراہم کی جانی چاہیے۔

بقیہ سحر 19

شہریوں عثمان غنی، عقیل خان، امین بن شمس اور یاسر خان کو ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز ET-694 کے ذریعے کراچی روانہ کر دیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق تین جاں بحق پاکستانیوں رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری کے جسد خاکی بھی اسی پرواز کے ذریعے کراچی پہنچ رہے ہیں۔ ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز ET-694 آج شام 4:40 بجے پاکستان کے مقامی وقت کے مطابق کراچی پہنچے گی۔ ایتھوپیا میں پاکستان کے سفیر عاطف عزیز اور جبوتی میں پاکستان کی سفیر افضلی نواز نے ادیس ابابا ایئرپورٹ پر زخمی پاکستانیوں اور میتوں کو کراچی روانہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خود پاکستانی شہریوں کی وطن واپسی کے عمل کی مسلسل نگرانی کی۔

بقیہ سحر 20

جماعتوں کو راستہ تلاش کرنا چاہیے۔ شہر قائد میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کے آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پورے ملک میں پانی کی قلت کا مسئلہ موجود ہے، تاہم سندھ بالخصوص کراچی اس قلت سے زیادہ متاثر ہے، سندھ اور کراچی کو ان کے حق کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کو جتنا پانی ملنا چاہیے، اتنا نہیں مل رہا، کراچی کو بھی واٹر ایکارڈ کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جاتا، حالانکہ واٹر ایکارڈ میں خاص طور پر کراچی کو اضافی پانی کی فراہمی کا ذکر موجود ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ پانی کی قلت صرف سندھ کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے،

بقیہ سحر 21

کرنا اور انسداد دہشت گردی پر معاہدہ نہ ہونا ڈیڈ لاک کی وجہ بنا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اراکین پر بیرونی دنیا کی وجہ سے کئی بار ڈیڈ لاک آیا، حکومتی کمیٹی مکمل بااختیار تھی اور مسلسل لچک دکھاتی رہی، اپوزیشن کمیٹی کے اراکین محمود اچکزئی اور سہیل آفریدی کے نامناسب مطالبات پر دباؤ میں اگئے

بقیہ سحر 22

قیمت 355 روپے 52 پیسے فی لیٹر جب کہ مٹی کے تیل کی نئی قیمت 329 روپے 54 پیسے فی لیٹر مقرر کردی گئی ہے۔ دوسری جانب پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پیٹرول 2 روپے 10 پیسے فی لیٹر مہنگا کردیا گیا جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 392 روپے 76 پیسے ہوگئی ہے۔

بقیہ سحر 23

کا یقین دلانے میں ناکام رہی، بار بار مسودہ خیبر پختونخوا کی قیادت کے کہنے پر تبدیل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو مایوس ہوئے، پی ٹی آئی کی ٹیم بھی کے پی کی قیادت سے مایوس ہوئی، آئین میں بہت آپشن موجود ہیں، جو ہوگا آئین کے مطابق ہوگا۔

بقیہ سحر 24

نگرانی کے لیے ڈی ایس آفس کو لاہور اسٹیشن پر منتقل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ڈی ایس آفس کی اسٹیشن منتقلی سے مسافر سہولیات، جاری منصوبوں اور کارکردگی کی موثر نگرانی ہوگی۔ وزیر ریلوے نے اپنے دورہ کے دوران فیملی اور ایگزیکٹو لاؤنجز میں ایئر کنڈیشننگ سمیت دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ مسافروں نے اے سی ہالز میں بہترین سہولیات کی فراہمی پر وزیر ریلوے سے اظہار تشکر کیا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ مسافروں کو معیاری اور آرام دہ سفر فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ریلوے اسٹیشنز پر مسافر سہولیات کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ سحر 25

رکھتے ہوئے مذاکرات کی ناکامی کی بنیادی وجہ انسداد دہشتگردی اقدامات پر دونوں فریقین کے درمیان اختلاف تھا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی، ٹی ٹی اے پی ٹیم اپنے اصولی موقف پر ڈٹی رہی کہ خیبر پختونخوا میں انسداد دہشتگردی اقدامات وفاقی اور صوبائی حکومت کے باہمی اتفاق رائے سے کیے جائیں گے جبکہ اس معاملے میں کے پی اسمبلی میں نمائندگی رکھنے والی سیاسی جماعتوں سے بھی مشاورت اور رضامندی لی جائے گی۔ سلمان اکرم راجا کے مطابق حکومتی ٹیم اس موقف سے متفق نہیں تھی اور اس کا اصرار تھا کہ وفاق کی جانب سے یکطرفہ طور پر شروع کیے گئے تمام اقدامات کی ذمہ داری صوبائی حکومت کو قبول کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی۔ ٹی ٹی اے پی ٹیم نے واضح کیا کہ دہشتگردی کے خلاف زیرو ٹالرنس ہے اور اس کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، تاہم معصوم جانوں کے ضیاع اور مقامی آبادی کی اندرونی نقل مکانی کی صورت میں نام نہاد کولیٹرل ڈیمیج کے خلاف ہیں۔

بقیہ سحر 26

سیکریٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سردار ایاز صادق نے 8 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک میں امن و استحکام کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 27

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کا لانگ مارچ اپنے شیڈول کے مطابق ہوگا، لانگ مارچ ہمارا حق ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ لانگ مارچ کی آڑ میں ایسے اقدامات نہیں کیے جانے چاہئیں جن سے خیبر پختونخوا کے عوام میں نفرت، تقسیم یا تناؤ پیدا ہو، یا صوبے کے مینڈیٹ، خودمختاری اور اختیارات متاثر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حقوق اور عوامی مینڈیٹ کے خلاف کسی اقدام کی گنجائش نہیں اور ایسے اقدامات اٹھارویں ترمیم کی روح سے بھی متصادم ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لانگ مارچ کا جواب ایمرجنسی یا گورنر راج نہیں ہونا چاہئے، تاحال یہ طے نہیں ہوسکا کہ حکومت اور تحریک انصاف کے وفود کے درمیان بات چیت کا اگلا دور کب ہوگا۔

بقیہ سحر 28

رہنماؤں رانا ناصر محمود اور رانا عامر محمود کے والد کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) ہمیشہ نمایاں رہی، (ن) لیگ نے ہمیشہ عوام کے مفادات کو مقدم جانا اور دل و جان سے عوام کی خدمت کی اور کرتے رہیں گے۔ انہوں نے نارنگ منڈی کی داخلی سڑکوں اور نارنگ ہسپتال سمیت مقامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کا وعدہ بھی کیا۔

بقیہ سحر 29

جاری رکھنا چاہیے۔ اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ طویل عرصے بعد حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کا مذاکرات کی میز پر آنا خوش آئند تھا۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا کہ مذاکرات ہی سیاسی مسائل کے حل کا جمہوری راستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کو کھلے دل کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کے باوجود بات چیت کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں فریقین اپنے انداز گفتگو میں نرمی پیدا کریں۔ اسلم غوری نے کہا کہ سیاسی کشیدگی کا خاتمہ مذاکرات اور باہمی مفاہمت سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، حکومتی رویہ میں لچک کا مظاہرہ کرے۔ اسلم غوری نے کہا کہ مذاکرات میں پیش رفت کے لیے لچک اور سیاسی بصیرت کا مظاہرہ ضروری ہے۔ ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حصہ ہے۔ مسائل کا حل تصادم نہیں مذاکرات ہیں۔

بقیہ سحر 30

کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر جعلی پیجز اور اکاؤنٹس بنانے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اتوار کو ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ کچھ افراد مبینہ طور پر ایف آئی اے اسلام آباد زون کا روپ دھار کر اور اس کی شناخت کا غیر مجاز استعمال کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر جعلی پیجز اور اکاؤنٹس چلا رہے تھے۔

بقیہ سحر 31

کا کرم ہے کہ ایم 6- جیسے تاریخی منصوبے کو عملی شکل دینے کا موقع مل رہا ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ ایم 6- موٹروے سندھ سمیت پاکستان بھر میں تجارتی سرگرمیوں کو نئی رفتار دے گی، موٹروے ایم 6- ملک کی معاشی ترقی اور علاقائی رابطوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سکھر حیدرآباد موٹروے کی سنگ بنیاد کی تقریب میں صدر مملکت اور بلاول بھٹو کو خصوصی طور پر مدعو کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی کابینہ کے معزز اراکین کو بھی اس تقریب میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ موٹروے ایم 6- منصوبہ سندھ اور پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ سحر 32

ہوئے کہا کہ کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلیم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ پاکستان اور چین کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2026 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی لازوال آہنی بھائی چارے پر مبنی دوستی وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوئی ہے اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ تعلیم، ثقافتی تبادلے اور عوامی روابط پاکستان اور چین کے عوام کو ایک دوسرے کے مزید قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستانی جامعات میں قائم کنفیوشس انسٹی ٹیوٹس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارے چینی زبان اور ثقافت کے فروغ اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی فہم و آگاہی بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ سحر 33

8 کارندوں نے فسادی جتھے سے اظہار لاتعلقی کردیا۔ فسادی جتھے سے کنارہ کشی اختیار کرنے والوں میں عبدالقدیر، وقار انجم یوسفزئی، وحید کیانی اور راجہ جلیل شامل ہیں۔ یاسر صدیق کیانی، شاہد حمید عباسی، جمشید کیانی اور تسیم کیانی نے بھی فسادی جتھے سے لاتعلقی کا اعلان کیا۔ لاتعلقی کرنے والے کارندوں نے شہریوں اور تاجروں سے فسادی جتھے کی 4 اکتوبر کی کال کو مسترد کرنے کی اپیل کردی۔ اظہار لاتعلقی کرنے والے فسادی جتھے کے کارندوں کا کہنا تھا کہ فسادی جتھہ ریاست مخالف سرگرمیوں اور افراتفری پھیلانے میں مصروف ہے، نوجوان اس کے شر سے محفوظ رہیں۔

بقیہ سحر 34

کامیابی چاہتی تھی اور مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی کی ٹیم بات مان چکی تھی، اس کے باوجود مذاکرات ناکام ہوگئے۔ سینیٹر زاہد خان نے کہا کہ موجودہ صورتحال خیبر پختونخوا کے لیے المناک ہے، المیہ ہے کہ ایسے حکمران صوبے پر مسلط ہیں۔

بقیہ سحر 35

انتظامیہ اور پولیس کو دفعہ 144 پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 36

منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث غریب، محنت کش اور مزدور طبقے کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ معاشی و سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سے آئین اور جمہوریت پر کامل یقین رکھتی ہے۔ اس وقت ملک کو در پیش چیلنجز کا تقاضا ہے کہ تمام قومی ادارے اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن ملک پاکستان کے خلاف پراکسی وار کر رہا ہے، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سکیورٹی حالات تشویشناک ہیں، لہذا موجودہ صورتحال میں ہمیں اپنے قومی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مفاد کی خاطر تمام آپشنز موجود ہیں، تاہم پی ٹی آئی سے سوال کیا جانا چاہیے کہ ان کا اصل ایجنڈا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کہیں بھی کچھ غلط ہو رہا ہے تو ادارے اپنا آئینی کردار ادا کریں گے۔ صدر مملکت کے غیر ملکی دورے سے متعلق وضاحت کرتے ہوئے نیئر حسین بخاری نے کہا کہ دورے کے اخراجات پارٹی یا سرکاری خزانے سے نہیں بلکہ ذاتی طور پر ادا کیے گئے ہیں، اور اس حوالے سے اخراجات کے چیک پر بطور سیکرٹری جنرل انہوں نے خود دستخط کیے ہیں۔

بقیہ سحر 37

پارٹی کے لیے ریڈ لائن ہے، اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ شازیہ مری نے کہا کہ دہشتگردی کو سیاسی عینک سے نہیں بلکہ قومی سلامتی کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے، دہشتگردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، تمام سیاسی جماعتیں اور ریاستی ادارے متحد ہوں۔ شازیہ مری نے کہا کہ بلاول بھٹو نے وفاقی اور خیبر پختونخوا حکومت پر زور دیا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف مشترکہ اقدامات کے لیے تحریری معاہدہ کریں۔

بقیہ سحر 38

آفریدی نے لکھا کہ مذاکراتی کمیٹی کو میرا بھیجا گیا ڈرافٹ یہ ہے جسے میں اپنی قوم کے سامنے رکھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو یہ علم ہونا چاہیے کہ ان میں سے ایک ڈیمانڈ بھی غیر آئینی و قانونی نہیں ہے، ہمیں دوسرے درجے کا شہری سمجھا جا رہا ہے، ہمارے ساتھ ریاست پر قابض لوگ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہے ہیں، یہ ہمارے ڈیمانڈز تھے

بقیہ سحر 39

(جی) ڈاکٹر انعم فاطمہ کی زیرنگرانی ''پلاسٹک فری اسلام آباد'' اقدام کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 40

۔شرکا نے تاجروں اور عوام سے 4 اکتوبر کی جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی کال مسترد کرنے اور احتجاجی سرگرمیوں میں شرکت سے گریز کرنے کی بھی اپیل کی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق 8 فعال ارکان کی لاتعلقی اس بات کا واضح اظہار ہے کہ عوام انتشار پسند عناصر اور کالعدم ایکشن کمیٹی کی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہوئے امن، استحکام اور ریاستی نظم کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ سحر 41

ڈیکلریشن جمع کرائی تھی، شک کی بنا پر جب مسافر کی سامان کی تلاشی کی گئی تو مختلف غیر ملکی کرنسی برآمد ہوئی۔ برآمد کرنسی میں 33 ہزار 600 امریکی ڈالر، 300 یورو، 2 ہزار 570 برطانوی پاؤنڈ اور 19 ہزار 815 اماراتی درہم شامل ہیں۔ برآمد ہونے والی غیر ملکی کرنسیوں کی مجموعی مالیت پاکستانی روپے میں ایک کروڑ 18 لاکھ روپے بنتی ہے۔ خاتون مسافر کی جانب سے مبینہ غلط ڈیکلریشن پر کرنسی کسٹمز ایکٹ مجریہ 1969 کے تحت ضبط کرلی گئی ہے اور مسافر کے خلاف مزید قانونی کارروائی کیلئے مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 42

سے متعلق وعدوں سے پسپائی اختیار کی، سکیورٹی کے معاملے پر صوبائی حکومت کا مقف قابل تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کا سکیورٹی وعدوں سے پیچھے ہٹنا شرمناک اقدام ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پیچھے ہٹنا بزدلی کے مترادف ہے۔

بقیہ سحر 43

جاں بحق ہوگئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق حادثہ نوشہرو فیروز کے قریب قومی شاہراہ پر پیش آیا، جہاں تیز رفتار ٹرک نے سامنے سے آنے والی کار کو کچل دیا۔ کار میں سوار خاتون اور بچے سمیت ایک ہی خاندان کے پانچ افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے جب کہ حادثے کے فوری بعد ٹرک ڈرائیور جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔

بقیہ سحر 44

منظوری کے بعد فنڈز منتقل کرنے تک محدود رہ گیا۔ ایم سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا کام 31 دسمبر 2026 تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی، ففتھ روڈ، چائنا مارکیٹ، گورڈن کالج اور راول روڈ سمیت 9 سڑکیں منصوبے میں شامل ہیں۔ شہریوں کا خستہ حال سڑکوں کو نظر انداز کرکے بہتر سڑکوں کی تعمیر پر تشویش کا اظہار ہے، بوستان روڈ، گلریز اور ہائی کورٹ کے قریب سڑکوں کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 45

کے اعلامیے کے مطابق بلوچستان سے ہر سال 10 باصلاحیت امیدواروں کو دنیا کی ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس دی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے عالمی سطح کے پی ایچ ڈی اسکالرشپ پروگرام کے اجرا پر اظہار مسرت کیا۔

بقیہ سحر 46

والے پارلیمانی رپورٹرز، کیمرہ مینز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ پارلیمانی رپورٹرز گزشتہ دو دن سے مسلسل اہم کوریج میں مصروف رہے، آپ کی محنت اور خوش دلی کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ سخت حالات میں بھی آپ سب نے بہترین کام کیا۔

بقیہ سحر 47

عسکری رسد کی لائنوں کو نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابتدائی میدانی تخمینوں کے مطابق ان کارروائیوں کے نتیجے میں کم از کم سات سو ملیشیا اہلکار ہلاک ہوئے، تزویراتی اور انتہائی قیمتی عسکری امداد تباہ ہوئے اور ایک سو ستر عسکری گاڑیاں تباہ ہوئیں جس سے ملیشیا کی جنگی صلاحیت پر براہ راست اثر پڑا اور شہروں کے گھروں اور دیہاتوں پر حملے جاری رکھنے کی اس کی صلاحیت محدود ہوگئی۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے

بقیہ سحر 48

میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمتی حملوں کا دائرہ وسیع ہو گیا، جہاں مختلف صوبوں میں کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اے یو ایف، این آر ایف اور این ا؟ ئی ایف کی حالیہ کارروائیوں میں طالبان رجیم کے 23 اہلکار ہلاک اور 15 زخمی ہوئے ہیں۔ ان کارروائیوں میں متعدد چوکیاں، گاڑیاں اور انٹیلی جنس مراکز بھی متاثر ہوئے، مزاحمتی گروپوں نے طالبان رجیم کے عسکری اور انٹیلی جنس ڈھانچے کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ سحر 49

آف کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اپنے ایک بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات بنیادی مطالبہ تھا جو حکومت نے تسلیم نہیں کیا، بانی کی صحت اور علاج معالجے پر بھی حکومت سے اتفاق نہیں ہو سکا۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ وفاق اور صوبے مل کر مشاورت سے دہشتگردی کے خلاف متفقہ لائحہ عمل بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے وسیع مشاورت کے بجائے جلد بازی میں فیصلے کرنے کی کوشش کی۔

بقیہ سحر 50

بن شمس اور یاسر خان جب کہ جاں بحق افراد میں رفیع اللہ خان، سید کاشف عمر اور محمود احمد انصاری شامل ہیں۔ جسد خاکی وصول کرنے کیلئے ورثا موجود ہیں۔ اس موقع پر گورنر سندھ نہال ہاشمی، پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ، وقار مہدی، ایم کیو ایم کے فاروق ستار، وسیم اختر بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 51

زیادہ ہونے کی وجہ سے برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 30 سے 40 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ سحر 52

ایسی صورتحال میں مذاکرات کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور اس کے اتحادی فراخ دلی کے ساتھ 12 گھنٹے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھے، پی ٹی آئی کی موجودہ ٹیم بھی مذاکرات کی کامیابی چاہتی تھی اور مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی کی ٹیم بات مان چکی تھی، اس کے باوجود مذاکرات ناکام ہوگئے۔

بقیہ سحر 53

عبادت کو بھی نگرانی میں جکڑ دیا گیا۔ بھارت میں عیسائی نام اور شناختی کارڈ نمبر درج کر کے تصدیق کے بعد عبادت پر مجبور ہو چکے ہیں، بھارت میں اقلیتیں، بالخصوص مسیحی برادری، اپنے مقدس مقام پر بھی خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہی ہے، امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کے مطابق اقلیتوں کے خلاف مسلسل کارروائیوں کے باعث بھارت کو خاص تشویش کا ملک قرار دینے کی سفارش کی گئی۔

بقیہ سحر 54

روز ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم شہری محمد اسماعیل کی درخواست پر سماعت کریں گی۔ درخواست گزار نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔ عدالت نے ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور کو بھی پیش ہونے کا حکم دے رکھا ہے۔ گزشتہ سماعت پر ڈی جی ایف آئی اے عدالت میں پیش ہوئے تھے تاہم درخواست گزار کے مطابق عدالت ان کے جواب سے مطمئن نہیں ہوسکی تھی۔

بقیہ سحر 55

14.57 اور ایئر کوالٹی کا اسکور صرف 7.54 رہا، جو عالمی سطح پر کمزور ترین پرفارمنس میں شمار ہوتا ہے۔ سال 2024 میں پاکستان کا درجہ 179 واں تھا تاہم ماہرین کے مطابق 2026 کے انڈیکس میں 12 اہم ماحولیاتی کیٹیگریز کے تحت 47 انڈیکیٹرز اور طریقہ کار میں تبدیلیاں کی گئی ہیں

بقیہ سحر 56

کے جنرل ہاؤس کا اجلاس وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پنجاب بار کونسل کے 75 ممبران سمیت سیکرٹری رفاقت علی سوہل اور اکاؤنٹس آفیسر رانا محمد عمیر نے شرکت کی

بقیہ سحر 57

اور بین الاقوامی معیار کی تربیت کو فنی تعلیم کا لازمی جزو بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہنرمند افرادی قوت کی عالمی طلب سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے تاہم اس کے لیے تربیتی نظام کو صنعت اور بین الاقوامی مارکیٹ سے جوڑنا ضروری ہے۔ الیکٹریشن، ویلڈر، پلمبر، ٹیکنیشن، مکینک، ہیلتھ کیئر، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں عالمی معیار کے ماہرین تیار کرکے قیمتی زرمبادلہ کمایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری و نجی شعبے مل کر اسکلڈ ورک فورس ایکسپورٹ پالیسی تشکیل دیں اور بیرون ملک طلب رکھنے والے شعبوں کے مطابق تربیتی مراکز قائم کیے جائیں

بقیہ سحر 58

31 ستمبر تک 57 لاکھ 67 ہزار 384 انکم ٹیکس گوشواروں کا جمع ہونا انتہائی حوصلہ افزا ء ہے ٹیکس گزاروں کو مزید سہولت دیتے ہوئے ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دسمبر 2026 تک توسیع کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریٹرن فارم 2026 کے حوالے سے آگاہی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا کہ گزشتہ سال 77 لاکھ سے زائد ٹیکس ریٹرنز جمع ہوئے تھے تاہم موجودہ رجحان کو دیکھتے ہوئے رواں سال گوشواروں کی تعداد ایک کروڑ سے تجاوز کرنی چاہیے۔ حکومت اور ایف بی آر کو اس مقصد کے لیے ٹیکس گزاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا ہوگی تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد ٹیکس نیٹ میں شامل ہوں۔ حبیب الرحمٰن زبیری نے مزید کہا کہ ریٹیلرز کے لیے آسان ٹیکس سکیم کے ریٹرن فارم اور طریقہ کار میں موجود ابہام کو فوری طور پر دور کیا جائے اور نظام کو سادہ، واضح اور کاروباری طبقے کے لیے قابل عمل بنایا جائے۔

بقیہ سحر 59

ہیں۔ اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ گندم کے بیج کے نرخ ممکنہ حد تک مناسب رکھے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ کسان مستفید ہوسکیں

بقیہ سحر 60

جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں ان قربانیوں کے باوجود صوبے کو مسلسل دہشت گردی کے خطرات، محدود مالی وسائل اور دشوار جغرافیائی حالات کا سامنا ہے۔

بقیہ سحر 61

مل سکے۔ حکیم محمد طارق محمود چغتائی نے بتایا کہ پاکستان کے مختلف اضلاع میں سولر سسٹم کے ذریعے واٹر فلٹریشن پلانٹس بھی قائم کیے گئے ہیں جن سے ہزاروں افراد صاف پانی کی سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ عبقری ٹرسٹ کے تحت فلاحی سرگرمیوں کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ دسترخوان پر موجود افراد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہیں روزانہ تازہ اور معیاری کھانا فراہم کیا جاتا ہے جو ان جیسے محنت کشوں کے لیے بڑی سہولت ہے۔ معاشرے کے دیگر صاحبِ حیثیت افراد کو بھی مستحق اور غریب لوگوں کی مدد کے لیے آگے آنا چاہیے تاکہ کوئی شخص بھوکا نہ سوئے۔

بقیہ سحر 62

دینی طلبہ کے لیے خصوصی تربیتی پروگرام ترتیب دیا جا رہا ہے۔ کورسز میں اسلامی بینکاری کے اصول، سود اور اس کی مختلف صورتیں، مرابحہ، مضاربہ، مشارکہ، اجارہ، سلم، استصناع، تکافل، اسلامی سرمایہ کاری اور جدید مالیاتی معاہدات سمیت اہم موضوعات پڑھائے جائیں گے۔ طلبہ کو موجودہ بینکاری نظام میں پیش آنے والے شرعی مسائل اور ان کے عملی حل سے بھی روشناس کرایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی مدارس کے طلبہ کو جدید علوم اور عصری تقاضوں سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جامعہ نعیمیہ کی جانب سے ماہرینِ شریعہ، اسلامی بینکاری کے ماہرین اور متعلقہ شعبوں کے تجربہ کار اساتذہ کے ذریعے طلبہ کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، تاکہ وہ مستقبل میں اسلامی بینکاری اور مالیاتی اداروں میں شریعہ ایڈوائزر، ریسرچ اسکالر، ٹرینر اور دیگر متعلقہ شعبوں میں اپنی خدمات انجام دے سکیں۔

بقیہ سحر 63

کیا۔ مندوبین نے تقریب میں جدید زرعی ٹیکنالوجی، نظام آبپاشی، بیجوں میں اختراع اور معیار پر مبنی حل جیسے اہم موضوعات پر غور و خوض کیا تاکہ پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکے۔

بقیہ سحر 64

گناہ شہریوں، عبادتگاہوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل برداشت ہے، سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت پر حملے کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہماری ریڈلائن ہیں، حرمین شریفین کی حرمت وسلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ سحر 65

کمیٹی برائے فشریز کے چیئرمین مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور صوبائی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ظہور احمد بلوچ کے سپرد کی۔ پالیسی فریم ورک کے بنیادی نقاط: خلیفہ کوآپریٹو جیٹی (ضلع حب): حب کنڈ، گڈانی میں واقع جیٹی کو محض لنگر گاہ کے بجائے ایک جامع کوآپریٹو ساحلی مرکز (Cooperative Hub Coastal) کے طور پر تیار کرنے کی تجویز، جس میں محفوظ فش لینڈنگ، کولڈ اسٹوریج، جدید مواصلات، ریسکیو اور ماہی گیروں کے لیے بنیادی فلاحی سہولیات شامل ہوں۔ کوآپریٹو سوسائٹیز کی بحالی: بلوچستان کی تمام رجسٹرڈ فشریز کوآپریٹو سوسائٹیز کی تنظیم نو، آڈٹ اور جمہوری گورننس کی بحالی کے لیے خصوصی پروگرام کا قیام۔ ماہی گیر ویلفیئر فریم ورک: ماہی گیروں کی معاشی حفاظت، انشورنس، صحت، ہنگامی امدادی نظام اور موسمیاتی آفت سے بچاؤ کے لیے بروقت الرٹ میکانزم کی فراہمی۔ پبلک پرائیویٹ کوآپریٹو پارٹنرشپ (PPCP): حکومت، کوآپریٹوز، نجی شعبے اور مقامی ماہی گیر برادری کے درمیان باہم قانونی وشفاف شراکت داری کا ماڈل۔ 90 روزہ جائزہ میکانزم: حکومت بلوچستان سے سفارشات کا تکنیکی، قانونی اور ماحولیاتی جائزہ لینے کے لیے 90 روزہ ایکشن اینڈ ریویو میکانزم تشکیل دینے کی درخواست۔ یونین نے واضح کیا کہ یہ دستاویز حکومت کی پالیسی کا متبادل نہیں بلکہ ایک اسٹیک ہولڈر مشاورتی فریم ورک ہے، جس کا بنیادی مقصد یہ ہے: "قانون اول، ادارہ اول، ماہی گیر اول، سائنس اول، ماحول ہمیشہ"

بقیہ سحر 66

عدم استحکام کو مزید بڑھا سکتے ہیں۔ مقدس مقامات اور شہری آبادیوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ برادرانہ تعلقات ہر آزمائش میں مضبوط رہے ہیں اور پاکستانی قوم سعودی عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے اور پائیدار امن کیلئے موثر سفارتی کوششیں تیز کی جائیں۔ سعودی عرب کی سلامتی کو درپیش کسی بھی خطرے کے اثرات پورے خطے کے امن اور عالمی تجارت پر پڑ سکتے ہیں۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے تاہم سعودی عرب کی خودمختاری اور سلامتی کے احترام کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے سعودی عرب کی قیادت اور عوام سے مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے حملوں کے فوری خاتمے اور خطے میں امن واستحکام کیلئے دعا کی۔

بقیہ سحر 67

کرتی آرگینک خوراک اور ہربل مصنوعات کی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے برآمدی پالیسی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی، دنیا میں صحتمند اور محفوظ خوراک کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور 2024 میں آرگینک خوراک و مشروبات کی عالمی خوردہ فروخت 145 ارب یورو تک پہنچ گئی تھی۔ اپنے بیان میں انجم مزاری نے کہا کہ دنیا میں تقریباً 99 ملین ہیکٹر رقبے پر آرگینک کاشت ہو رہی ہے جبکہ 4.8 ملین سے زائد کاشتکار اس شعبے سے وابستہ ہیں۔

بقیہ سحر 68

سی ایم ای کی ایگزیکٹو کمیٹی ناردن زون کے اراکین سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کامران رضی، وسیم مختار اعوان، افتخار طاہر، محمد عظیم بٹ، فیصل سعید خان، سید عمران حسین، منز سکندرین حسن، اورنگزیب خان اور بشیر احمد سمیت دیگر موجود تھے۔ چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی عالمی مارکیٹ کا حجم 17 ارب ڈالر سے زائد ہے، پاکستان کو اپنا شیئر حاصل کرنے کیلئے بھرپور منصوبہ بندی اور حکمت عملی پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی جس کے لئے ہر مرحلے میں معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ا

بقیہ سحر 69

گا۔ جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں دو رکنی بنچ منشیات اور قتل کیسز، جسٹس صادق محمود خرم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ قتل، منشیات اور فوجداری اپیلوں، جسٹس احمد ندیم ارشد کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول اپیلوں، جسٹس حسن نواز مخدوم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ ٹیکس ریفرنسز، جسٹس وقار حیدر اعوان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول اپیلوں جبکہ جسٹس خالد اسحاق کی سربراہی میں دو رکنی بنچ ٹیکس ریفرنسز اور بینکنگ اپیلوں پر سماعت کرے گا۔

بقیہ سحر 70

قرضوں میں ڈوبا ہے، عوام پریشان ہیں لیکن حکمرانوں کو پرواہ ہی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے جان بوجھ کر مذاکرات ناکام بنائے، اپوزیشن نے مذاکرات کرکے اچھا کیا، حکومت ایکسپوز ہوگئی، اب حالات خراب ہوئے تو ذمہ دار حکومت ہوگی۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پہلے کہتے تھے پی ٹی آئی مذاکرات نہیں کرتی، جب ہم مذاکرات کی طرف آئے تو حکومت بھاگ رہی ہے، تحریک انصاف کے مطالبات آئینی اور قانونی ہیں، حکومت کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دینی چاہیے، اور دہشت گردی ختم کرنے کیلئے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر حکمت عملی بنانی چاہیے۔

اللہ کا شکر ہے پاکستان والی بال نے کانسی کا تمغہ جیتا، چوہدری محمد یعقوب

قومی والی بال ٹیم نے براون میڈل جیت کر قوم کو خوشی دی ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی والی بال ٹیم کی ایشین گیمز میں براون میڈل جیتنے کے بعد چیئرمین پاکستان والی بال فیڈریشن چوہدری محمد یعقوب نے کہا ہے کہ اللہ کا شکر ہے پاکستان والی بال نے کانسی کا تمغہ جیتا جس پر انکو اور فیڈریشن کو خوشی ہے انکا مزید کہنا ہے انکی ٹیم چاندی اور سونے کا تمغہ بھی جیت سکتی تھی لیکن ہر کھلاڑی ہر میچ میں سو فیصدی پرفارمنس نہیں دیتا اس لئے ٹیم کی پرفارمنس کو تسلی بخش قرار دیا جا سکتا ہے قومی والی بال ٹیم نے براون میڈل جیت کر قوم کو خوشی دی ہے۔ اس پر وہ تمام ٹیم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

پیاف کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ایک نجی ہوٹل میں منعقد

ہم نے بزنس کمیونٹی کی خدمت لاہور چیمبر میں رہ کر بھی کی ہے اور اپوزیشن میں رہ کر بھی کرتے رہیں گے، میاں انجم نثار

لاہور (کامرس رپورٹر) پیاف کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ایک نجی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ پیٹرن انچیف میاں انجم نثار کی زیر قیادت اجلاس میں سابق صدور لاہور چیمبر سمیت تمام عہدیداران نے مرکزی قیادت پر اعتماد کا اظہار کردیا۔ سیکرٹری پیاف عبدالصبور کے مطابق سابق صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل، وائس چیئرمین پیاف طاہر منظور چودھری، سابق صدور لاہور چیمبر محمد علی میاں و طاہر جاوید ملک نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر میاں انجم نثار نے کہا ہم نے بزنس کمیونٹی کی خدمت لاہور چیمبر میں رہ کر بھی کی ہے اور اپوزیشن میں رہ کر بھی کرتے رہیں گے۔ انجم نثار نے کہا پیاف مکمل طور پر فعال ہے تنظیم نو کریں گے اور پوری طاقت سے بزنس کمیونٹی کی خدمت کے سفر کو جاری رکھیں گے۔ لاہور چیمبر آف کامرس کے انتخابات کے بعد پیاف کی ایگزیکٹو کمیٹی اراکین کے اجلاس میں 200 سے زائد پیاف ایگزیکٹو کمیٹی ممبران نے شرکت کی اور اپنی اپنی تجاویز پیش کیں۔ پیٹرن انچیف پیاف میاں انجم نثار نے کہا لاہور چیمبر انتخابات کے بعد ہم۔ یہاں جمع ہوئے ہیں یہ انتخابات ہم ہارے نہیں بلکہ ہم سے چھینا گیا ہے۔ ان انتخابات میں بہت سی مداخلتیں سب کو نظر آئیں، جتنے بھی انتخابات ہوئے کبھی ایسا نہیں ہوا۔ ہم پیاف کی تنظیم نو کریں گے۔ مزید متحرک ہونگے جو خامیاں تھیں ان کو دور کریں گے۔ بہت سے انتخابات لڑے ہیں ہارے بھی ہیں لیکن یہ الیکشن ہم سے چھینے گئے ہیں زیادہ منظم اور متحرک ہو کر سامنے آئیں گے آئندہ انتخابات سے قبل متوازی ٹیمیں بنائیں گے تا کہ پیاف میں صرف ایک انجم نثار نہ ہو ایک ہی محمد علی میاں ایک ہی فہیم الرحمٰن سہگل نہ ہو۔ پیاف کو مزید متحرک کریں گے۔ حکومت کی غلط پالیسیوں پر آواز اٹھاتے رہیں گے۔ حکومت سٹیک ہولڈرز سے بھی مشاورت کرے، بزنس کمیونٹی سے مشاورت کرے۔ اس موقع پر چیئرمین پیاف و سابق صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل کا پیاف کے اجلاس سے خطاب میں کہا آج پوری پیاف متحد ہے تمام ایگزیکٹو ممبران پیاف میاں انجم نثار کی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں یہی ہماری جیت ہے۔ اگلے انتخابات میں ہم پوری محنت کیساتھ واپس آئیں گے۔ ہم نے لاہور چیمبر کے پلیٹ فارم سے بزنس کمیونٹی کی خدمت کی ہے گزشتہ کئی دہائیوں سے بزنس کمیونٹی کیلئے سڑکوں پر بھی آئے۔ پیاف میں ریفارمز کا سب سے بڑا حامی ہوں۔ اس موقع پر پوری پیاف ایگزیکٹو باڈی نے پیاف کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے میاں انجم نثار پر اعتماد کا اظہار کیا اور بھرپور محنت کے عزم کا اعادہ کیا۔

گروپ سی کے میچ میں لاہور ریجن وائٹس کا شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ

حسنین عباس ڈار نے بہترین بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 71 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی انڈر 19 ون ڈے کپ کے گروپ سی کے میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاڑکانہ ریجن کو 138 رنز کے واضح مارجن سے شکست دے دی۔ فراز کرکٹ گراؤنڈ سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں لاہور وائٹس کے بیٹرز نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کے بعد باؤلرز نے بھی عمدہ کارکردگی دکھاتے ہوئے لاڑکانہ ریجن کی پوری ٹیم کو ہدف تک پہنچنے سے قبل ہی پویلین واپس بھیج دیا۔ لاہور ریجن وائٹس نے ٹاس کے بعد پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 49.3 اوورز میں تمام وکٹوں کے نقصان پر 285 رنز کا مضبوط مجموعہ ترتیب دیا۔ حسنین عباس ڈار نے بہترین بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 71 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی، جبکہ پھول علی نے 44، علی احمد نے 37 اور تاج محمد نے 35 رنز بنا کر ٹیم کے مجموعے کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ لاڑکانہ ریجن کی جانب سے محرم علی نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ 285 رنز کے ہدف کے تعاقب میں لاڑکانہ ریجن کی بیٹنگ لائن لاہور وائٹس کے باؤلنگ اٹیک کے سامنے زیادہ دیر مزاحمت نہ کرسکی اور پوری ٹیم 147 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ لاڑکانہ کی جانب سے شاہ جہان 33 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ لاہور ریجن وائٹس کی جانب سے تاج محمد نے تباہ کن باؤلنگ کرتے ہوئے 4 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ حضرت علی نے دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ یوں لاہور وائٹس نے میچ میں 138 رنز کی فیصلہ کن کامیابی اپنے نام کرکے ٹورنامنٹ میں اپنی مضبوط موجودگی کا بھرپور اظہار کیا۔ بلے اور گیند دونوں سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تاج محمد اور حسنین عباس ڈار کو مشترکہ طور پر مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ میچ کے اختتام پر لاہور ریجن وائٹس کے ہیڈ کوچ عرفان فاضل نے صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کی جانب سے دونوں کھلاڑیوں کو نقد انعام بھی دیا۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے لاہور ریجن وائٹس کی شاندار کامیابی پر ٹیم کے کھلاڑیوں، ہیڈ کوچ عرفان فاضل اور سپورٹنگ اسٹاف کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ لاہور وائٹس کے کھلاڑیوں نے بہترین ٹیم ورک، نظم وضبط اور بھرپور جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاندار فتح حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حسنین عباس ڈار اور تاج محمد کی آل راؤنڈ کارکردگی قابلِ تعریف ہے۔

ایشین گیمز/ والی بال برانز میڈل جیت لیا

پاکستان والی بال ٹیم نے چین کو شکست دیکر برانز میڈل جیت لیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایشین گیمز/ والی بال برانز میڈل جیت لیا۔ پاکستان والی بال ٹیم نے چین کو شکست دیکر برانز میڈل جیت لیا۔ تیسری پوزیشن کے میچ میں پاکستان نے چین کو تین صفر سیٹ سے ہرا دیا۔ پاکستان کی فتح کا سکور پچیس اٹھارہ، پچیس سولہ اور پچیس اٹھارہ رہا ایشین گیمز میں پاکستان کے میڈلز کی تعداد دس ہوگئی۔ پاکستان نے ایونٹ میں دو سلور اور 8 برانز میڈل جیتے۔

میاں فضل حسین میموریل کینٹ زون ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ اپنے اختتامی مرحلے میں داخل ہوگیا ہے



لاہور (سپورٹس رپورٹر) میاں فضل حسین میموریل کینٹ زون ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ اپنے اختتامی مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، ٹورنامنٹ کے دوران کینٹ زون کے کلب کرکٹ کو ایک بہترین اور منظم پلیٹ فارم فراہم کیا گیا، جبکہ ٹیموں اور کلبز کی بھرپور شرکت نے اس ایونٹ کو ایک یادگار کرکٹ سرگرمی بنا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن عبدالماجد خان نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹ کینٹ زون میں کلب کرکٹ کے فروغ اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنے کے حوالے سے نہایت اہم ہے۔ عبدالماجد خان نے کہا کہ صدر غالب جھنجانہ کرکٹ کلب میاں حمزہ فضل نے صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کی خواہش پر اس ٹورنامنٹ کو اسپانسر کیا، جبکہ ٹورنامنٹ کو ان کے مرحوم والد فضل حسین سے منسوب کرنا ان کی کرکٹ سے محبت اور کھیل کے فروغ کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میاں فضل حسین میموریل ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں کینٹ زون کے 39 کرکٹ کلبز نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے میچز ناک آؤٹ بنیاد پر منعقد کیے گئے اور مسلسل سنسنی خیز مقابلوں کے بعد اب ایونٹ اپنے فیصلہ کن مرحلے میں پہنچ چکا ہے، جہاں صرف چند میچز باقی رہ گئے ہیں۔ چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی نے ٹورنامنٹ کے دوران کینٹ زون کے تمام کلبز کی جانب سے بہترین نظم وضبط، کھیلوں کے جذبے اور مثبت ماحول کو برقرار رکھنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ کلبز کی بھرپور شرکت اور باہمی تعاون نے ٹورنامنٹ کو کامیاب بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ عبدالماجد خان نے ٹورنامنٹ کے لیے بہترین گراؤنڈز اور سہولیات فراہم کرنے پر جلو اسٹیڈیم، مانگا کرکٹ گراؤنڈ، نیو اتفاق فیصل ٹاؤن کرکٹ گراؤنڈ، ٹاؤن شپ گریز اور علیم ڈار اکیڈمی گراؤنڈ کی انتظامیہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ معیاری کرکٹ کے انعقاد کے لیے گراؤنڈز کی دستیابی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد اور صدر کینٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن مشہود حسین شیرازی کو خراج تحسین پیش کیا۔

دوسری کوآپریٹو فرینڈز کرکٹ لیگ میں مزید دو میچز کا فیصلہ ہوگیا

گزشتہ روز کھیلے گئے میچز میں اے جی آفس نے ایف بی آر کو 57 رن سے شکست دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) دوسری کوآپریٹو فرینڈز کرکٹ لیگ میں مزید دو میچز کا فیصلہ ہو گیا اے جی آفس اور نووا میڈ نے اپنے میچز جیت لیے، گزشتہ روز کھیلے گئے میچز میں اے جی آفس نے ایف بی آر کو 57 رن سے شکست دی۔ اے جی آفس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 182 رنز 7 وکٹوں کے نقصان پر بنائے چوہدری قمر 71 ماجد علی 38 شانی شاہ نے 17 رنز بنائے ایف بی آر کی جانب سے امتیاز شاہ، یاری خان اور ذوالفقار نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ایف بی آر کی ٹیم 125 رنز 7 وکٹ کے نقصان پر بنا سکی۔ محمد فیضان 22 محمد آصف 20 سلیم نے 19 رنز بنائے۔ اے جی آفس کی جانب سے قاسم ملک اور چوہدری قمر نے دو 2 ثاقب نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ چوہدری قمر کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ کھیلے گئے دوسرے میچ میں نووا میڈ نے ایم پی کے موور پاکستان کو 54 رنز سے شکست دی نووا میڈ نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 129 رنز نو وکٹوں کے نقصان پر بنائے یاسر علی 26 اعجاز 23 ابراہیم ملک نے 22 رنز بنائے۔ ایم پی کے موور پاکستان کی جانب سے عادل اکرم نے تین ریاض گیلانی اور محسن نے 2 دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جواب میں ایم پی کے موور پاکستان صرف 75 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی محسن 15 احسن زکی 14 عمران سرفراز نے 10 رنز بنائے نووا میڈ کی جانب سے اویس اور عمر طاہر نے 3 تین ابراہیم ملک نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا اویس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا یہ میچ میں اتفاق کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے۔

راولپنڈی: ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاک چین دوستی باہمی احترام، اعتماد، امن و ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے

یوسف رضا گیلانی

کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں، 2026 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہورہے ہیں

ادب، تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور ثقافت کے شعبوں میں روابط اور تبادلوں کو مزید فروغ دیا جانا چاہیے، تاکہ دونوں عظیم تہذیبیں خیالات، علم اور انسانی فہم وادراک کے ذریعے ایک دوسرے سے مزید قریب آسکیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی اعتماد، باہمی احترام، باہمی تعاون اور امن و ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے، کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے یہ بات چائنا انٹرنیشنل کنفیوشس کلچر فیسٹیول کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں کہی۔ یہ فیسٹیول چین کے تاریخی شہر قوفو میں منعقد ہوا، جو عظیم مفکر اور فلسفی کنفیوشس کا آبائی شہر ہے۔ اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے فیسٹیول میں شریک شرکا، دانشوروں اور معزز مہمانوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 32)

FREE
PALESTINE

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان شہرِ قائد میں کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے

پی ٹی آئی خود کو دہشت گردی کی سہولت کار ثابت کر رہی ہے، گورنر کے پی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت نے سیکیورٹی سے متعلق وعدوں سے پسپائی اختیار کی، فیصل کریم کنڈی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت نے سیکیورٹی سے متعلق وعدوں سے پسپائی اختیار کی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی خود کو دہشت گردی کی سہولت کاری کرنے والی جماعت کے طور پر بے نقاب کر رہی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی کے اقدامات اور بار بار سمجھوتوں پر سنگین سوالات اٹھتے ہیں، سوال ہے کیا پی ٹی آئی دہشت گردوں کے آزادانہ آپریشن کے ماحول کی سہولت کاری کررہی ہے؟ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کی ذمہ داری قبول کرنے کے بجائے سیکیورٹی وعدوں سے پیچھے ہٹنے کا راستہ اختیار کیا، صوبائی حکومت کو اپنے عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح بنانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صوبائی حکومت نے سیکیورٹی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

کراچی ایئرپورٹ پر خاتون مسافر سے 42 ہزار سے زائد امریکی ڈالر برآمد، مبینہ غلط ڈیکلریشن پر کرنسی ضبط، مقدمہ درج

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کسٹمز نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے غیرملکی کرنسی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ حکام کے مطابق امارات ایئرلائن کی پروازای کے 601 کے ذریعے دبئی جانے والی ایک خاتون مسافر سے 42 ہزار 728 امریکی ڈالر کے مساوی غیرملکی کرنسی برآمد کرلی گئی۔ کسٹمز حکام کے مطابق مذکورہ خاتون مسافر نے کرنسی سے متعلق غلط بیانی اور غلط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

قومی شاہراہ پر خوفناک حادثہ، ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

نوشہروفیروز (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی شاہراہ پر خوفناک ٹریفک حادثے میں کار میں سوار ایک ہی خاندان کے پانچ افراد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

خیبر پختونخوا حکومت کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، زاہد خان

خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، سینئر سیاستدان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینئر سیاستدان سینیٹر زاہد خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، اس کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، کابل کے تارنئی دہلی سے ملتے ہیں۔ اپنے ایک پیغام میں زاہد خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے دھاگے کابل سے ملتے ہیں، ایسی صورتحال میں مذاکرات کیسے کامیاب ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اوراس کے اتحادی فراخ دلی کے ساتھ 12 گھنٹے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھے، پی ٹی آئی کی موجودہ ٹیم بھی مذاکرات کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

سوراب، خضدار اور وڈھ میں قومی شاہراہ پر احتجاج کے خلاف دفعہ 144 نافذ

قومی شاہراہوں پر بلاتعطل آمدورفت یقینی بنانا حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان حکومت نے سوراب، خضدار اور وڈھ میں قومی شاہراہ پر احتجاج، دھرنوں اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ڈالنے کے خلاف 3 ماہ کے لیے دفعہ 144 نافذ کردی۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق قومی شاہراہوں پر بلاتعطل آمدورفت یقینی بنانا حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ این 25 شاہراہ کی بندش سے مریضوں، مسافروں، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوامی مشکلات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ بابر یوسفزئی نے بتایا کہ متعلقہ ضلعی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

آزاد جموں وکشمیر کے کالعدم فسادی جتھے سے 8 ارکان کا اعلان لاتعلقی

ہٹیاں بالا (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد جموں وکشمیر کے امن دشمن کالعدم فسادی جتھے سے 8 ارکان نے لاتعلقی کا اعلان کردیا۔ ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا میں پریس کانفرنس کے دوران (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

معاشی وسیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے، نیئر حسین بخاری

ایبٹ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ ملکی سیاسی کشیدگی کے معیشت پر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

شازیہ مری کا دہشتگردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور

خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے

دہشتگردی پر قابو نہ پایا گیا تو اثرات پورے ملک بشمول کراچی تک پھیل سکتے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

پاکستان کی سلامتی، جمہوریت اور تمام صوبوں کے مفاد میں سیاسی مذاکرات کی کامیابی ناگزیر ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مرکزی ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے دہشتگردی کے خلاف قومی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، دہشتگردی پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے اثرات پورے ملک بشمول کراچی تک پھیل سکتے ہیں۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ کراچی منی پاکستان ہے، ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے اثرات کراچی تک پہنچتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، دہشتگردی پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے اثرات پورے ملک بشمول کراچی تک پھیل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو ہر فورم پر باور کراچکے ہیں کہ دہشتگردی پیپلز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کی 9 سڑکوں کی ترقیاتی سکیمیں سی اینڈ ڈبلیو کو منتقل

بڑے ڈویلپمنٹ فنڈ پر میونسپل کارپوریشن کا کردار انتظامی منظوری کے بعد فنڈز منتقل کرنے تک محدود رہ گیا

شہریوں کا خستہ حال سڑکوں کو نظر انداز کرکے بہتر سڑکوں کی تعمیر پر تشویش کا اظہار ہے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کارپوریشن نے 9 سڑکوں کی ترقیاتی سکیمیں اور فنڈز سی اینڈ ڈبلیو کو منتقل کرنے کی انتظامی منظوری دیدی۔ تفصیلات کے مطابق ورک آرڈر جاری ہونے پر میونسپل کارپوریشن کے ایک ارب 67 کروڑ 76 لاکھ روپے کے فنڈز بھی سی اینڈ ڈبلیو کو منتقل کیے جائیں گے، سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے ٹینڈر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے تحت جاری کردیئے گئے، میونسپل کارپوریشن سی بی اے یونین نے فیصلے کی مخالفت کردی۔ صدر سی بی اے یونین ہارون رشید نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کی سکیمیں فنڈز سی اینڈ ڈبلیو کو منتقل نہیں ہونے دینگے۔ بڑے ڈویلپمنٹ فنڈ پر میونسپل کارپوریشن کا کردار انتظامی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

بلوچستان کے 10 نوجوانوں کو ہر سال دنیا کی ممتاز جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس دینے کا اعلان

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت بلوچستان نے دنیا بھر کی 100 سے زائد جامعات میں پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کے لیے امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت بیرونِ ملک پی ایچ ڈی اسکالرشپس کا اعلان کیا گیا ہے۔ حکومت بلوچستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

آزاد کشمیر، 8 افراد کا کالعدم جتھے سے لاتعلقی کا اعلان

عوام انتشار پسند عناصر اور کالعدم ایکشن کمیٹی کی منفی سرگرمیوں کو مسترد کرتے ہوئے امن، استحکام اور ریاستی نظم کے ساتھ کھڑے ہیں

مظفرآباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد کشمیر حکومت کی جانب سے کالعدم قرار دی گئی جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی (جے اے اے سی) کے 8 فعال ارکان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے مستقل طور پر تنظیم سے لاتعلقی کا اعلان کردیا۔ پریس کلب ہٹیاں بالا میں لاتعلقی کا اعلان کرنے والوں میں راجا عبدالقادر، وقار انجم یوسفزئی، وحید کیانی، راجا جلیل، یاسر صدیق کیانی، شاہد حامد عباسی، جمشید کیانی اور راجا نسیم کیانی شامل ہیں۔ اس موقع پر آٹھوں ارکان نے پاکستان اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ کالعدم تنظیموں سے دور رہیں اور کسی بھی اشتعال انگیز سرگرمی کا حصہ نہ بنیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

مذاکراتی کمیٹی کو بھیجے ڈرافٹ میں کوئی مطالبہ غیرآئینی نہیں، سہیل آفریدی

سہیل آفریدی حکومت کے ساتھ مذاکرات کا 7 نکاتی ڈرافٹ سامنے لے آئے، سہیل آفریدی نے مسودہ جاری کردیا

ہمارے ساتھ ریاست پر قابض لوگ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی حکومت کے ساتھ مذاکرات کا سات نکاتی ڈرافٹ منظر عام پر لے آئے۔ سوشل میڈیا پر ڈرافٹ شیئر کرتے ہوئے سہیل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

سی ڈی اے اور اسلام آباد انتظامیہ کی جانب سے صاف، محفوظ اور ماحول دوست اسلام آباد کیلئے ''پلاسٹک فری اسلام آباد'' اقدام کا آغاز کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور چیرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایات پر اسلام آباد انتظامیہ انتظامیہ، ایڈیشنل کمشنر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے پاکستان بیت المال کے ایم ڈی ملاقات کرتے ہوئے

افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کی طالبان رجیم کیخلاف 68 کارروائیاں، 102 اہلکار ہلاک

کابل (اے ایف پی) ستمبر کے مہینے میں افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کی جانب سے طالبان رجیم کے خلاف 68 کارروائیاں کی گئیں جن میں 102 اہلکار ہلاک جبکہ 48 زخمی ہوئے۔ افغانستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے کھیلوں کے شعبے میں اہم پیشرفت

ڈریگن فورس اکیڈمی کا قیام پاکستان ریجنل اکنامک فورم اور ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کا مظہر ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی فٹبال کلب ایف سی پورٹو اور سیالکوٹ فٹبال اکیڈمی کے اشتراک سے ڈریگن فورس فٹبال اکیڈمی قائم کی گئی ہے۔ ایف سی پورٹو پرتگال کا مشہور فٹبال کلب ہے جس کا شمار یورپ کے بڑے کلبوں میں ہوتا ہے، ڈریگن فورس اکیڈمی کا قیام پاکستان ریجنل اکنامک فورم اور ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کا مظہر ہے۔ پرتگال کے معروف فٹبال کلب سے منسلک یہ اقدام نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی معیار کے تربیتی تجربات فراہم کریگا۔ اکیڈمی کے ذریعے پاکستانی نوجوان فٹبالرز کو جدید تربیت، بین الاقوامی تجربے اور عالمی فٹبال تک رسائی کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔

شیری رحمان کا رات بھر حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات کی کوریج کرنے والے پارلیمانی رپورٹرز، کیمرہ مینز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے رات بھر حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات کی کوریج کرنے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد: وزارت اطلاعات ونشریات اور ڈی جی اے کے باہمی اشتراک کے اسلام آباد میں یادگار فتح کی رونمائی تقریب کے موقع پر چاچا کرکٹ پرجوش انداز میں پاکستانی پرچم لہرا رہا ہے

لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الحق ایگزیکٹو کمیٹی ناردن زون کے اراکین ملاقات کررہے ہیں

ملک بھر میں 257 کارروائیوں میں 700 حوثی جنگجو مارے گئے، یمنی فوج

حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں، نقل و حرکت اور عسکری صلاحیتوں کے خلاف 257 درست اہداف پر کارروائیاں کیں، ترجمان

ان کارروائیوں میں صنعا، میدی، باقم، الجوف، مرب، البیضا اور لحج کے محاذ شامل تھے جن میں آپریشنل توجہ کا مرکز تعز کے محاذ تھے

صنعا (فارن ڈیسک) یمنی مسلح افواج نے بتایا ہے کہ اس نے جنگی طیاروں، ڈرون طیاروں، توپ خانے، میزائلوں اور راکٹ لانچروں کا استعمال کرتے ہوئے حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں، نقل وحرکت اور عسکری صلاحیتوں کے خلاف 257 درست اہداف پر کارروائیاں کی ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی مسلح افواج کے سرکاری ترجمان کرنل رائل ماجد النزیلی نے واضح کیا کہ ان کارروائیوں میں صنعا، میدی، باقم، الجوف، مرب، البیضا اور لحج کے محاذ شامل تھے جن میں آپریشنل توجہ کا مرکز تعز کے محاذ تھے جہاں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز، کیمپوں، بھرتیوں کے مراکز، عسکری ذخائر، اسلحہ و گولہ بارود کے گوداموں اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

عمران خان سے ملاقات کے بغیر لانگ مارچ کال آف کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، حلیم عادل شیخ

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ مذاکرات میں 3 بنیادی نکات پر ڈیڈلاک ہوا، عمران خان سے ملاقات کے بغیر لانگ مارچ کال (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق تین پاکستانیوں کی میتیں اور چار زخمی کراچی پہنچ گئے

میتیں اور زخمی اہل خانہ کے حوالے، گورنر نہال ہاشمی، ناصر حسین شاہ، وقار مہدی، فاروق ستار اور وسیم اختر بھی موجود

کراچی (بیورو رپورٹ) صومالی قزاقوں کے ہاتھوں جاں بحق تین پاکستانیوں کی میتیں اور چار زخمیوں کو ایتھوپین ایئرلائن لے کر کراچی ایئرپورٹ پہنچ گئی۔ ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز ET-694 کے ذریعے زخمی اور میتیں کراچی ایئرپورٹ پہنچیں، زخمیوں میں عثمان غنی، عقیل خان، امین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

سرکاری نرخنامے میں برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کمی

طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے 30 سے 40 روپے زائد قیمت پر فروخت

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 7 روپے کمی سے 483 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کمی سے 333 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر طلب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

بھارت میں عیسائی نام اور شناختی کارڈ نمبر درج کرکے تصدیق کے بعد عبادت پر مجبور ہوچکے ہیں، رپورٹ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی حکومت میں مسلسل اقلیتوں کے حقوق کی پامالی کے باعث مذہبی آزادی کو شدید بحران کا سامنا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارہ کے مطابق بھارت میں اقلیت مخالف قانون کے ذریعے عیسائیوں کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

پاکستان کی عالمی ماحولیاتی کارکردگی انڈیکس میں 22 درجے بہتری، 157 واں نمبر

پاکستان نے 177 ممالک کی فہرست میں مجموعی طور پر 29.03 اسکور حاصل کیا ہے' رپورٹ

لاہور، راولپنڈی کی ہوا مزید زہریلی، ماحولیاتی رینکنگ میں بہتری کے باوجود ایئر کوالٹی انتہائی تشویشناک

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے سال 2026 کے عالمی ماحولیاتی کارکردگی انڈیکس میں 22 درجے کی بہتری کے ساتھ 157 واں نمبر حاصل کرلیا ہے تاہم ایئر کوالٹی کا اسکور محض 7.54 رہنے کے باعث ملک میں فضائی آلودگی کی صورتحال بدستور انتہائی تشویشناک ہے۔ جاری کردہ انوائرمنٹل پرفارمنس انڈیکس برائے سال 2026 کی رپورٹ کے مطابق پاکستان نے 177 ممالک کی فہرست میں مجموعی طور پر 29.03 اسکور حاصل کیا ہے۔ اس فہرست میں ماحولیاتی صحت میں پاکستان کا اسکور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

لاہور میں ایگری کنیکشنز 2026 کانفرنس اور ایکسپو کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی فعال سہولت کاری سے لاہور میں ایگری کنیکشنز 2026 کانفرنس اور ایکسپو کا انعقاد کیا گیا۔ جس نے زرعی شعبے میں جدت اور شراکت داری کے فروغ اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

خلیفہ کوآپریٹو جیٹی کا پالیسی فریم ورک حکومت بلوچستان کے حوالے

BFCU نے پائیدار ماہی گیری اور ماہی گیروں کی فلاح کے لیے جامع سفارشات پیش کردیں

گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین (BFCU) لمیٹڈ، پسنی نے "بلوچستان پائیدار ماہی گیری و آبی زراعت پالیسی 2025 تا 2035" کے تحت خلیفہ کوآپریٹو جیٹی کا جامع پالیسی فریم ورک حکومت بلوچستان کے حوالے کر دیا ہے۔ گوادر میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کے دوران BFCU کے ڈائریکٹر عزیز اسماعیل بلوچ نے یونین کے ایڈمنسٹریٹر سردار صابر قاسمی کی جانب سے سوسائٹیز کی بحالی اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود پر مشتمل یہ پالیسی دستاویز قائمہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

خیبر پختونخوا حکومت کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، زاہد خان

خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، سینئر سیاستدان

مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی کی ٹیم بات مان چکی تھی، اس کے باوجود مذاکرات ناکام ہوگئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینئر سیاستدان سینیٹر زاہد خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، اس کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں جبکہ کابل کے تارنئی دہلی سے ملتے ہیں۔ پنے ایک پیغام میں زاہد خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے دھاگے کابل سے ملتے ہیں، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

سابق ڈی جی ایف آئی اے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر (آج) سماعت

لاہور (کورٹ رپورٹر) سابق ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت آج (پیر) کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، سعد رفیق

پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، گفتگو

صوبوں کی تقسیم سے پہلے ایسی پارلیمنٹ ضروری ہے جس پر سوال نہ اٹھے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، پی ٹی آئی دھرنا موخر کردے حکومت مذاکرات کے لیے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی۔ اپنے حلقے کے دورے کے دوران نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے، پی ٹی آئی کو فی الحال دھرنا مخر کردینا چاہیے، حکومت مذاکرات کیلئے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی، پی ٹی آئی مطالبات کیلئے واضح مینڈیٹ کے ساتھ مذاکرات کرے۔ سعد رفیق نے کہا کہ سیاسی اختلافات کو ملک میں تقسیم کا سبب نہیں بننا چاہیے، دہشت گردی سے شہری متاثر ہیں، موجودہ حالات میں اتحاد ضروری ہے، بلدیاتی نمائندوں کو صرف عہدے نہیں مکمل اختیارات بھی دینا ہوں گے، میئر، ناظم اور کونسلرز کو اپنے علاقوں میں کام کا اختیار ہو۔ انہوں ں ے کہا کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، صوبوں کی تقسیم سے پہلے ایسی پارلیمنٹ ضروری ہے جس پر سوال نہ اٹھے۔

مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ ہماری ریڈ لائن ہیں، حرمت وسلامتی پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا' ضیاء اللہ شاہ بخاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان کے امیر ڈاکٹر علامہ سید ضیا اللہ شاہ بخاری نے سعودی عرب کے شہری علاقوں اور اہم تنصیبات پر حوثی ملیشیاء کے میزائل و ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

آرگینک پیداوار کیلئے خصوصی کلسٹرز قائم کرکے اسٹیک ہولڈرز کو مربوط نظام دیا جائے' نجم مزاری

کراچی /لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ پاکستان کو عالمی سطح پر تیزی سے وسعت اختیار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

آل پاکستان انجمن تاجران کی سعودی عرب پر حوثی ملیشیاء کے حملوں کی مذمت

سعودی عرب کو نشانہ بنانا قابل تشویش، خطے کے امن کیلئے خطرناک ہے' صدر اشرف بھٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے سعودی عرب پر حوثی ملیشیاء کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل تشویش اور خطے کے امن کیلئے خطرناک ہے، سعودی عرب پاکستان کا برادر اسلامی ملک ہے اور پاکستانی عوام سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حوثی حملوں کی مذمت کا اظہار قومی جذبات کی عکاسی کرتا ہے۔ حوثی ملیشیا کو ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جو خطے میں کشیدگی اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

پنجاب بار کونسل کا دنیا کے مختلف ممالک کی قانونی برادری سے روابط بڑھانے کا فیصلہ

نئی عمارت کی تعمیر، طبی سہولیات میں اضافے، گروپ انشورنس، مہنگے امراض کے علاج کیلئے بجٹ مختص کرنے کی منظوری

وکلاء کے حقوق کا تحفظ، جمہوریت کا فروغ، انصاف کی فراہمی اولین ہے' سینئر وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے جنرل ہاؤس کے اجلاس میں وکلاء کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ مسائل کے حل، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور بار کونسل کے انتظامی امور سے متعلق متعدد اہم قراردادیں منظور کر لی گئیں جبکہ پنجاب بار کونسل سے ملحقہ پلاٹ پر نئی عمارت کی تعمیر، وکلاء اور ان کے اہل خانہ کیلئے طبی سہولیات میں اضافے، گروپ انشورنس، موذی و مہنگے امراض کے علاج کیلئے سہولیات اور بجٹ مختص کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ پنجاب بار کونسل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ لاہور چیمبر کے نومنتخب صدر علی حسام اصغر سے ملاقات کرتے ہوئے

''اسکلڈ ورک فورس ایکسپورٹ پالیسی'' تشکیل دی جائے' پبلک ایکشن فورم

ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن کو تعلیمی نظام کا بنیادی حصہ بنایا جائے' چیئرمین آصف سلیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) پبلک ایکشن فورم پاکستان کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا نے مطالبہ کیا ہے کہ سکول، کالج اور یونیورسٹی کی سطح پر تعلیمی نصاب کو جدید عالمی تقاضوں اور روزگار کی بدلتی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جائے، محض ڈگریوں کے حصول کے بجائے طلبہ کو عملی، فنی، ڈیجیٹل اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن کو تعلیمی نظام کا بنیادی حصہ بنایا جائے اور صنعت کی ضروریات کے مطابق نئے کورسز متعارف کرائے جائیں۔ پاکستان کو صرف لیبر ایکسپورٹ کرنے کے بجائے ہنرمند افرادی قوت ایکسپورٹ کرنے کی پالیسی اپنانا ہوگی تاکہ نوجوان عالمی منڈی میں زیادہ آمدن والے روزگار حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر 2024 میں سکلڈ لیبر مائیگریشن کی مارکیٹ اندازاً 1,462 ارب ڈالر رہی جو پاکستان کے لیے وسیع مواقع کی نشاندہی کرتی ہے۔ عالمی منڈی میں طلب کے مطابق سرٹیفکیشن، زبان، جدید ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

کاروباری ماڈل پر نظرثانی، ویلیو چین سسٹم کو عالمی رجحان کے مطابق بہتر کرنے ہوگا' اعجاز الرحمٰن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کے کاروباری ماڈل پر نظرثانی اور ویلیو چین سسٹم کو عالمی رجحان کے مطابق بہتر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ منظم ویلیو چین کے ذریعے کم منافع اور غیر مربوط کاروباری طریقہ کار کو پائیدار اور زیادہ منافع بخش عالمی کاروبار میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

ہائیکورٹ میں (آج) سے 11 ڈویژن، 28 سنگل بنچز کیسز کی سماعت کرینگے

جسٹس خالد اسحاق کی سربراہی میں دو رکنی بنچ ٹیکس ریفرنسز اور بینکنگ اپیلوں پر سماعت کرے گا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں آج (پیر) سے 11 ڈویژن جبکہ 28 سنگل بنچز کیسز کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ تمام نوعیت کی اپیلوں، جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ بینکنگ اور کمرشل اپیلوں، جسٹس شہباز رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نیب اور دہشتگردی کیسز، جسٹس فیصل زمان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول اپیلوں، جسٹس شہرام سرور چوہدری کی سربراہی میں دو رکنی بنچ قتل سمیت فوجداری اپیلوں پر سماعت کرے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

عبقری ٹرسٹ کے زیر اہتمام مفت دسترخوان کا سلسلہ جاری ہے' حکیم طارق محمود چغتائی

سینکڑوں مستحق خاندانوں کی معقول مالی معاونت، تعلیمی وظائف، جہیز کا بھی انتظام کیا جاتا ہے' میڈیا سے گفتگو

معاشرے کے دیگر صاحب حیثیت افراد کو بھی مستحق اور غریب لوگوں کی مدد کے لیے آگے آنا چاہیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سماجی شخصیت حکیم محمد طارق محمود چغتائی نے کہا ہے کہ عبقری ٹرسٹ کے زیر اہتمام گزشتہ کئی برس سے مستحق افراد اور محنت کشوں کے لیے روزانہ مفت دسترخوان کا سلسلہ جاری ہے جبکہ اس کے ساتھ دیگر امدادی پروگراموں کو بھی آگے بڑھایا جارہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حکیم محمد طارق محمود چغتائی نے کہا کہ ان کی ٹیم دکھی انسانیت کی خدمت اور مستحق افراد کی مدد کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ الحمدللہ ہر ماہ سینکڑوں مستحق خاندانوں کو ان کے گھروں میں معقول مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے جبکہ بچوں کے تعلیمی وظائف اور مستحق بچیوں کے جہیز کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستحق افراد کے لیے کھانے کے علاوہ موسم کی مناسبت سے مشروبات کی فراہمی کا سلسلہ بھی جاری ہے، گرمیوں میں ٹھنڈے مشروبات جبکہ سردیوں میں گرم مشروب فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ ضرورتمند افراد کو سہولت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

مسائل کے باوجود 57 لاکھ سے زائد گوشواروں کا جمع ہونا حوصلہ افزا ہے' ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ ایف بی آر کے سسٹم کی سست روی اور تکنیکی مسائل کا شکار ہونے کے باوجود (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

گندم کے بیج کی فراہمی جلد شروع، مناسب نرخ رکھے جائیں گے' پنجاب سیڈ کارپوریشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ کسانوں کو گندم کے معیاری اور تصدیق شدہ بیج کی فراہمی کا آغاز جلد کر دیا جائے گا، کاشتکاروں کو معیاری بیج کی فراہمی کیلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کئے جا رہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

ہمارا سب سے پہلا مطالبہ عمران خان سے ملاقات ہے، اسد قیصر

خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن صوبہ ہے

خیبر پختونخوا اپنے محدود وسائل کے باوجود دہشت گردی کے خلاف اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہے

صوابی (سی ایم لنکس) پی ٹی آئی رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے واضح کیا ہے کہ ہمارا سب سے پہلا مطالبہ عمران خان سے ملاقات ہے، جس کے بارے میں حکومت کی طرف سے واضح یقین دہانی نہیں کروائی گئی۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا فرنٹ لائن صوبہ ہے، گزشتہ کئی برس کے دوران یہاں پولیس، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں نے عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے اپنی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

حکومت نے جان بوجھ کر مذاکرات کو ناکام بنایا، شوکت یوسفزئی

اب حالات خراب ہوئے تو ذمہ داری حکومت پر ہوگی پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج سے حالات مزید خراب ہوں گے

ملک قرضوں میں ڈوبا ہے، عوام پریشان ہیں لیکن حکمرانوں کو پرواہ ہی نہیں ہے، رہنما پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت نے مذاکرات میں ڈیڈلاک پیدا کرکے مایوس کیا، اب حالات خراب ہوئے تو ذمہ دار حکومت ہوگی۔ اپنے بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ملک کو دلدل سے نکالنے کے لیے حکومت کو لچک دکھانی چاہیے تھی لیکن حکومت نے ڈیڈلاک پیدا کرکے مایوس کیا، حکومت کے پاس ملک کو دہشت گردی اور معاشی مشکلات سے نکالنے کے لیے کوئی حکمت عملی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضد اور انا سے ملک نہیں چلتے، حکمران ہوش کے ناخن لیں، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج سے حالات مزید خراب ہوں گے، ملک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

جامعہ نعیمیہ کا دینی طلبہ کیلئے جدید اسلامی بینکنگ کورسز شروع کرنے کا اعلان

دینی تعلیم کے ساتھ عصری معاشی علوم سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

طلبہ کو اسلامی بینکاری کے شرعی پہلوؤں سے روشناس کرایا جائے گا' چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (سٹاف رپورٹر) جامعہ نعیمیہ نے دینی طلبہ کیلئے جدید اسلامی بینکنگ کورسز شروع کرنے کا اعلان کردیا۔ دینی طلبہ کو اسلامی مالیاتی نظام کی جدید اور عملی تربیت دی جائے گی۔ اسلامی بینکاری میں شریعہ کمپلائنس اور جدید مالیاتی معاملات کی تربیت دی جائے گی۔ دینی طلبہ کو اسلامی بینکاری کے عملی اور شرعی پہلوؤں سے روشناس کرایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ و چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے جامعہ نعیمیہ میں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی تعلیم کے ساتھ عصری معاشی علوم سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسلامی بینکاری تیزی سے ترقی کرتی ہوئی صنعت ہے، جس میں شریعہ کے اصولوں اور جدید مالیاتی نظام دونوں کو سمجھنے والے ماہرین کی ضرورت بڑھ رہی ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

لاہور: متحدہ آل راجپوت کونسل آف پاکستان کے زیر اہتمام پی ایس سی سے سپریڈنٹ ریٹائرڈ ہونے پر رانا محمد اقبال کے اعزاز میں دیئے گئے ڈنر کے موقع پر رانا اکبر سابق ایم این اے لٹیین سوہل کا گروپ فوٹو

لاہور: والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی اور لاہور رنرز کلب کے اشتراک سے منعقدہ لاہور ہیریٹیج رن کے تیسرے ایڈیشن کے شرکاء وارم اپ ہورہے ہیں

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com